الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

الحمد للہ والمنۃ کہ درین زمان برکت اقتران کتاب

مستطاب ہادی الاتقیاء اعنی

لباب الانوار مع تکملہ

جناب مولانا مولوی شاہ خلیل الرحمن صاحب

حسب فرمائش جناب مولوی اصغر علی صاحب ... بلرامپوری

باہتمام قمر الدین بن حاجی محمد یعقوب صاحب مرحوم

در مطبع صوفی واقع کانپور محلہ پٹکاپور طبع گردید

Www.MadaariMedia.Com

MADAARI MEDIA

دم مدار بیڑا پار

The Silsila e Aaliya Madaariya Social Platform

سلسلۂ مداریہ کے بزرگوں کی سیرت و سوانح

سلسلۂ عالیہ مداریہ سے متعلق کتابیں

سلسلۂ مداریہ کے علماء کے مضامین تحریرات

سلسلۂ مداریہ کے شعراء اکرام کے کلام

حاصل کرنے کے لئے اس ویب سائیٹ پر جایئے

www.MadaariMedia.com

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

Authority : Ghulam Farid Haidari Madaari

مین بہت مناسب سمجھتا ہون کہ اس رسالے کے ماخذون کو ذکر کر دون کیونکہ ناظرین
اگر کہین خطا پاوین تو کتابون سے ملا کر تصحیح کر لیوین اور عیب کو دامان عفو
سے چھپاوین اور فقیر کے حق مین دعای خیر فرماوین اب مین دوسری مرتبہ ملک
ہندوستان مین سنہ ۱۳۲۰ھ ہجری ماہ ربیع الاول مطابق سنہ ۱۳۰۹ بنگلہ ماہ اساڑھ مین
واسطے زیارت مخدوم عالم غریب نواز سلطان ہند خواجہ معین الدین چشتی و حضرت
قیوم ربانی شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی و بابا علاؤالدین علی احمد صابر و محبوب
الٰہی سلطان نظام الدین اولیا وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین کے آیا ہون اور آستان
بوسی کو حاضر ہوا ہون اور یہ کتاب انوار الاولیاء فی طریق الاصفیا معہ توشۂ خلیل
واسطے طبع کے دیدی امید قوی ہے کہ خداوند تعالیٰ بطفیل پیران طریقت اس کتاب
کو مقبول کرے تو کہ توشۂ آخرت بنجائے یادگاری فقیر رہجائے آمین ثم آمین۔

نویسندہ را نیست فردا امید	نوشتہ بماند سیہ بر سفید

اسمای ماخذ کتاب ہذا

نفحات الانس۔ صحیح مسلم۔ صحیح بخاری۔ مظاہر حق۔ مشکوۃ شریف۔ ابوداؤد
مجمع البحار۔ شامی۔ مائۃ مسائل۔ سیرت حلبی۔ احیاء العلوم۔ عالمگیری۔ درمختار
نہر الفائق شرح کنز الدقائق۔ صراط مستقیم۔ انسان العیون۔ سوالات عشرہ
فتوی قنیہ۔ رحمۃ الامۃ۔ شمس العارفین۔ مجالس الابرار۔ تفسیر روح البیان
مثنوی مولانا روم۔ راحت القلوب۔ صراح۔ انسان کامل۔ شفاء السقام۔ فتوی ابن حجر
مدخل۔ فتوے خیریہ۔ کشف الاحجاب۔ انہار المفاخر فی مناقب عبد القادر۔ حقیقۃ
الحقائق۔ جواہر غیبی۔ اشعات۔ رسالۂ قشیریہ۔ اخبار الاخیار۔ شرح فتوح
الغیب۔ ملفوظات قاضی شہاب الدین ملک العلماء۔ بدور سافرہ۔ فیض عام
وسیلۂ جلیلہ۔ قرۃ العیون۔ جذب القلوب۔ مدارج النبوۃ۔ نور علی نور

اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ۔ کشف الغطاء۔ مرآۃ الحق۔ مرقعہ کلیمی بہجۃ الاسرار۔ مرآۃ الجنان۔ طبقات القرٰے۔ احسن التواریخ۔ تالیف قلب الالیف۔ ماثبت بالسنۃ۔ صفوۃ الصفوۃ۔ تذکرۃ الاولیاء۔ الروض الزاہر الروض الناظر۔ نزہۃ الخواطر۔ الدر المفاخر۔ قلائد الجواہر۔ زبدۃ الآثار۔ تحفہ قادریہ۔ نثر الجواہر۔ فتح العزیز۔ شرح بخاری ابن حجر۔ بیضاوی۔ نصوص الخصوص فی شرح الفصوص۔ مخزن۔ سفینۃ الاولیاء۔ حدیقۃ الاولیاء۔ رشحات۔ سبع سنابل۔ شرح منبج۔ نفحات القرب الاتصال۔ سفینۃ النجا لاہل التجاء۔ توضیح الہدیٰ باعمال التقی۔ حجۃ اللہ البالغہ۔ الطاف قدس مکتوبات امام ربانی۔ بحر العلوم شرح مثنوی۔ الخیر الدال۔ علی وجود القطب والاوتاد۔ عقود الجمان فی مناقب ابی حنیفۃ النعمان۔ المشہ۔ نعمۃ النبویہ فی الفضائل العاشورہ۔ مقامات مظہری۔ معمولات مظہری۔ در المعارف مقامات امام ربانی۔ عقائد الاسلام۔ زاد التقوی۔ ظہور الحق۔ ہدایہ تحفہ اکبر۔ ضیاء القلوب۔ کلیات امدادیہ زبدۃ النصائح۔ الدر المنظم مجمع الفتوی۔ فتوی عزیزیہ۔ مغازی الصادقہ۔ در النضید فی اخلاص کلمۃ التوحید۔ تفسیر معالم التنزیل۔ تکمیل الایمان۔ بحر الرائق۔

فہرست

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
		۵	تقسیم بدعت
۱	حمد و نعت و دیباچہ کتاب انوار الاولیاء	۹	بیان تلاوت قرآن نزدیک قبر
		۱۰	انتقال اولیاء کرام کا موت اختیاری ہے
۳	تمہید رسالہ	۱۴	استعانت از انبیاء و اولیاء

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
	وتصرف انبیاء واولیاء	۶۹	قصہ حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانیکا
۱۴	توسل کی پہلی صورت		رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا اسکو از روے مکاشفہ کے معلوم
۱۵	انبیاء واولیاء اللہ کو علم غیب بالعرض ہے	۷۰	قصہ مولانا یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ کا
۱۶	توسل کی دوسری صورت	۷۱	بیان تصرف خواجہ عثمان ہارونی وخواجہ
۱۷	توسل کی تیسری صورت		معین الدین چشتی رحمہما اللہ
۱۸	بیان یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ	۷۲	بیان زیارت اولیاء اللہ کے لیے شد
۲۳	بیان حضرت صلعم سے ہر شب بیعت کرنا		رحال جائز ہے
۲۵	بیان ضرب لا اقدام الی العراق	۸۲	بیان پنکھا وچراغ وغیرہ کا مزارات
۴۱	فتوی مولانا عبدالعزیز صاحب		انبیاء واولیاء پر بنانے اور جلانے کا
	دربیان فرق پرستش بت	۸۷	بیان فاتحہ وتقسیم شیرینی وغیرہ
	واستمداد انبیاء واولیاء	۹۸	بیان عرس محمد صلعم وپیران طریقت
۴۷	قصہ مولوی الٰہی بخش صاحب کا بعد	۱۰۲	آیات قرآنی سے استغاثہ ثابت ہے
	مولانا رومی وحسامی دفتر ہفتم		اور مانعین کی دلیل معہ جواب
	مثنوی کو اتمام کرنیکا	۱۰۶	محبت پیران طریقت
۵۰	قصہ مولانا روم رح	۱۰۸	بیان مرید شدن بحال زاہد خشک
۵۷	قصہ شمس تبریز	۱۰۹	بیان فرق علم ظاہر وباطن
۶۰	دفتر ہفتم مولانا روم کی مصنف کے اختلاف میں	۱۱۰	بیان وصل حق وجذب اہل حق
۶۱	اشعار مولانا در تصور مرشد	۱۱۱	بیان وجد وجذبہ
۶۴	اولیاء اللہ متشکل بصور متعددہ ہوسکتے ہیں	۱۱۳	بیان وجد وجذبہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
۶۸	قصہ سید احمد صاحب بریلوی ؟	۱۱۴	بیان صفت درد حق تعالےٰ

صفحہ	مضمون
۱۱۵	بیان اطاعت پیر کامل
ایضاً	بیان قصۂ حضرت موسیٰ و خضر علیہما السلام
۱۱۶	تماد اہل ظاہر و باطن
۱۱۷	بیان صفات جامع ار پیران طریقت
ایضاً	بیان نقشبندیہ اویسیہ
۱۲۰	بیان نقشبندیہ متصلہ
۱۲۱	بیان مشائخ قادریہ
۱۲۴	بیان مشائخ چشتیہ صابریہ
۱۲۶	بیان چشتیہ نظامیہ
ایضاً	سلسلۂ مشائخ سہروردیہ
۱۲۷	سلسلۂ مشائخ کبرویہ
۱۲۸	سلسلۂ مشائخ طریق دیگر
۱۲۹	سلسلۂ مشائخ مداریہ و قلندریہ
ایضاً	سلسلۂ قلندریہ مشائخ دیگر
۱۳۰	متفرقات مشائخ کی تاریخ وفات و جائے مزار
۱۳۱	مختصر حالات سید احمد تنوری توکلی
	عرف میران شاہ صاحب بغدادی کے
۱۴۰	بیان اولاد سید احمد تنوری توکلی بغدادی
۱۴۲	تفصیل مزارات اولیاء اللہ ملک بنگالہ
۱۵۹	اشعار مولانا دلبند

صفحہ	مضمون
۱۶۱	اصفت غوث اعظم نظم مع دیگر مضامین متفرقہ
۱۷۰	مناجات بقاضی الحاجات
۱۷۶	خاتمۂ کتاب انوار الاولیاء
۱	توشۂ خلیل
۲	نعت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
۳	کرامت غوث اعظم در باب عنایت
۴	شدن یازدہ خطاب
۵	بیان ترکیب فاتحہ دسی منی شاہ
	بو علی قلندر و چار دانہ غوث اعظم
۶	اعمال مجربات فقیر
۱۴	مخمس شاہ ظفر دہلی
۱۶	اشعار نعتیہ
۲۱	اشعار پر مذاق
۳۱	استفتاء قبر پختہ کرنی جائز یا نہیں
"	سوال کتابت واسطے بقاے
"	نشان کے قبر پر جائز
"	یا نہیں
"	سوال برگ سبز یا پھول
"	قبر پر دینا سنت یا مستحب
"	گریہ بر مصائب شہدائے کربلا
"	جائز یا نہیں۔

ایک نظر ادھر بھی

فی زمانا چند اشخاص عاشق جانباز کشتۂ خنجر تسلیم با رضا مثل انصار کے ملت عشق کے معاون ہین اور ہمیشہ تبرک قبور صالحین سے سینہ کو پر نور کرتے ہین یہ رسالہ چونکہ مشتمل حالات و تصرفات انبیاء اللہ و اولیاء اللہ علیہم السلام کے ہے لہذا اس مجموعۂ گرانمایہ کو طبع کرکے پیش نظر جناب نواب مولوی میر معظم حسین صاحب جج خان بہادر و جناب شمس العاشقین نواب میر حسام حیدر صاحب چودہری عرف نابالغ میان و جناب بدر السالکین مولوی چودہری احمد غازی صاحب عرف بابا میان و جناب سرمست جام بے غشی مولوی شاہ سکندر میان صاحب چودہری و جناب ناصر العاشقین مولوی علی احمد صاحب عرف نواب میان و جناب مولوی سید عبد اللہ صاحب عرف نرسنگ میان و جناب سراج السالکین مولوی علی نواب صاحب خان بہادر و جناب سید عبد الرحمن صاحب چودہری و جناب سید عبد الغفور صاحب چودہری و جناب مولوی سید عبد المجید صاحب چودہری و جناب محمد میان صاحب چودہری و جناب سلطان میان صاحب چودہری و جناب تاج العاشقین سید مولوی عبد الجبار میان صاحب چودہری و جناب چودہری احمد علی صاحب دام اقبالہم بالتوالی والتواتر کی خدمت مین پیشکش کیا ان صاحبان قدر دانان اہل جوہر و گوہر شناسان فضل و ہنر سے امید قوی ہے کہ بنظر بندہ نوازی غریب پروازی ازراہ قدر دانی اسکو چشم قبول سے ملاحظہ فرما دین

اور نیاز مند کو ممنون فرمائین سے برکریمان کارہا دشوار نیست + چونکہ آپ
سب صاحب ہمارے ملک بنگالہ کے زمیندار ہین اور علمائے ظواہر دشمنان طریقت
آپ صاحبون کے زیر حکم ہین آپ اگر ایک ذرا ادھر توجہ فرمائین تو پیران طریقت کے
دشمنون کو اُف کرنے کی مجال نہو اور ذاکرین با صفا عاشقان خدا
با اطمینان ذکر الٰہی کر سکین اور یہ بھی آپ صاحبون کو خوب معلوم ہے
کہ بادشاہ و نواب کے وقت مین فقرا کے لیے جاگیر وغیرہ مقرر تھی بے فکر
گدی پر بیٹھے صدہا طالبون کو تعلیم کرکے وصول الی اللہ کرتے تھے اور
فی زماننا کوئی مدرسہ یا خانقاہ فقرا کی نہین ہے جو طالب مولیٰ ذکر
فکر کرکے زاد آخرت تیار کرے طریقہ بزرگان عرس و فاتحہ
وغیرہ سے انبیا و اولیا کو ایصال ثواب کرے ۔ یہ فقیر ساکن نندن پور
ڈاکخانہ دلال بازار ضلع نواکھالی کا ہے اس نے ایک خانقاہ احمدیہ
میرانی جاری کرادی ہے اُس مین بزرگون کا عرس ہوتا ہے خاص کر
سلطان سید احمد تنوری توکلی کا عرس مورخہ ۱۱ اگھن ہر سال بڑی
دھوم سے ہوا کرتا ہے اکثر فقرا جمع ہوتے ہین قدم مبارک صلے اللہ علیہ
وسلم کی زیارت ہوتی ہے جناب مولوی اصغر علی صاحب
سب رجسٹرار بکرام پوری نے خانقاہ فقیر خانہ مین بنوائی شروع کرادی ہے
اور صاحب بھی امداد کرتے ہین لیکن اسوقت تک ناتمام پڑی ہے مجھے
حتی طالب اللہ صاحب و منشی عزیز اللہ صاحب و منشی محمد یوسف صاحب
و مولوی احمد اللہ صاحب و مولوی حمید اللہ صاحب و مولوی
عبد الغفور صاحب و خواہر زادۂ فقیر مولوی عبد الحق صاحب
و ماموں مولوی شاہ عبد اللہ کی صاحب سے اعانت و امداد و فقرا سے بھی امید قوی ہے

یا اللہ بحرمت سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وسلم و بطفیل اولیاء کرام ان لوگون کو بحکم نبی صلے اللہ علیہ وسلم المرء مع من احب کے و این بشارتیست دور افتادگان را زیر سایہ انجہ دوستون کے رکھ اور طریقت کی امداد ان لوگون کے ذریعہ سے فرما اور ان لوگون کے گھر کو آباد رکھ اور اولاد با نصیب کر ہمارے مخلصی میر حسام حیدر صاحب کو نعمت دارین سے معمور کردے انکا گھر دار الفقرا رہے اللہ تعالی تا یوم قیامت بطفیل پیران طریقت قائم رکھے آمین یا رب العالمین

مارا حمایتیست ز لطف عمیم او	دائم بخوف و غم امن و امان ماست
فضل و کمال او بترقی بود مدام	یارب ہمی دعاست کہ او مہربان ماست

ابو سراج الحق فقیر خلیل الرحمن بن شیخ الحرمین الشریفین حاجی تمیز الدین صاحب بن شیخ نعیم ملا خوند کار از اولاد شہاب الدین سہروردی بغدادی ساکن نندن پور ـ ڈاکخانہ دلال بازار ـ ضلع نواکھالی ملک بنگالہ

ضروری گذارش

حضرات یہ ہمارا کارخانہ عرصہ سے نہایت نیکنامی کے ساتھ قائم ہے اس دیانتداری اور خوش معاملگی سے وہ حضرات خوب واقف ہین جنھین ایکبار بھی اس سے معاملہ پڑا ہو ـ ہمنے اپنے کارخانہ مین ہر قسم کی ـ عربی ـ فارسی ـ اردو ـ ناگری ـ ہندی کتابون کا پورا میل جمع کیا ہو مطبوعہ مصطفائی ـ نظامی ـ احمدی قیومی ـ رزاقی ـ انتظامی ـ یوسفی ـ مجتبائی ـ کشوری وغیرہ وغیرہ ہر مطبع کی مطبوعہ کتابین کثرت سے موجود ہین انکے علاوہ عجیب و غریب قسم کی نئی نئی تصانیف اور درسی کتابین ہمارے کارخانہ سے نہایت کفایت کے ساتھ روانہ ہوتی ہین ہم تجار و شائقین کو عموماً اور طلبا مدارس کو خصوصاً اس امر کی اطلاع دیتے ہین کہ جس کتاب کی ضرورت ہو بلا تامل طلب فرمائین فوراً ارسال خدمت کیجائیگی ـ

نوٹ اگر ہمارے مطبع قیومی واقع کانپور مین کوئی کتاب چھپوانا منظور ہو تو اسکا معاملہ بذریعہ تحریر کفایت سے ہو سکتا ہے

المشتہر
آپکا نیاز مند محمد قمر الدین مالک مطبع قیومی و تاجر کتب کانپور محلہ ٹیکا پور

اللہ بس باقی ہوس

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا

ندارم گرچہ آن دیدہ کر بینم ور جمال تو بہ بینم تو سید چون عمر بگذشت اندر خیال تو

تعلام ذوق رندی خیال باکدامنی مرا دیوانہ خود کن بہر رنگی کہ میدانی

پیر مغان سے ہمکو ملی ہو شراب عشق | زاہد ہماری خاک کا پیمانہ بن گیا

اور شوق روی شمع مین پروانہ بنگیا ہو وحشی خراب حال پریشان درمند

وقت مین یار کی تو مین کیا کیا نہ بن گیا

ایدل تو کسکی یاد مین دیوانہ بن گیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمام تعریف کے لائق وہ موجود بے قید ہے جس نے انسان ناسوتی کو اسرار لاہوتی کا مظہر بنلیا اور ارواح ملکوتی کو انوار جبروتی سے منور فرمایا اور درود کے قابل وہ وجود باجود ہی جو نقطہ دائرۂ شہود اور موجودات عالم کا مقصود ہے اور اسکے آل و اصحاب پر سلام الیٰ یوم القیام ہو اما بعد خادم عاشقان ذی شان ابو سراج الحق فقیر خلیل الرحمٰن بن شیخ الحرمین الشریفین حاجی ثمیر الدین بن شیخ نعیم الدین اخوند کا را ۔ اولاد سہروردی دگولوہی ثم نندپوری بخدمت مستان ذوق و شوق الٰہی کے عرض کرتا ہے کہ فقیر نے جب کتاب شمس العارفین کو جو جامع جمیع مسائل تصوف اور اشغال صوفیۂ کرام ہی معہ نقشجات کے سنہ ۱۳۱۲ھ مین تحریر کیا اور چند کتابین احکام ظاہر مین لکھین تو اسکی بعد اندنو ایک حادثہ جدید در پیش آیا ہر طرف غوغا مسنا گیا کہ ایک گروہ نے حضرت شمس العلما زبدۃ الکملا مولانا حافظ احمد بن مولانا کرامت علی صاحب رحمۃ اللہ علیہما کے روضہ کے اوپر جو چاندنی کہ لگائی ہوئی تھی اٹھا دی اور زائرین جو کہ قرآن شریف قبر کے نزدیک تلاوت کرتے ہین اور جو مٹھائی تقسیم کرتے ہیں فاتحہ خوانی کے لیے

سہروردی ... اولاد حضرت شہاب الدین سہروردی رضی اللہ عنہ ... [illegible] ... زیارت گاہ ... محرم ۱۲ ... علاقہ ... ضلع ... بازار ... مقام ... ۱۲

لاتے تھے منع کیا اور جو کچے دل کے آدمی تھے اُن کو تشکیکات مین ڈال دیا اور انھین لوگون نے
جناب مولانا احمد صاحبؒ کی عین حیات مین حضرت قطب الاقطاب سلطان الاولیا رسید احمد
تمنوری بغدادی جنکا روضۂ منورہ گنجین پور متصل بازار سوناپور علاقہ ضلع نواکھالی مین ہے
اُن کے ساتھ دست اندازی کرنی چاہی تھی چونکہ آپ اولاد مین حضرت سید الاولیا سند الاصفیا
سید میر محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ کے ہین وہ لوگ یہان دست اندازی نکر سکے
جناب مولانا احمد صاحبؒ خود جاکر دست بستہ روضۂ منورہ کے پاس تخمیناً ایک گھنٹہ کھڑے رہے
اور خادمون کو حکم دیا کہ تم لوگ خوب صاف ستھرے اچھی طرح روضۂ منورہ کو رکھو اور کسی کی بات
مت سنو اُس وقت یہ فقیر بھی حاضر آستانۂ شریف تھا انھین لوگون نے پیران طریقہ کے جو اولیان
عالم ہین اور انھین کی جوتیون کے صدقے سے یہ سب عالم لوگ اور ساری مخلوقات الٰہی ساتھ
امن و امان و عیش و عشرت کی ہین اور ایسی ہی حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت
امام حسین شہید کربلا جو سب سے زیادہ حق دار ہین ان بزرگون کا فاتحہ و عُرس و مولد شریف
وغیرہ سب بار رکھا اور بہت لوگون کے مان باپ اور خویش و اقارب جو اس دار فانی سے طرف
دار البقا کی رحلت کر گئے بیچاری اموات غریق غار رنگ مین پڑے ہین کوئی انیس نہ غمخوار نہ کوئی
یار و مددگار اُمید تھی کہ بیٹا بیٹی جو ایصال ثواب کرینگے بحکم خداوند تعالیٰ بِرًّا بِوَالِدَيْهِ
وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا اور بحکم خداوند تعالیٰ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا اور فاتحہ وعرس جو عبادت
بدنی ہے اور کھانا شیرینی وغیرہ جو عبادت مالی ہے دونون سے احسان کرینگے وہ بیچارے تو
اِس کے اُمیدوار تھے اور وہابیون غیر مقلدون نے ایسا فساد برپا کیا کہ بالکل ایصال ثواب کا
دروازہ بند کیا اب کیفیت کا حال کان لگا کر سُنیے تیرھوین صدی مین چند وہابی جو بظاہر
حنفی معلوم ہوتے ہین اور اپنے کو حنفی دکھلاتے ہین یعنے گندم نما و جو فروش ہین انھون نے
پیران طریقہ سے لوگون کو منحرف کر کے اپنے گو دھڑ بھرے جاے انصاف ہے اول لوگ ہر جمعہ
جمعرات کو اگر غریب بھی ہون تو نذر نیاز ہون دیکر دیند کھلا کر خود کھاتے ایسا ہی عاشورہ محرم مین

ولاد رسول حضرت امام حسنین کے لیے صد ہا روپیہ خرچ کرتے محتاجون کو دس دنون مین مالا
ال کرتے طرفہ یہ ہی کہ ان صاحبون نے ایسا و بھلا دیا کہ روزہ عاشورہ جو کہ سنت رسول اللہ
ہے اس کو بھی بھلا دیا اور خود بازار وغیرہ مین دوکانین پھیلا کر زندون کا درگاہ مین لانیکو
سنت مطلوبہ نام رکھا اور قبرون اولیائے کرام کے پاس جو فقرا بھوکے پیاسے ذکر الٰہی
مین مشغول ہین قبر دیکھکر اپنی موت یاد کرتے ہین اور وہین پڑے رہتے ہین اس امید پر
زائرین ہمکو آسودگی سے کھانا کھلائینگے ہملوگ بے فکر بے تردد ذکر الٰہی مین مشغول رہینگے
ان بیچارون کی دینے کو بدعت ضلالت کہدیا اور ہمارے مان باپ جو زیر خاک مدفون
ہین اُن سے بھلا دیا تو وہی مثال جو ہندوستان مین کہتے ہین مر گئے مردود نہ فاتحہ نہ
درود اور اس غفلت کی نیند سے جگانے کیواسطے اس فقیر نے اس رسالہ کو لکھنا شروع
کیا امید ہی کہ خداوند تعالیٰ اسکو مقبول بارگاہ فرمائے اور محنت فقیر کو رائگان نکرے اور لخت جگر میان
شاہ محمد سراج الحق طول عمر و جعلہ عالما باعمل تقیا فی الدنیا والدین خوش خوش سلیم کو
قیات صالحات مین شمار کرے ربّ اجعلہ برّا بوالدیہ ولم یکن جبّارا عصیّا مین داخل کر ہی آہ سب
وانی مجھ خوابیدہ بخت کی سحر ہو گئی عمر عصیان و ہرزہ درائی مین کٹی ہو نسارہ صبح
اجل مسمّیٰ کا نمود ہوا اب بھی اسکا تدارک کرے مکافات کرے بر کرے احسانات کرے
واسند نعرہ لا تعبدون الا اللہ وبالوالدین احسانا مین داخل کر اور آفات دنیا ما ظہر
منہا وما بطن سے بچاوے ہمیشہ غلامی مین پیران طریقت کے رکھو نا اور کچھ بعد گذر جانے
اس فقیر کے طریقت کی امداد و شریعت کی اعانت اسکے ذریعے کرنا آمین یا ربّ العلمین
در یہ رسالہ ۱۳۱۹ھ ماہ ذیقعدہ مین تمام ہوا اور شمس العارفین ۱۳۱۷ھ کو شائع ہوا۔

فصل اول دربیان تمہید رسالہ

ظریت با تمکین کیخدمت مین یہ فقیر عرض کرتا ہی کہ شریعت کہتے ہین ایمان و اسلام و احسان

گو جبتک کہ پوری شریعت پر عمل نکرلے مومن کامل نہیں ہوتا تمام علوم دو قسم پر تقسیم کیے گئے ہیں یعنی حضوری و حصولی علم حضوری علاقہ رکھتا ہے قلب سے علم حصولی علاقہ رکھتا ہے آنکھ اور کان اور منھ وغیرہ سے ایمان دو قسم پر تقسیم کیا گیا ہے تقلیدی اور تحقیقی ایمان تقلیدی کہتے ہیں غیر کے قول اختیار کرنیکو بغیر دیکھنے کے ایمان تحقیقی کہتے ہیں بعد ساعت کے راہ طی کرکے بچشم خود حسب قوت دیکھنا اور شکوک دفع کرکے اخلاص دلی حاصل کرنا مگر اس ایمان تحقیقی کے وکیل مرشد حقیقی ہیں بغیر سایہ پیر و مرشد کے یہ بات حاصل کرنا ممکن نہیں جیسا کہ مولانا رومؒ فرماتے ہیں ؎ نفس نتوان کشت جز ظل پیر + دامن آن نفس کش را سخت گیر + ایمان استدلالی اور ایمان کشفی بھی انہیں اقسام میں سے ہے اور ہر علم کے امام الگ اور مسائل الگ ہیں گو کہ ایک سے ایک جدا نہیں لیکن ظاہر صورت میں دو معلوم ہوتے ہیں حقیقت میں مثل پوست اور مغز کے ہیں البتہ احکامات اور طریق میں فرق ہے اور ہر فن میں مقلد پر واجب ہے کہ اپنے اپنے امام کے قول پر عمل کرے چونکہ علم حصولی کے امام حضرت ابوحنیفہؒ وغیرہ ہیں اور علم حضوری کے امام حضرت میر محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ وغیرہ ہیں اور سب کو مقصود بالذات دیدار الٰہی ہے مگر راستہ میں فرق ہے جو جس راستہ میں جاوے اسکو وہاں کے حکم کے مطابق چلنا واجب ہے مثال جب کسی کو مکہ معظمہ جانا منظور ہوتا ہے ریل اور اسٹیمر دونوں سے جا سکتا ہے اور ریل سے بہت جلد جا سکتا ہے اور اسٹیمر سے دیر میں پہونچتا ہے تو اگر ریل پر جاوے ریلوی پسینجر پر واجب ہے ریلوی قانون کے مطابق ٹکٹ و نشست و برخاست وغیرہ کرے اور اگر اسٹیمر پر جانا ہے اسکی قانون کے مطابق کرنا واجب ہے وگرنہ مکہ معظمہ کے پہونچنے سے محروم رہیگا تقلید کے بارے میں خداوند تعالیٰ فرماتا ہے

واطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم یعنی فرمانبرداری کرو تم اللہ کی اور پیروی کرو تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اور پیروی کرو تم صاحب شغل کی جو تم لوگوں سے ہیں یعنے پیروی کرو ائمہ مجتہدین طریقت و ظاہری شریعت کی اور کوئی طریقہ کسی خاص مذہب سے

علاقہ نہین رکھتا جو جس مذہب کا ہو تعلیم و تلقین مین سب کلمہ لا الہ الا اللہ کرتے ہین جیسا
کہ حضرت سیدنا شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ مذہبًا حنبلی تھے اور آپ امام
طریقہ قادریہ ہین شرق سے غرب تک حنفی وغیرہ اس طریقۂ علیہ کی غلامی مین سر رکھے ہوے ہین
ملت عشق از ہمہ دینہا جدا ست ٭ عاشقانرا مذہب و ملت خدا ست ٭ غرض حنفی یا
شافعی یا حنبلی یا مالکی ہو طریق معرفت مین فرق نہین شمس العارفین مین بالتفصیل تمام
لکھا گیا ہے وہان دیکھو فقط

فصل دوم دربیان بدعت

ای عزیز از جان اس بات کو جان کہ اہل سنت و جماعت کے نزدیک بدعت دو قسم پر منقسم ہے
بدعت حسنہ اور بدعت سیئہ بدعت حسنہ اسکو کہتے ہین جو خلاف قواعد شرعیہ نہو اور دین
اسلام مین خلل نہو کہ جس سے لوگ گمراہ ہوتے ہون اسی لیے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
من احدث فی امرنا ہذا ما لیس منہ فہو رد یہ صحیحین کی حدیث ہے یعنے جس نے نکالی ہمارے
اس دین مین وہ بات جو دین کی قسم نہین یعنی خلاف کتاب و سنت کے ہے پس وہ مردود اور گمراہ
اور رد ہے شارحین نے ما لیس منہ کی شرح مین لکھا ہے فیہ اشارۃ الی ان ما احدث مما
لا ینازع الکتاب و السنۃ لیس بمذموم اور مولانا شاہ عبد الحق محدث دہلوی نے
لفظ ما لیس منہ کی شرح مین لکھا ہے مراد ازین چیزی ست کہ مخالف و مغیر دین باشد اور مولانا قطب الدین
صاحب شرح مشکوۃ مین لکھتے ہین لفظ ما لیس منہ سے اشارہ ہے اسکی طرف کہ نکالنا اس چیز کا جو کہ مخالف
کتاب اور سنت کے نہو برا نہین اور ابو داؤد مین یہ حدیث ان الفاظ سے روایت ہے من وضع
امرا غیر امرنا فہو رد یعنی جس نے کیا کوئی کام ہمارے کام سے غیر طریقہ پر وہ رد ہے
حضرت صلعم کا کام کتاب و سنت ہے اور جو خلاف کتاب و سنت کے ہے پس وہ مردود ہے اور
حضرت صلعم نے فرمایا من سن فی الاسلام سنۃ حسنۃ فعمل بہا بعدہ کتب لہ مثل
اجر من عمل بہا و لا ینقص من اجورہم شیئا یہ صحیح مسلم کی حدیث ہے یعنی جس نے

جاری کیا اسلام مین طریقہ نیک پھر اُس کے بعد اُس طریقہ پر عمل کیا گیا تو لکھا جائیگا اُس
شخص کیواسطے اُس قدر ثواب اور اجر کہ جسقدر سب عمل کرنیوالون کا اُسکے بعد ہوگا اور اُن
لوگونکے ثواب سے کچھ کاٹ کر نہین دیویگا بلکہ اللہ تعالیٰ دونون کو اپنے خزانہ نامتناہی سے ثواب
دیگا وہ طریقہ جو اُس نے جاری کیا ہے خواہ وہ طریقہ ایسا ہو کہ اُس سے پہلے ایجاد کیا گیا تھا
لیکن کسی سبب سے بند ہوگیا پھر اُس نے جاری کیا یا یہ کہ پہلے سے یہ طریقہ ایجاد ہی نہین ہوا تھا
اُس نے خود ایجاد کیا ہے وہ طریقہ خواہ تعلیم کا ہو خواہ کسی علم کا ہو یا عبادت یا طریقہ ادب
وغیرہ یہ سب ترجمہ مجمع البحار صفحہ ۲۷۰ مین ہے اور یہ حدیث مسلم شریف کی جلد ثانی صفحہ ۳۴۱
مین موجود ہے غرض جو بدعت امور خیر سے ہو وہ حسنہ ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کار خیر کے
نکالنے والونکو اس امر کی بشارت دی ہے کہ اُن کو مثل عمل کرنیوالون کی ثواب ملتا ہے
اور صاحب شامی لکھتے ہین کل من ابتدع شیئا من الخیر کان لہ مثل اجر من یعمل بہ الی یوم
حدیث مذکور مین جو لفظ من سن ہے لفظ من سے مطلق شخص مراد ہے اور سن فعل ہے وہ بھی زمانہ
خاص نہین چاہتا لہذا تخصیص قرون ثلثہ نہین مولانا اسحاق صاحب مأۃ مسائل مین
بجواب سوال ذیل کے فرماتے ہین وھو ہذا سوال بدعت حسنہ محدود است بوقت من
الاوقات یا غیر محدود است الی یوم القیمۃ جواب غیر محدود است عند القائل
بتقسیمہا الحدیث من سن فی الاسلام الخ سائل نے سوال کیا تھا کہ بدعت حسنہ کوئی زمانہ کے
ساتھ مقید ہے یا نہین آپ نے فرمایا کسی زمانہ کے ساتھ مقید نہین بلکہ قیامت تک جو کام یا فعل
محمود ہوگا اُسکو بدعت حسنہ کہا جائیگا لیکن یہ حکم اُس شخص کے نزدیک ہے جو کہ بدعت کی تقسیم
کا قائل ہے اے برادر اگر آپ کل بدعۃ ضلالۃ پر عمل کرین تو مدرسہ بنانا اور طالبعلمونکو
پڑھانا اور چندہ کا روپیہ لینا اور حروف قرآن پر حرکات لگانا اور نیت نماز کی زبان سے
کرنی اور گنبد و قندیل و لباس فاخرہ وغیرہ سب ترک کیجیے واہ صاحب پالکی پر سوار ہونا
تکیہ پر ریشمی خلاف دینا آٹھ دس سالن سے کھانا کھانا اژدحام خلق کو ہمراہ لیکر معہ پاندان

شاصدان گوانی پنڈوکی چلنا اور لوگون سے اُمور دین مین روپیہ مقرر کرکے لینا اور بڑے
بڑے مکان بنانا کھاٹ پلنگ وغیرہ پر سونا کیا یہ کل بدعۃ ضلالہ سے نکل گئی اللہ تعالی
آپکو فہم عنایت فرمائے اور ہدایت نصیب کرے اور بغور ملاحظہ فرمائیے تو معلوم ہوگا کہ بدعت
حسنتا الیوم قیامت مفتیان دین متین کے نزدیک جائز ہے سیرت حلبی وغیرہ کتب مشہورہ
مین ہے ما احدث وخالف کتابا او سنۃ او اجماعا او اثرا فہو بدعۃ ضلالۃ واما ما احدث من
الخیر ولم یخالف مین ذلک فہو البدعۃ المحمودۃ جو چیز نو پیدا اور وہ قرآن مجید یا حدیث شریف
یا اجماع امت یا قول صحابہ کے خلاف ہو وہ بدعت سیئہ یعنی بری ہے اور بہر حال جو نیک
شے ایجاد ہوا اور وہ ان چارون مین سے کسی کے خلاف نہو تو وہ بدعۃ محمودہ یعنی اچھی بدعت ہے
اس روایت کو امام بیہقی نے حضرت امام شافعی علیہ الرحمۃ کی روایت کے ساتھ نقل کیا ہے بدعت
بر دو قسم ست مذمومہ وغیر مذمومہ حضرت حجۃ الاسلام امام غزالیؒ احیاء العلوم جلد اول مین
فرماتے ہین و لا یمنع ذالک من کونہ محدثا فکم من محدث حسن یعنی یہ منع
نکیا جائیگا بسبب نئی بات ہونیکے اس لیے بہت سی نئی باتین نکلی ہوئی نیک ہین اور احیاء
العلوم جلد ثانی مین ہے انما المحذور بدعۃ تزاحم سنۃ ماموراً بہا یعنی وہی
بدعت منع ہے جو منافی ہو کسی ایسی سُنت کو جسکو قائم کرنے کا ہمکو حکم ہے اور فتاوی عالمگیری
کی جلد خامس مین ہے وکم من شیء کان احدثا وھو بدعۃ حسنۃ یعنی بہت سی
چیزین نو پیدا ہین اور فی الواقع وہ بدعت حسنہ ہین آٹھوین صدی کے اخیر مین جو بعد
اذان کے صلوۃ وسلام حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھنا نکالا گیا ہے اور آجتک مکہ معظمہ و مدینہ
منورہ وغیرہما مین اُسپر عمل کیا جاتا ہے اور ساری محدثین اور فقہا نے اسکو بدعت حسنہ
قرار دیا ہے کما قال صاحب در مختار التسلیم بعد الاذان حدث فی ربیع الآخر سنۃ سبع مائۃ واحدی
وثمانین سنۃ وھو بدعۃ حسنۃ یعنی سلام پڑھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بعد اذان کے
سات سو اکیاسی ہجری مین نکالا گیا اور یہ بدعت حسنہ ہے ایسا ہی صاحب شامی نے بھی اسکو

مسلم رکھا اور نہر الفائق شرح کنز الدقائق مین بر عی سے یہ قول نقل کیا ہی والصواب انہ
بدعۃ حسنۃ یعنی ٹھیک یہ بات ہی کہ سلام بعد اذان کی بدعت حسنہ ہو حضرت سید احمد
صاحبؒ مرشد مولانا کرامت علی صاحبؒ کی صراط مستقیم مین فرماتی ہین اشغال مناسبہ ہر وقت
وریاضات ملائمہ ہر قرن جدا جدا می باشد ولہذا محققان ہر وقت از اکابر طریق در تجدید
اشغال کوششہا کردہ اند بناءً علیہ مصلحت دید وقت چنان اقتضا کرد کہ یک باب ازین
کتاب برای بیان اشغال جدیدہ کہ مناسب این وقت است تعین کردہ شود۔ اس عبارت مین
قرون ثلثہ کی کچھ قید نہین لگائی بلکہ ہر وقت مین تعین اشغال کو مسلم رکھا ہی اور بنات
خود انھون سے نے تیرھوین صدی کیواسطے اشغال جدیدہ ایک باب مین لکھی ہین
اس باب کو ملاحظہ کرو کس قدر تعداد ذکر و ہیئت نشست وغیرہ بیان کیے ہین کہ قرآن
وحدیث وفقہ وعقائد و اجماع ائمت وغیرہ مین جنکا پتہ بھی نہین پایا جاتا مولانا اسمٰعیل صاحب
کاتب صراطِ مستقیم اخیر رسالہ مین تحریر کرتی ہین تجدید اشغالے کہ این کتاب محتوی بر آنست
فرمودہ اند یعنی مرشد بر حق نئے نئے اشغال نکالتی ہین اور ظاہر مین تجدید احداث ہے
پس کل محدثۃ بدعۃ ضلالۃ الخ کو اب کیا کروگی اور حضرت سید صاحب جو تمہارے
جد امجد ہین اور انھین کا طریقہ فروخت کرکے تم جو فروشی کرتے ہو غرض سید صاحب فرماتی
ہین کہ ہر زمانے مین تجدید اشغال کی اکابر طریق نے ہی کی ہے اس لیے مین بھی مناسب
استعداد اسوقت کی طالبون کے ایک طریق جدید نکالون پس انکی عبارت سے بھی بدعت
حسنہ تا یوم قیامت جائز سمجھی جاتی ہی اور انسان العیون کی جلد اول مین لکھا ہے وقد
قال ابن الحجر الہیتمی ان البدعۃ الحسنۃ متفق علی ندبہا فرمایا حافظ ابن حجر
ہیتمی محدث نے کہ بدعت حسنہ کی مندوب یعنی مستحب ہونے پر اتفاق کیا گیا ہی یعنی فقہا اور
محدثین مین جو محقق ہین وہ سب بالاتفاق بدعت حسنہ کی جائز و مستحب ہونے پر متفق ہوئی ہین
اور مولانا شاہ عبد العزیز صاحبؒ سوالات عشرہ مین فرماتی ہین بدعت حسنہ

...کو کہینگے کہ کر نیو الا اسکا ماخوذ ہوا اور بدعت سیئہ کا حال یہ ہے کہ کل بدعۃ ضلالۃ الخ اور
...ی بیان ہو علامہ عینی شارح بخاری اور ابو شکور سالمی اور شامی شارح در مختار اور صاحب
مجمع البحار وغیرہم جمہور امت محمدیہ کا اور اجماع کیا اہل اسلام نے اس بات پر کہ جو امر جدید
کیا ہو کہ اسمین خیر ہو وہ بالاتفاق جائز بلکہ مستحسن ہے چنانچہ سیرت حلبی وغیرہ کتب دین
مین اسکی تصریح موجود ہو اور ابن حجر نے لکھا ہو و عمل المولد واجتماع الناس لہ کذالک

فصل سوم دربیان تلاوت قرآن شریف نزدیک قبر

...ی بر اور قرآن شریف نزدیک قبر کے تلاوت کرنا بدعت حسنہ ہو بموجب قول حضرت امام محمد
کے اور اسی قول پر مشائخ حنفیہ فتوی دیتے ہین کہ سب کو ثواب ملتا ہو فتاوے
عالمگیری مین ہو قراءۃ القرآن عند القبور عند محمد رحمہ اللہ لا تکرہ والمشائخ
...ہ اخذوا بقولہ وھل ینتفع والمختار انہ ینتفع کذا فی المضمرات اور فتح القدیر مین ہی
واختلف فی اجلاس القارئین لیقرءوا عند القبر والمختار عدم الکراھۃ ترجمہ امام محمد کے
نزدیک قبرون کے پاس قرآن شریف کا پڑھنا مکروہ نہین ہو اور مشائخ نے انھین کے قول کو لیا ہو اور کیا یہ
نفع بھی دیتا ہو اور مختار یہ ہو کہ نفع دیتا ہو ایسا ہی مضمرات مین ہو مولانا اسحاق صاحب
رحمۃ اللہ علیہ نے مائۃ مسائل کی جواب سوال ہشتاد و سوم مین لکھا ہو کہ برای قرات قرآن
نشاندن نزد قبر علما را اختلاف است مختار ہمین ست کہ جائز است اور صاحب فتاوے
قنیہ لکھتے ہین کہ ہاتھ قبر پر رکھنا بدعت سیئہ ہے اور قرآن شریف کا تلاوت کرنا بدعت
حسنہ ہو اور قاعدۂ فقہای محدثین کا مقرر ہو کہ جس جگہ مطلق بدعت لکھتے ہین وہان مراد
بدعت سیئہ ہو وگرنہ بدعت حسنہ لکھتے ہین جیسا کہ فتاوی قنیہ مین ہے وضع الید علی القبر
بدعۃ والقراءۃ علیہ بدعۃ حسنۃ اور حضرت امام غزالی فرماتے ہین احیاء العلوم مین کچھ خوف
نہین ہو کہ قرآن پڑھا جاوے نزدیک قبرون کے کما قال لا باس بقراءۃ القرآن علی القبور
اور تذکیر الموتی والقبور مین ہو کہ حافظ شمس الدین بن عبد الواحد گفتہ است از قدیم

ورشہر مسلمانان جمع میشوند وبرای اموات قرآن میخوانند پس اجماع شد آخرونی رحمۃ الله
فلو قرؤا القرآن عند القبر فقال فی البحر ہی مستحبۃ آخر پس عبارت بالاسے خوب واضح ہوگ
کہ قرآن شریف نزدیک قبر کے پڑھنا جائز ہے اور اموات کے لیے موجب فلاح ہے اور جا
ولد صالح بد عولہ تلاوت قرآن اور ایصال ثواب دونون کو شامل ہے اور اس سے مردہ
فائدہ ہوتا ہے اور اس بارہ بہت سی حدیثین موجود ہین

فصل چہارم دربیان انتقال اولیای کرام بموت اختیاری

اے عزیز موت دو قسم پر ہے اختیاری اور اضطراری اور موت اضطراری اسے موت کہتے
ہین کہ عزائیل علیہ السلام بحکم خداوند تعالی روح قبض کرتے ہین اور موت اختیاری شہو
نفس امارہ کے خلاف کام کرکے فنافی اللہ ہونا اور نفس امارہ بڑا دشمن انسان ہے اعدی اعدائک نفس
التی بین جنبیک ترجمہ بزرگون کا قول ہے کہ سب دشمنون سے بڑا دشمن نفس ہے جو کہ تیرے دونو
پہلو کے درمیان ہے اس دشمن کے خلاف کام کرنا جہاد اکبر ہے اور اعلاء کلمات اللہ اور مسلمان کرنے
کیواسطے کفار سے لڑنا جہاد اصغر ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا انبئکم بخیر اعمالکم وازکٰہا
عند ملیکم وارفعہا فی درجاتکم وخیر لکم من انفاق الذہب والورق وخیر لکم
من ان تلقوا عدوکم فتضربوا اعناقہم ویضربوا اعناقکم قالوا بلی یا رسول اللہ قال
ذکر اللہ عز وجل ہذا الحدیث من حسان المصابیح رواہ ابو درد
ترجمہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہو تو بتاؤن بڑا نیک عمل اور مالک کی حضور
مین بہت پاکیزہ اور تمہارے درجات کا بلند کرنیوالا تمہارے حق مین بہتر سونے اور چاندی کے تقسیم
کرنے سے اور تمہارے حق مین بہتر ہو جہاد کرنے سے کہ دشمن سے مقابلہ کرکے تم انکے سر کاٹو اور وہ
تمہارے سر کاٹین عرض کیا ہان یا رسول اللہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر اللہ بزرگ
برتر کا یہ حدیث مصابیح کی حسن حدیثون مین سے ہے ابو درداء کی روایت سے وقال الملا
السعد رومی تحت ہذا الحدیث المراد ما لہ کرہنا الذکر القلبی نظر الکماجاء ی لخبر

اعۃ خیر من عبادۃ سبعین سنۃ ترجمہ فرمایا ملا اسعد رومی قدس سرہ ذ ابنی
ب مجالس میں کر مراد ذکر سے اس حدیث میں دل کا ذکر اور فکر مراد ہے احمد سط
یث میں آیا ہے ایک ساعت کا تفکر ستر برس کی عبادت سے بہتر ہے اور معلوم ہو کہ
س العارفین میں اس بحث کو بالتفصیل لکھا ہے حضرت علیؓ فرماتے ہیں میں نے جہاد
سے طرف جہاد اکبر کے رجوع کیا کما قال رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر
ا روم فرماتے ہیں ؎ این زمان اندر جہاد اکبریم + قد رجعنا من جہاد الاصغریم
نفس کو قتل کر دیا اور اللہ کی محبت میں غرق ہو گیا وہ شہید ہے اور جو مقبول ہو دین
م کے لیے انکو بھی شہید کہتے ہیں کما فی روح البیان من قتل نفسہ فی الجہاد الاکبر
ن ھو جہاد النفس رزقہ اللہ تعالی الحکم الشہادۃ جس نے قتل کیا اپنے نفس
و اکبر میں جسکو جہاد نفس کہتے ہیں اللہ تعالی ایسے شخص کو شہید کا درجہ عطا کرتا ہے
للہ تعالی قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ جو لوگ شہید ہوئے اللہ کی راہ میں وہ لوگ رزق
ہیں نزدیک اللہ تعالی کے خوشحالی میں رہتے ہیں یعنے رزق عشق محبت حضوری پروردگار
انکو غذا ہے روحی کہتے ہیں کما قال اللہ تعالی ولا تحسبن الذین قتلوا فی
امواتا بل احیاء عند ربہم یرزقون فرحین الخ وما فی تاویلات النجمیۃ لا
نوا من قتل من اہل الجہاد الاکبر بسیف جلال اللہ فی سبیل اللہ بالفناء
امواتا الآیۃ ؎ کشتگان خنجر تسلیم را + ہر زمان از غیب جان دیگر است
فی انسان الکامل الشہادۃ الکبری قسمان اعلی و ادنی فالاعلی شہود الحق تعالی
المعنی فی سائر المخلوقات الی قولہ واما القسم الادنی من الشہادۃ الکبری
فقادہ المحبۃ للہ من غیر علۃ الخ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ذکر
وہ مثل زاہد کے ہے اور جو نہیں ذکر کرتا ہے وہ مثل مردہ کے ہے کما قال رسول اللہ
للہ علیہ وسلم مثل الذی یذکر ربہ والذی لا یذکر ربہ کمثل الحیے

والمیت هذا ۱۱ تحد سیف من صحاح المصابیح رواها ابو موسیٰ
الاشعری ملا سعد رومی اس حدیث کے تحت مین فرماتے ہین بنی آدم سب مخلوقات
پر شرافت دیا گیا ہے بسبب استعداد معرفت اللہ تعالیٰ کے معرفت خداوند تعالیٰ کی علم
رکھتی ہے قلب سے اور ہاتھ پانون منھ وغیرہ سے کوئی تعلق نہین بلکہ تمام اعضا دل سے
تابع اور خدمت گزار ہین اور دل مثل بادشاہ کے ہے اور اعضا مثل خدام کے ہین کما
قال لان شرف الانسان وفضیلته التی بها فاق جمیع اصناف الخلق کیثی ا
باستعداده لمعرفة اللہ تعالیٰ وانما استعد لمعرفة اللہ تعالیٰ بقلبه لا بجارحة
من الجوارح بل الجوارح له اتباع وخدم تستخدمه استخدام الملک للرعایا ویستعمل
استعمال السید للعبید الخ شمس العارفین مطبوعہ یوسفی صفحہ ۹ ملاحظہ فرمایئے نقل ہے حضرت
بابا فرید الدین عطار رضی اللہ عنہ سے کہ وہ اپنی دکان مین بیٹھے ہوئے تھے ایک فقیر انکی طرف
چلے آئے اور کہا اے عطار ہم کو بھیک دے آپ دوکانداری کے کاروبار مین مصروف تھے اسکی
طرف کچھ التفات نکی آخر فقیر نے کہا تم جو التفات نہین کرتے ہو تو یہ سب مال و اسباب چھوڑ
کو دنیا سے کیونکر گذر جاوگے آپنے فرمایا اے بابا چلا جا بک بک نکر تم دنیا چھوڑ کر کیونکر
جاوگے فقیر نے کہا ہم کو جانا آسان ہے ہم اختیاری موت سے مر سکتے ہین اور جی سکتے ہیں
چنانچہ وہ فقیر صاحب دکان کے سامنے کمبل اوڑھکر لیٹ گئے اور قالب کو چھوڑ کر
معشوق سے ملگئے حضرت بابا فرید اس حال کو دیکھکر خواب غفلت سے بیدار ہوئے اور
اس فقیر کے قالب کو مدفون کرکے لاکھون روپیہ کا کاروبار چھوڑ کر وحشیونکی طرح جنگل
کو نکل گئے ؎ نکل شہر سے راہ جنگل کی لی + نہ سدھ بدھ کی لی اور نہ منگل کی لی + اور بموجب
حدیث شریف موتوا قبل ان تموتوا کے یعنے مرجاو قبل مرنے کے) ذکر الٰہی مین مشغول
ہوگئے حضرت مولانا روم فرماتے ہین ؎ ہفت شہر عشق را عطار گشت + ما ہنوز
اندر خم یک کوچہ ایم۔ کل اولیای کرام عاشقان عظام اپنی جان سوختہ حضرت

عزرائیل علیہ السلام کو نہین دیتے ہین بلکہ اپنے اختیار سے گذر جاتے ہین راحت القلوب
بابا فریدالدین رضی اللہ عنہ وغیرہ ملاحظہ فرمائیے ؎ عاشقان چنان جان دہند +
کہ آنجا ملک الموت نگنجد ہرگز + اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جان عزیز عزرائیل
علیہ السلام قبض کرنے کو آئے تھے اسمین بہت سی حکمت کی باتین تھین ورنہ آپکی جان عزیز
کے قبض کرنیکی عزرائیل کو کیا قوت اور ایسے ہی حضرت موسی علیہ الصلوۃ والسلام کے طمانچہ
سے عزرائیل علیہ السلام جان لیکر بھاگے بیت المقدس مین حضرت موسی علیہ السلام بعد نماز
صبح کے وصال دلبر پاکے یہے اس قالب سے گذر گئے اور ایسے ہزارہا قصے کتب تفسیر و تصوف
وغیرہ مین موجود ہین قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم المؤمن حی فی الدارین علی ان
له موتا معنویا کما اشار علیہ السلام بقوله موتوا قبل ان تموتوا وهو الفناء فی الله بالله لله
ای برادر خداوند تعالی قرآن مجید مین فرماتا ہی ہر نفس کو لذت موت چکھنا ہی اور یہ بھی ہے
کہ وہ مرتبہ ذائقہ موت نہین چکھاتی ہین بحکم نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب قبل مرنے کے مر گئے پھر
کیونکر انکو پھر ذائقہ موت چکھائینگے ای برادر تم کو لازم ہے موت اختیاری سے مرجانا جب
ایکدن گذر جانا ہی اور دوست آشنا سب کو چھوڑنا ہی اور مرنے سے کوئی چارہ نہین تو
لازم ہے موت اختیاری سے مرجاؤ کما قال صاحب روح البیان فعلی العاقل
ان یسعی للموت بالاختیار قبل الموت بالاضطرار ویزکی عن سفساف
الاخلاق ترجمہ صاحب روح البیان فرماتے ہین کہ عقلمند پر لازم اور ضروری ہے
کہ موت اضطراری کی پہلے موت اختیاری سے مرے اور نفس کو برے اخلاق سے
پاک کرے اور خواجہ حافظ شمس الدین شیرازی فرماتے ہین ؎

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

احیاء العلوم امام غزالی کی اور راحت القلوب حضرت نظام الدین سلطان
الاولیاء قدس سرہم کی دیکھو

فصل پنجم در بیان استغاثہ از انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام واولیاء رحمہم اللہ و تصرف انبیاء علیہم السلام واولیاء قدس اللہ اسرارہم

استغاثہ فریاد چاہنے کو کہتے ہیں صراح میں استغاثہ بمعنی فریاد خواستن تحریر فرمایا گیا اور دعا بمعنے استغاثہ ہے مجمع البحار میں ہے ادعونی استجب لکم ای استغیثوا اذا نزل بکم غم و استمداد طلب مدد کو کہتے ہیں تشفع کے معنی شفاعت کرنیکے ہیں صراح میں ہے تشفع شفاعت کردن التجوہ بمعنے توجہ ہے شفاء السقام میں علامہ تقی الدین علی بن عبدالکافی سبکی تحریر فرماتے ہیں التجوہ فی معنی التوجہ غرض یہ ہے کہ اگرچہ مادے ان الفاظ کے مختلف ہیں اور کچھ معانی میں بھی برائے نام اختلاف نظر آتا ہے مگر سب کا مصداق و مطلب ایک ہے جب ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی امر میں توسل کیا تو جس طرح ہم بلحاظ اس توسل کے متوسل ہیں اسی طرح بلحاظ درخواست دعا کے داعی و بسبب فریاد چاہنے کے مستغیث و بسبب مدد چاہنے کے مستعین و مستمد و بلحاظ شفاعت چاہنے کے مستشفع و بخیال طلب توجہ کے متوجہ جب ان الفاظ کے معنے ذہن نشین ہو گئے تو معلوم کرنا چاہیے کہ فریاد کرنے کی تین صورتیں ہیں خواہ انبیاء علیہم السلام سے ہو یا اولیاء رحمہم اللہ سے ہو صورت اول توسل و استغاثہ کسی امر میں بذریعہ جاہ و برکت انبیاء اللہ یا اولیاء اللہ کے کرنا عام ازینکہ وہ مقدور بشر ہو یا نہو چنانچہ یہ ایک رباعی حسب حال و مقال ہے رباعی

یارب بہ محمد و علی و زہرا + یارب بحسین و حسن آل عبا + از لطف برآر حاجتم در دو سرا بے منت خلق یا علی الاعلی +

یہ صورت متعارف و مشہور ہے اور زمانے کا حال دیکھیے کہ بڑے لوگوں کے سامنے جب انکی کسی جاہ و برکت کے ذریعہ سے اپنی حاجت روائی

چاہتے ہیں تو ضرور ہماری حاجت روائی کی جاتی ہے اور ایسی ہی کسی رئیس جواد کے سامنے اُسکے معزز عہدہ دار کا نام لیا جاتا ہے تو خواہ مخواہ اُس کا طبعی میلان بڑھتا ہے اور حاجت روائی کرتا ہے ایسا ہی شہنشاہ حقیقی کی عالی بارگاہ میں اگر انبیاء علیہم السلام یا اولیاء علیہم الرحمۃ کا توسل کیا جائے تو دریای رحمت جوش میں آکر مدد کرتا ہے اور جہان تک غور کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ بیشک انبیاء اللہ علیہم السلام و اولیاء رضی اللہ عنہم خدای تعالی کے مقرب بندے ہیں اور اُنکا توسل دریائے رحمت ایزدی کو جوش میں لاتا ہے اور یہ بھی دوستان خدا کا کرم ہے کہ جب کوئی اُنکا وسیلہ پکڑے تو دربار الٰہی میں سفارش کرتے ہیں **سوال** انبیاء علیہم السلام و اولیای کرام کو علم غیبی نہیں جو ہماری فریاد سے مطلع ہوں اور سفارش کریں **جواب** انبیاء اللہ علیہم السلام و اولیاء کرام رضی اللہ عنہم کو علم غیب بالعرض ہے اور جہان قرآن شریف میں علم غیب کا اختصاص باری تعالی کے ساتھ معلوم ہوتا ہے یا غیب کی نفی آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کی گئی ہے جیسے کہ لَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وہان پر غیب سے غیب بالذات مراد ہے اس غیب سے بالعرض کی خصوصیت یا نفی نہیں ثابت ہوتی ہے اسلیے اللہ تعالی قرآن شریف میں غیب بالعرض کو مستثنیٰ فرماتا ہے کما قال اللہ تعالی عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَىٰ غَيْبِهِ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضَىٰ مِنْ رَسُولٍ اور جب یہ بات معلوم ہو گئی کہ اللہ تعالی کے ساتھ وہی علم خاص ہے جو کل کلیات و جزیات پر محیط ہے تو اگر اللہ تعالی اپنے بعض خواص کو اکثر غیبات کی اطلاع دے یا کل غیبات پر مع غیبات خمسہ کے مطلع فرمائے جنکی نسبت حق تعالی فرماتا ہے إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ تو کیا بعید ہے علم ذاتی تو لیا نہیں جس سے

کوئی خرابی پیدا ہو ہمنے تو علم بالعرض مراد لیا ہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی
خمس لا یعلمہن الا اللہ اسکا بھی وہی مطلب ہے جو آیات کا مقصد ہی اور علامہ
جلال الدین سیوطی نے لکھا ہی کہ ان پانچ کا علم بھی اخیر مین دیدیا گیا ہے دیکھو السیف
المسلول تصنیف جناب مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم کی ملاحظہ ہو شیخ ابن حجر
اپنے فتوی مین لکھتے ہین ولان اکثر علوم نبینا صلی اللہ علیہ وسلم یتعلق بالمغیبات
بدلیل فعلمت علم الاولین والآخرین ولانہ تعالیٰ اختص بہ لکن من
حیث الاحاطۃ والشمول لعلمہ بالکلیات والجزئیات فلا ینافی ذالک
اطلاع اللہ تعالیٰ بعض خواصہ علی کثیر من المغیبات حتی من الخمس
التی قال فیہن صلی اللہ علیہ وسلم خمس لا یعلمہن الا اللہ تعالیٰ لانہا
جزئیات معدودۃ لا غیر یعنے اکثر علوم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
مغیبات کے متعلق تھے اسلیے کہ آپ کو علم اولین وآخرین سکھایا گیا تھا اللہ تعالیٰ
کے ساتھ جو علم غیب مختص ہی وہ تمام کلیات وجزئیات کو شامل ہی اور بالذات ہی
پھر اگر اللہ تعالیٰ بعض خواص کو مغیبات پر مطلع فرمائے تو کچھ مضائقہ کی بات نہین
ہے تا کہ وہ پانچ امور جنکا ذکر قرآن شریف مین ہی انپر بھی مطلع فرمائے تو کچھ مضائقہ

توسل کی دوسری صورت

نہین توسل کی دوسری صورت انبیاء واولیاء اللہ سے سفارش یا دعا کی
درخواست کرنا دیکھیے دنیا مین بادشاہ کی طرف وزیر وکیل واہل خدمت جلیلہ کی
ماموری اسلیے ہوا کرتی ہے کہ یہ لوگ قواعد وضوابط سلطانی کو عام رعایا تک
پہونچائین تا رعایا بادشاہ کے احکام کی پوری تعمیل بذریعہ وزیر یا وکیل کے دریافت
کرکے کرے اگر وزرا کا توسط نہوتا تو سخت دقت واقع ہوتی اسلیے کہ عام رعایا
کو ایسی رسائی نہین ہوتی ہے کہ جس سے بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوکے اُسکے
قوانین کو استفسار کرین اسی طرح جب کسی بادشاہ ذیجاہ سے ملنا یا کسی مطلب کا

...سل کرنا مقصود ہوتا ہو تو پہلے اُسکے وزیر یا کسی امیر با توقیر سے ملکر عرض کرتے ہین
...جو بادشاہ کی خدمت مین تقرب حاصل کرنا ہو یا فلان قصور جو مجھ سے سرزد ہوا
ہے اور بادشاہ کا مجھپر عتاب ہو وہ معاف ہو جاوے اور بادشاہ عتاب سے درگذر کرے
...لیے مین چاہتا ہون کہ آپ مجھے بادشاہ تک پہونچا دین یا کہ اُنکے منصب دلادین
...صور معاف کرا دین اور جنابمن یہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ عموماً وزیر و امیر اس
...حبت روائی کو ذریعہ ثواب و عزت سمجھتے ہین اور موقع پا کر بادشاہ کی خدمت مین
...ض کر دیتے ہین جسپر بادشاہ خواہ مخواہ لحاظ فرماتا ہے اُس غریب کا مطلب
...آتا ہو مدخل مین ابو عبد اللہ محمد بن محمد بن محمد العبد مالکی المشہور با بن حاج
...تے ہین فمن اراد حاجة فليذهب اليهم ويتوسل فانهم الواسطة بين
...له تعالى وخلقه وقد تقرر في الشرع وعلم ما لله تعالى بهم من الاعتناء
ذلك كثير مشهور ومازال الناس من العلماء الاكابر كابرا عن كابر مشرقا
...مغربا يتبركون بزيارة قبورهم ويجدون بركة ذلك حسا ومعنى
...نے جو شخص اپنی حاجت روائی چاہتا ہے لئے چاہیے کہ مقابر بزرگان دین
...جائے اور اُن سے توسل کرے اس لیے کہ بزرگان دین اللہ اور بندیکے درمیان
...ین واسطہ ہین اور شریعت مین یہ امر ثابت ہو چکا اور جانا گیا ہے کہ ان پر
...للہ تعالیٰ کی توجہ خاص ہے یہ امر کثیر الوقوع و مشہور رہے ہر زمانے کے علماء
...یہی دستور رچلا آتا ہے عام از نیکہ علماے مشرق ہون یا مغرب یعنی تمامی
...لماے سلف بزرگان دین کی قبور سے فیض و برکت حاصل کرتے
چلے آئے ہین تیسرے صورت انبیاء اللہ یا اولیاء اللہ سے مقصود طلب
...یا جاوے سو یا محو بن بے سر و سامانم ہے قبلہ دین مددی کعبہ ایمان
...دوے ... یا نبی اگشتہ ... بلعت بہت قسمت ... ہو رطہ ... طوفان ...

طوفان غم صدمۂ در طرہ اندرین + یا نبی کشتی امت بکف ہمت تست + مددے
گدایان شاہ مددے شاہان شاہ + شدۂ عالم دو سلطان تو گدائیم ما + مددے
دار غریبی سخت گنم بر عاصیم + مددے حیران من بر نظری فگن سوئیم + مدنی سید یا غریب کس بی بیکس + مددے
رحم فرمار غریبی غریبان مددے ++ گر مسئول مسئول عنہ کا اختیاری ہے تو اس قسم کا توسل
آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جائز ہے چنانچہ در النضید میں ہے
والاستغاثۃ بمعنے ان یطلب من الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ما هو
اللائق بمنصبہ لا ینازع فیہ مسلم ومن نازع فی هذا المعنے فهو اما
کافر او مخطی ضال اور سوائے آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے
انبیاء اللہ و اولیاء اللہ سے بھی جائز ہے سے غوث الاعظم بمن بے سروسامان
مددے + قبلۂ دین مددے کعبۂ ایمان مددے + اور حضرت مولانا شاہ ولی اللہ
صاحب بھی انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ میں یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ
کے عمل کرنیکا حکم فرماتے ہیں عبارت انکی یہ ہے بعض اصحاب طریقہ قادریہ برای حصول مہمات
ختم باین طور می کنند اول دو رکعت نماز نفل خوانند بعد ازان یکصد و یازدہ بار
درود بخوانند بعد ازان یکصد و یازدہ بار کلمۂ تمجید و یازدہ بار یا شیخ عبد القادر
جیلانی شیئاً للہ و یک مرتبہ سورۂ یٰس الخ ارواح مقدسہ مدبرات امور ہیں اللہ تعالیٰ کے
حکم سے افعال اختیاریہ کو وہ اچھی طرح کر سکتے ہیں چنانچہ قاضی بیضاوی و مولانا شاہ عبد العزیز
صاحب رحمہما اللہ کا یہی مسلک ہے اور اگر مسئول مسئول عنہ کا اختیاری نہیں ہے تو اس طور
کے استغاثہ میں مسئول عنہ سے جناب باری کی درگاہ میں دعا مقصود ہوتی ہے پس صورت ثانی
و ثالث کا مطلب و مقصود ایک ہے جب دونوں کا حال ایک ہے تو اسکے جواز کے لیے علیحدہ دلیل کی کوئی
ضرورت نہیں یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ صورت ثالث میں داخل ہے اسکے دو معنی خیال میں آتے ہیں پہلے معنی یہ
ہیں کہ اے شیخ عبد القادر جیلانی خدا کو کچھ دیجیے یہ معنی صحیح نہیں اسلیے کہ خداوند عالم کسی کا محتاج نہیں

نکر مین اس معنی کے لحاظ سے لوگون کو منع کرتی ہین دوسرے معنی یہ ہین کہ ای شیخ عبد القادر
یلانی کچھ دیجیے اکرامًا للہ تعالی اس معنی مین کسی قسم کا فساد نہین شامی مین ہی واما
بعد النفی الصحیح فالظاہر انہ لا بأس بہ اکثر علمای محدثین اسکو مجوز ہین جیسے امام
فعی و خیر الدین رملی و شیخ عبد الحق دہلوی و شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور مولانا حاجی
مداد اللہ صاحب فیصلہ ہفت مسئلہ مین خوب تصریح کے ساتھ عرس و سماع و فاتحہ و نیاز
لیاء اللہ و ندای غیر اللہ کو جائز تحریر فرماتے ہین انکی کلیات امدادیہ دیکھو افسوس کہ بعض حسب
یوبندی چیلے انکے منحرف ہوگئے اور کانپور وغیرہ مین خوب طرح بحر سر منبر ان باتون کا انکار صریح کیا
سر ایک ضمیمہ بھی انکے رد مین تحریر فرمایا پیر کی زندگی مین تو انکا کلام بسر و چشم قبول کیا جائے اور بعد وصال
بعد اوسکا رد کیا جائے ایسے شخص کو پیر کا فیض نہین ہوتا ہی صاحب فتوی شامی جو بڑے
محقق شخص ہین انھون نے معنے ثانی کی لحاظ سے جائز لکھا ہی صاحب سیلہ جلیلہ فتوی خیریہ سے
نقل کرتے ہین یا شیخ عبد القادر جیلانی فہو نداء اذا اضیف الیہ شیء للہ فہو طلب
شیء اکرامًا للہ فما الموجب لحرمتہ یعنی یا شیخ عبد القادر ندا ہی جب شیئًا للہ ملایا گیا تو یہ
طلب شی ہی اکرامًا للہ تعالی پھر حرمت کا کوئی منشا پایا نہین جاتا فتاوی علامہ سید
مصری مکی مین ہی قول العامة شیء للہ یا فلان عربیة لا عجمیة لکنہا من مولدات
اہل العرب ولم یحفظ لاحد من الائمة نصا فی النہی عنہا ولیس المراد بہا فی اطلاقہم
شیئا یستدعی مفسدة الحرام او المکروہ لانہم انما یذکرونہا استمدادا او تعظیما
ن یحسنون فیہ الظن یعنی شیئًا للہ یا فلان عربی ہے عجمی
مین لیکن یہ ترکیب مولدات اہل عرب سے ہے ائمہ سے اسکی ممانعت منقول نہین ہی یہ ترکیب
ایسے محل مین مستعمل نہین ہوتی ہی کہ جس سے حرام یا مکروہ لازم آوے اس لیے کہ اس سے استمداد
سے شخص سے کی جاتی ہی جس سے حسن ظن ہی چنانچہ امام غزالی قدس سرہ نے اسکو ثابت کیا ہی
علامہ شیخ حسین کشف اللہاب مین لکھتے ہین واذا ثبت ان الانبیاء والاولیاء بعد

الا انتقال من هذہ الدار اسمع وابصر من الاحیاء فنادام بعض الملهوفین وطلب منهم التوسل والدعاء عند الله لكشف همومه وقال مثله یا عبد القادر شیئاً لله فلا یعجبه باس ولا شناعة ویكون طلباً للتوسل والشفاعة لانا نعتقد ان احداً بعد الموت لا یملك شیئاً من التصرف فی الوجود بل لا معطی ولا وهاب الا الله النافع الكریم الودود ولا یطلب منهم الا ما یملكون وهو التوسل عند الله فی قضاء الاوطار وهذا التوسل جائز كما ثبت بالاخبار والآثار

اور جب یہ ثابت ہوا کہ انبیاء اور اولیاء بعد انتقال کے اس دار فانی سے زندوں سے زیادہ سنتے اور دیکھتے ہیں پس ان کو اگر بعض مصیبت زدہ پکاریں اور ان سے وسیلہ چاہیں اور دعا کرائیں کہ اللہ تعالی ہماری مصیبت کو دور کر دے اور کہا کہ مثل اس کے ہے یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ پس ہم کو اس سے کوئی خوف نہیں معلوم ہوتا اور نہ کوئی برائی ہے اور یہ توسل اور شفاعت کا ان سے چاہنا ہے اس لیے کہ ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ کوئی بندہ موت کے بعد کسی تصرف کا مخلوقات میں مالک نہیں ہوتا بلکہ کوئی معطی اور وہاب سوا خداوند تعالی کے نہیں ہے اور وہی نفع دینے والا اور وہی ودود ہے اور نہیں مانگی جاتی اموات سے مگر وہ چیز جسکے وہ مالک ہیں اور وہ وسیلہ ہے اللہ کے نزدیک اپنی مرادیں پوری کرنیکا اور یہ توسل جائز ہے جیسا کہ آثار اور احادیث سے ثابت ہے اور مولوی محمد غوث مدراسی نے انہار المفاخر فی مناقب الشیخ عبد القادر میں لکھا ہے کہ یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ نیز از دعوات عظیمہ و اسرار فخیمہ است در قضاے حوائج از مجربات و معمولات شیوخ سلسلہ قادریہ است بلکہ در رسالہ حقیقت الحقائق می آرد کہ وی رضی اللہ عنہ فرمودہ است اسمی کالاسم الاعظم یعنے نام من مانند نام اعظم الہی است برای تاثیر انجاح حوائج و در خواندن آن نیز ترتیبات متعددہ گفتہ اند صاحب جواہر غیبی در صفحہ ۴ جلد ششم میں بہجۃ الاسرار سے نقل کرتے ہیں بدانکہ حضرت محبوب سبحانی حضرت شیخ سید محی الدین عبد القادر جیلانی قدس سرہ

العزیز کفیل گشته اند برای مریدان خویش تا روز قیامت که هیچ کدام یکی از ایشان بغیر دیگر بر توجه
و این از جناب عزت در حق آن حضرت بشارت است که مریدان ایشان و مریدان مریدان
ایشان تا هفت واسطه داخل بهشت شوند مقصود آن ست که مریدان ایشان بلا واسطه
و بواسطه تا روز قیامت داخل شوند و حضرت محبوب سبحانی می فرمایند که من کفیل و ضامنم
برای مریدان خود تا هفت واسطه اگر بحال مرید من نقصان در مشرق راه یابد من از در مغرب
جبر نقصان او کنم از جانب پروردگار خود مامورم باین که مریدان خود را از ردی حال و مرتبه
نگهبانی میکنم و حافظ باشم و فرموده اند محبوب سبحانی که نامه طویل بقدر مد نظر بمن عطا شد
و در آن نامه نامهای مریدان و منتسبان من تا روز قیامت ثبت کرده اند و فرمان آمد که
همه را بواسطه تو بخشیدم و مالک که دربان دوزخ است از وی پرسیدم که هیچ یکے از یاران من
اینجا داخل است گفت قسم بعزت خداوند که دست من بمریدان تو هرگز نمی رسد و میان
من و میان مریدانت بعد زمین و آسمان است اگر مرید من جید نباشد من جیدم قسم بعزت و بزرگی
خدا که هرگز از پیشگاه عزت جدا نشوم تا آنکه مرا با همه مریدان به بهشت نفرستند
و فرموده اند هر که بمن منتسب شود حقتعالی قبول فرماید توبه او را هر چند که راه سبیل نکرده باشد
از اصحاب من است حق تعالی وعده کرده است که اصحاب ترا و محبان ترا و اهل مذهب
ترا داخل بهشت گردانم و فرموده اند هر مسلمان که بمدرسه من عبور نماید روز قیامت در عذاب
تخفیف کرده شد مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ہمعات میں فرماتے ہیں در اولیاء
امت و اصحاب طریق اقوی کسے که بعد تمام راه جذب بآکد وجه باصل میل کرده است و
در آنجا بوجه اتم قدم زده است حضرت محی الدین جیلانی قدس سره اند لهذا گفته اند که
ایشان در قبر خود مثل احیا تصرف میکنند و حضرت ابو القاسم قشیری اپنے رسالہ میں لکھتے
ہیں کہ ابو محفوظ بن فیروز الکرخی کان من المشائخ الکبار و مجاب الدعوات یستشفی
بقبرہ البغدادیون و قبرہ معروف تریاق مجرب یعنی معروف کرخی مشائخ کبار سے تھے آپکی

دعا مقبول ہوتی تھی البغداد کی رہنے والے انکی قبر سے شفا چاہتے ہین انکی قبر تریاق مجرب ہے علامہ زکریا انصاری اُسکی شرح مین لکھتے ہین ومثلہ یذکر عن قبری اشھب و ابن القاسم صاحبا امام مالک یعنی اشہب و ابن قاسم کی نسبت بھی یہی کہا جاتا ہے کہ وہ مستجاب الدعوات تھے انکی قبرین تریاق مجرب ہین یہ دونون حضرات امام مالک کے شاگرد تھے حضرت سید احمد بدوی کے تصرفات سے ہے کہ ہند مین ہر سال اُن کا عرس ہوتا ہے اور آسیب زدہ ہزارہا آتے ہین سب چنگے ہو جاتے ہین مولانا عبدالحق محدث دہلوی اخبار الاخیار مین تحریر فرماتے ہین کہ نام آن سید در ان در دفع جن بغایت موثر است جنکو نام کی برکت سے جن بھاگتے ہون تو اُن کے مزار پر انوار پر اگر زائد تاثیر ہو تو کیا مضائقہ ہے مولانا الشیخ عبدالحق محدث دہلوی شرح فتوح الغیب مین لکھتے ہین کہ سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ راموت نسبت حیات دممات برابر ست ملفوظ قاضی شہاب الدین ملک العلما مین ہے کہ سیدنا مولانا الشیخ ابو محمد سید عبدالقادر جیلانی را موت نسبت حیات و ممات برابر است اور اولیا و صلحا کا شفاعت کرنا حدیث سے ثابت ہے صاحب سلسلہ در رسافرہ سے جس کے مصنف علامہ سیوطی ہین حدیث بیان کرتے ہین اخرج الترمذی وحسنہ من ابی امامۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول وعدنی ربی ان یدخل الجنۃ من امتی سبعین الفا لاحساب علیھم ولا عذاب مع کل الف سبعون الفا اس حدیث سے صریح یہ بات پائی جاتی ہے کہ حقتعالی جلشانہ نے آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ فرمایا کہ ستر ہزار مسلمان بے حساب و کتاب بہشت مین داخل ہونگے ہر ہزار کے ساتھ ستر ستر ہزار ہونگے الخ انبیاء اللہ و اولیاء اللہ جو اپنی مزارون مین زندہ ہین اُسکی دلیل آئندہ پیش کرونگا اور مولانا کرامت علی صاحب مرحوم مغفور جونپوری اپنے رسالہ فیض عام مین تحریر فرماتے ہین **نصیحت** اب یہ خاکسار جس عمل کو اپنے واسطے بہتر جانتا ہے اور پسند کرتا ہے اور مفید جانتا ہے اور آزمایا بھی ہے اور اُس سے فائدہ بھی پایا ہے اب مین اُسکو اپنے بھائیون کے واسطے بھی لکھہ

دیتا ہون وہ عمل یہ ہے کہ رسالہ سبیل الرشاد مین جو اس خاکسار کے مشائخ کے طریقہ اسمین درج ہین اور اسکے مصنف حضرت شاہ محمد عاشق ہین جو مرید حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہما کے ہین وہ فرماتے ہین کہ حضرت شیخ و مرشد میرے نے ارشاد فرمایا کہ اشارہ غیبی ایسا ہوا کہ سالک کیواسطے بڑے فایدے دینے والی چیز یہ ہے کہ سالک بعد عشا قبلہ کی طرف منہ کرے اور اپنے دونون ہاتھون کو جمع اور اکٹھا کرے اور تصور اور خیال کرے کہ یہ ہمارے دونون ہاتھ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دونون ہاتھون مین ہین یہ خیال کر کے یہ لفظ کہے بایعت رسول اللہ صلعم علے خمس شہادۃ ان لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ و اقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ وصوم رمضان وحج البیت ان استطعت الیہ سبیلا بایعت رسول صلعم علے ان لا اشرک باللہ شیئا ولا اسرق ولا ازنی ولا اقتل ولا اٰتی ببھتانا افتریہ بین یدی ورجلی ولا اعصیہ فی معروف ان الفاظون کو زبان سے کہے اور بیعت کو نیا اور تازہ کرے اور دل اور جان سے اس بیعت کے مضمون کو قبول کرے بعد اسکے سو بار درود شریف پڑھے جو شخص کہ اس عمل کو ہر رات کیا کریگا تو وہ شخص مرشد کامل کی صحبت کا اثر اس عمل مین پاویگا اور اس سے بڑھ کے اور بھی فائدے ہین اور اس عمل مین صورت مبارک کا نظر پڑنا ضرور نہین بلکہ اپنے دونون ہاتھون کا آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دونون ہاتھون مین ہونیکا مراقبہ کافی ہے اور اس عمل کیواسطے اشارہ غیبی کا ہونا جو فرمایا ہے تو اُس کے یہ معنی ہین کہ الہام ہوا اور یہ الہام عمل کے لائق ہے کیونکہ اسکی اصل شریعت سے ثابت ہے اور اس طرح کا مراقبہ اور تصور کرنا بھی شریعت سے ثابت ہے اس بات کی دلیل کیواسطے اسی قدر کفایت کرتا ہے جو کہ اس خاکسار نے قرۃ العیون مین فتاوی عالمگیری کے کتاب المناسک کے خاتمہ سے لکھا ہے وہ یہ ہے کہ متوجہ ہو آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف کی طرف اور کھڑا ہو آپ کے سر مبارک کے پاس قبلہ کی طرف منہ کر کے پھر قریب ہو قبر سے تین چار ہاتھ کے فاصلہ پر اور اس سے زیادہ اسکے قریب نہووے اپنا ہاتھ تربت کی دیوار پر

تو لکھ کیونکہ وہ بڑی ہیبت اور بزرگی کا مقام ہی اور کھڑا ہووی جیسا کہ نماز مین کھڑا ہوتا ہی یعنے
دہنا ہاتھ بائین ہاتھ پر رکھی جیسا کہ نماز کی حالت مین رکھتے ہین جذب القلوب مین لکھا ہی
کہ کرمانی نے جو کہ حنفی عالمون سے ہین اسبات کو صاف تصریح کے ساتھ لکھا ہی کہ آن حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت بزرگ اور خوبصورت کا دلمین خیال اور تصور کرے کہ گویا آن
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی لحد مین سوتے ہین اور یہ شخص جو حاضر ہی آپ کو معلوم ہے
اور اسکی بات کو سنتے ہین انتھی اختیار شرح مختار **ف** اس مقام مین یہ کوئی شبہہ
نکرے کہ اس طرح کا کھڑا ہوتا اور تصور کرنا درست ہی یا نہین پس اسکو درست جانے اسکا بھید
سمجھ آدمی یا نہ آدمی ہر مسئلہ کا بھید سوا اللہ تعالی اور اسکے رسول ص کے کسی کو معلوم
نہین پس ایمان داری کو اس قدر کفایت کرتا ہی اور مدارج النبوۃ کے آخر مین جو حضرت
محقق شیخ عبد الحق محدث دہلوی قدس سرہ نے آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
صورت اور معنی اُن کی ہمیشہ ملاحظہ کرنیکی وصیت کی ہی اگرچہ تکلف کے ساتھ ہو اور یہ
ملاحظہ اور حضوری حاصل کیا کرے سو یہ وصیت بھی اس عمل کی دلیل قوی ہی اور حقیقت
اس بات کی یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت یعنی روح مبارک کو اللہ تعالی
نے تاثیر بخشی ہی کہ وہ تصرف کلی کرے اور وہ توجہ خاص بھی فرماتی ہے اور اُس کا
فرشتون اور نبیون کی روحون کو تربیت کرنا بھی ثابت ہو جیسا کہ حدیث شریف
مین وارد ہی کنت نبیا و آدم بین الماء و الطین یعنی حضرت آدم علیہ السلام کا ابھی لبد بھی
تیار نہوا تھا اور مین نبی تھا یعنی مین اروحون کی تربیت کرتا تھا اس بات کا بیان
نور علی نور کی نوین ہدایت کے ساتوین دفعہ مین دیکھو اور اس رسالہ مین ہے کہ آنحضرت
کی لطیفون سے اولیا عظام بزرگون کے لطیفون کو فیض پہونچتا ہی معلوم ہو چکا اور بعد وفات
کے روح مبارک کا جسم شریف مین حالت زندگی کی طرح رہنا بھی اشعۃ اللمعات
وغیرہ کتابون سے ثابت ہی اسکا بیان مرآۃ الحق مین دیکھو اور آن حضرت کی

روحانیت جو اُمت کی طرف ہمیشہ متوجہ ہے اور قیامت کو جو کہ شفاعت عظمٰی کرینگی اُس کے سواے
بہی شفاعت کیا کرتے ہین اسکا بیان قرۃ العیون مین دیکہو تو اب اس صورت مین اس
عمل مین کسی طرح کا شبہہ نرہا اور محمد بن حرب ہلالی نے جیسا کہ اعرابی کا قصہ روایت کیا
ہو جسکا بیان مفصل قرۃ العیون مین ہی اُسکا خلاصہ یہ ہو کہ ایک اعرابی نے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے شفاعت چاہی تو آنحضرتؐ نے محمد ابن حرب کو خبر دی کہ حقتعالیٰ نے میری شفاعت
کے سبب سے اُسکی مغفرت کردی اُسکے سارے گناہ بخشے یہ قصہ بموجب اس عمل کے ہے اور اس
عمل مین بڑی تاثیر اور خیر اور برکت کی امید ہے اللہ سبحانہٗ ہم سب مسلمانون کی امیدین بر لاوے
آمین یا اکرم العالمین یہانتک قول مولانا کرامت علیؒ کا تمام ہوا اور فقیر کہتا ہو کہ یہ عمل مطابق
عمل ضرب الاقدام الی العراق کے ہے جس عمل کو حضرت مولانا کلیم اللہ جہان آبادی قدس
سرہٗ مرقعہ کلیمی مین اور اکثر اولیاء کرام اپنی معتبر کتابون مین بسند صحیح غوث پاک سے بیان فرماتی
ہین کتاب بہجۃ الاسرار مین غوث پاک سے اس عمل کو ثابت کیا ہے سوال کتاب بہجۃ الاسرار
مستند کتاب ہے یا نہین جواب صاحب بہجۃ الاسرار نامی فاضل تہے اور یہ کتاب مستند ہے
اس جلیل الشان فاضل کی نسبت امام یافعی مرآۃ الجنان مین لکھتے ہین الشیخ الامام
الفقیہ العالم المقری اور جناب حافظ ذہبی طبقات القری مین لکھتے ہین الامام
البارع شیخ القراء ہے علمای متقدمین نے صاحب بہجۃ الاسرار کی بہت تعریف
کی ہو مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہٗ جو بڑی فاضل تہے اور پہلے پہل علم حدیث کو
ملک عرب سے ملک ہندوستان مین لائے ہین اور دین محمدیؐ سے ہند کو روشن کیا ہے اور ایکسٹو
کتابین اُنکی تصنیف سے ہین اور ہر ایک کتاب اُنکی معتبر ہے اور ملک ہند مین علم حدیث
کا جاننے والا ایسا کوئی شخص نہین گذرا ہے شرح مشکوۃ عربی اور اشعۃ اللمعات اور مدارج النبوۃ اور جذب
القلوب وغیرہ کتابین اُنکی تصنیف سے ہین اور احسن التواریخ مولانا عبدالاول صاحب کی
ملاحظہ فرمائیے استمداد انبیاء و اولیاء کرام کے بارے مین شیخ محقق مولانا عبدالحق صاحب

بیان صلوۃ استغاثہ ضرب الاقدام الی العراق

فی شرح مشکوۃ مین ثابت کیا ہے اور بہجۃ الاسرار کی نسبت تالیف قلب الالیف مین شیخ محقق
لکھتے ہین کہ کتاب بہجۃ الاسرار کتاب بے ست مقرر و معتبر مذکور ہین المشائخ و العلماء صنفہا
بعض مشائخ المقربین و بینہ و بین الشیخ رضی اللہ عنہ واسطتان اور رما ثبت بالسنۃ بین
شیخ محقق لکھتے ہین قد ذکر فی بہجۃ الاسرار وہو الکتب المشہور فی بیان احوال ہذا الشیخ
الکریم المختار روایۃ الثقات من المشائخ الکبار و بین مصنف الکتاب و بین
الشیخ رضی اللہ عنہ اسلتان فخ غبسباء انہار المفاخر مین مولوی محمد غوث مدراسی نے
تحریر کیا ہے کہ استخراج نمودآن را از کتب معتبرہ مثل بہجۃ الاسرار و معدن الانوار تصنیف فقیہ
عالم عامل فاضل کامل مقری علامہ محدث فہامہ شیخ نور الدین ابی الحسن
علی الخ صاحب بہجۃ الاسرار نے نقل کیا ہے کہ فرمایا حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے
ومن صلی رکعتین یقرء فی کل رکعۃ بعد الفاتحۃ سورۃ اخلاص احد عشرۃ مرۃ
ثم یصلی علی رسول اللہ صلعم بعد السلام ویسلم علیہ ویذکرنی ثم یخطو الی جہۃ
العراق احد عشرۃ خطوۃ ویذکر اسمی ویذکر حاجتہ فانہا تقضی لہ الخ یعنے حضرت غوث پاک فرماتے ہین
کہ جو شخص دو رکعت نماز پڑہے ہر رکعت مین بعد سورۃ فاتحہ کے گیارہ گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑہے اور
سلام کے بعد آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجے اور ہمارا ذکر کرے پھر عراق کی
طرف گیارہ قدم چلے اور ہمارا نام لے اور اپنی حاجت کا ذکر کرے وہ حاجت اوسکی بر آے گی
جہانتک مین غور کرتا ہون اس نماز مین کچھ محذور شرعی پایا نہین جاتا اور حضرت مولانا کلیم اللہ
جہان آبادی رضی اللہ عنہ مرقعہ کلیمی مین اس نماز کو مجرب تحریر فرماتے ہین فقیر کہتا ہے
قضای حاجت کے لیے نماز پڑھنا تو احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اور بعد نماز درود و سلام
غیر مشروع نہین بلکہ درود و سلام سے دعا مقبول ہوتی ہے حضرت غوث پاک کا ذکر کرنا جائز
نہین جسوقت اولیاء اللہ کا ذکر ہوتا ہے رحمت نازل ہوتی ہے حدیث مین ہے
عند ذکر الصالحین تنزل الرحمۃ یعنے صالحین کے ذکر کیوقت رحمت برستی ہے

چنانچہ ابن جوزی نے اسکو مقدمہ صفوۃ الصفوۃ مین لکھا ہے اور بابا فرید الدین عطار رضی اللہ تعالی عنہ تذکرۃ الاولیاء مین اس حدیث کو نقل فرماتے ہین اور جبکہ عبارت فیض عام مولانا کرامت علی سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر ہر شب بیعت کرنا اور تصور کرنا کہ گویا آپ حاضر ہین ثابت ہوگیا تو حضرت غوث اعظم جو نائب النبی اور علم ولایت کے آپ ذمہ دار ہین آپ حامل اور امانت دار تا یوم قیامت ہین انکی تصور مین کیا خرابی ہے خرابی ہرگز نہین ہے بلکہ جائز ہے شمس العارفین کے بیان تصور شیخ کو دیکھو گیارہ قدم بغداد کی طرف جانا اور حضرت غوث کے گیارہ اسم سے استغاثہ کرنا اپنی حاجت کا ذکر کرنا اسکے عدم جواز کی کوئی صورت نہین پائی جاتی کیونکہ توسل و تشفع و استمداد اولیاء کرام سے باجماع علمائے سلف کے درست و جائز ہے آدمی کھڑا ہو یا بیٹھا ہو بلکہ کھڑے ہوکر توسل کرنے مین عاجزی و انکساری زیادہ ہوتی ہے بغداد کی طرف چلنا صرف اس خیال سے کہ توسل حضرت غوث پاک سے ہے جنکا مزار پر انوار بغداد شریف مین ہے اگر کوئی اعتراض کرے کہ یہ تو عبادت غیر اللہ ہوئی اور عبادت غیر اللہ حرام ہے لہذا یہ بھی حرام ہے تو ہم اسکے جواب مین یہ کہتے ہین کہ گیارہ قدم چلنا نہ داخل عبادت ہے نہ کسی عبادت کے مثل ہے بلکہ فال نیک مثل قلب رداء کے وقت نماز استسقاء کے ہے اور اسمین اسرار بھی ہین انکا کتاب مین ذکر کرنا نامناسب ہے اور اسمین فائدہ بھی متصور ہے کہ حضرت غوث پاک ہمارے خستہ حال پر نظر فرماوین کہ یہ بیچارہ ہماری حضور مین حاضر ہونے سے عاجز ہے لیکن سعی کرتا ہے لہذا ہم اسکی طرف توجہ فرماوین اسی امید پر عراق کی طرف گیارہ قدم چلتے ہین اس عمل کو اکثر علمای کاملین نے اپنی کتابون مین نقل کیا ہے چنانچہ شیخ مجد الدین شیرازی فیروزآبادی نے الروض الناضر مین اور شیخ محمد سعید از نجانی نے فرحۃ الخواطر مین اور شیخ شہاب الدین القسطلانی نے الروض الزاہر مین اور امام عبداللہ یافعی نے خلاصۃ المفاخر مین اور شیخ ابوبکر بن نصر نے انوار الناظر مین اور سید عبدالقادر نے

الدر الفاخرمین اور شیخ محمد یحیی نے قلائد الجواہر مین اور شیخ عبد الحق نے زبدۃ الآثار مین
اور مولانا شاہ ابو المعالی نے تحفہ قادریہ مین اور مولوی محمد غوث نے انہار المفاخر مین اور
قاضی الملک مدراسی نے نثر الجواہر مین نقل کیا ہے اگر یہ شرک ہوتا تو ایسے علماء جو کہ دین
محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے ستون ہین اسکو ہرگز اپنی کتابون مین جائز نہ لکھتے ان کا لکھنا ہی
ہمارے واسطے کافی ہے اور یہی سند وافی ہے الحمد للہ علی احسانہ کہ فقیر نے اس نماز استغاثہ
سے بہت کچھ فائدہ پایا اور اللہ تعالیٰ اپنے اور بندون کو بھی فائدہ پہونچائے اس نماز
کی ترکیب اور ختم غوثیہ کی ترکیب جو معمول فقیر ہے اور اسمین اسرار مخفیہ ہین انشاء اللہ
رسالہ کی اخیر مین درج کرون گا اور حضرت حجۃ الاسلام امام غزالی فرماتے ہین یُسْتَمَدُّ
الْاِسْتِمْدَادُ فَکُلُّ وَاحِدٍ اُسْتُمِدَّ بِہٖ فِیْ حَیَاتِہٖ یُسْتَمَدُّ بِہٖ بَعْدَ مَمَاتِہٖ کَمَا قَالَ الشَّیْخُ
عبد الحق محدث دہلوی فی ترجمۃ المشکوٰۃ یعنی مدد چاہنا جائز ہے پس جو شخص کہ
مدد چاہی جاتی ہو اُس سے بحالت زندگی مین مدد طلب کیجاتی اُس سے بعد مرنے اسکے کے
ایسا ہی فرمایا ہے شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے ترجمہ مشکوٰۃ مین اور حضرت مولانا شاہ
عبد العزیز صاحب سورۃ اذا السماء انشقت کی تفسیر فتح العزیز مین فرماتے ہین و بعضے خواص
اولیاء اللہ را کہ آلۂ جارحہ تکمیل و ارشاد بنی النوع خود گردانیدہ اند درین حالت ہم تصرف در دنیان
دادہ و استغراق آنہا بجہت کمال وسعت تدارک آنہا مانع توجہ باین سمت نمی گردد
و اویسیان تحصیل کمالات باطنی از انہا می نمایند و ارباب حاجات و مطالب حل مشکلات
خود از انہا می طلبند و می یابند و زبان حال آنہا دران وقت ہم مترنم باین مقالہ است
مصرع من آیم بجان گر تو آئی بتن * ترجمہ سورۃ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا اِلٰی فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا
یعنی قسم ہے ارواح مفارقہ کی جو ابدان سے بشدت نکلتی ہین اور پھیلتی ہین عالم ملکوت
مین اور سیر کرتی ہین اسمین پس پہونچ جاتی ہین حظائر قدس تک پھر اپنے شرف قوت
سے عالم کی تدبیر کرتی ہین صاحب تفسیر بیضاوی فرماتے ہین اَوْ صِفَاتُ النُّفُوْسِ الْفَاضِلَۃِ

حَالَ الْمُفَارَقَةِ فَاِنَّهَا تَنْزِعُ عَنِ الْاَبْدَانِ غَرْقًا اَیْ نَزْعًا شَدِیْدًا فَتَنْشَطُ اِلٰی عَالَمِ الْمَلَكُوْتِ وَتَسْبَحُ فِیْهِ فَتَسْبِقُ اِلٰی حَظَائِرِ الْقُدْسِ فَتَصِیْرُ لِشَرَفِهَا وَقُوَّتِهَا مِنَ الْمُدَبِّرَاتِ

جب ارواح مقدسہ کو اس قسم کا شرف حاصل ہوا کہ اُن کو تدبیر عالم مین دخل دیا گیا تو منجی توسل بلاشبہہ جائز ہوگا مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب سے مولوی نعیم الدین بردوانی نے جو ۱۲۲۲ھ مین سوال کیا تھا جسکو صاحب وسیلہ ذ نقل کیا ہے ملاحظہ ہو **سوال** براہی دریافت اینکہ اہل قبر کامل است یا نہ ودر صورتیکہ اہل قبر کامل باشد از وے استمداد خود بچہ صورت باید کرد-

جواب بعضے اہل قبور مشہور بکمال اند وکمال ایشان بتواتر ثابت شدہ طریق استمداد از ایشان آنست کہ جانب سر قبر او سورہ بقرہ انگشت بر قبر نہادہ تا مفلحون بخواند باز بطرف پائین قبر بیاید آمن الرسول تا آخر سورہ بخواند وبزبان گوید اے حضرت من برای فلان کار روز جناب الٰہی التجا میکنم ودعا شما نیز بدعا وشفاعت امداد می نمائید باز رو بقبلہ آرد مطلوب خود را از جناب باری بخواہد وکسانیکہ کمال ایشان معلوم نیست ومشہور ومتواتر نشدہ دریافت کمال آنہا ہمان طریق است کہ بعد از فاتحہ بدرود وذکر متوجہ دل خود را مقابل سینہ مقبور بدارد اگر راحت وتسکین ونورے دریافت کند بداند کہ این قبر از اہل صلاح است لیکن استمداد از مشہورین باید کرد یعنی اولیا رکو مظہر الٰہی سمجھکر اُن سے مدد طلب کرنا چاہیے حقیقةً اللہ تعالیٰ ہر کام کا انجام کرنیوالا ہے مولانا روم فرماتے ہین ؏ آب خواہ از جو بجو خواہ از سبو ٭ کان سبو را ہم مدد باشد زجو ٭ نور خواہ از مہ طلب خواہی ز خور ٭ نور مہ ہم ز آفتاب است ای پسر ٭ کشف الغطاء مین ہے و این امر بسیت ثابت ومقرر نزد مشائخ صوفیا از اہل کشف وکمال تا آنکہ گویند اکثرے فیوض وفتوح از ارواح رسیدہ صاحب وسیلہ از امام رازی نقل کردہ گفتہ چون می آید زائر نزد قبر حاصل میشود نفس او را تعلق خاص بقبر چنانکہ نفس صاحب قبر را وبسبب این دو تعلق حاصل میشود میان ہر دو نفس ملاقات معنوی وعلاقۂ

مخصوص و آ اختلاف کردند درین که امداد حی قوی تر است از امداد میت یا بالعکس
مختار بعض محققان ثانی ست و درین باب بعض روایت میکنند که فرمود آن حضرت صلی
الله علیه وسلم چون متحیر شوید شمار در امور یعنی کار بس مدد جوئید از اصحاب قبور شیخ اجل
در شرح مشکوة گفته که یافته نمی شود در کتاب و سنت و اقوال سلف صالح چیزیکه منافی
و مخالف این باشد و رد کند این را آیا جمله بعد از انکه ثابت شد که روح باقی ست و اورا
تعلقی خاص ست با جزای بدن بعد مفارقتش از وی و تغیر کیفیت وی نیز هست که
بدان علم و شعور بزائران قبر و احوال ایشان دارد و ارواح کمل که در حین حیات ایشان
بسبب قرب مکانیت و منزلت از رب العزت کرامات و تصرفات و امداد داشتند بعد
از ممات چون بهمان قرب باقی اند نیز تصرفات دارند چنانچه در حین حیات تعلق کلی
بجسد نداشتند یا بیشتر از ان پس انکار استمداد را وجهی صحیح نمی نماید مگر آنکه از اول منکر
شوند تعلق روح بدن بالکلیه بجمیع وجوه بعد مفارقت و زوال علاقه حیات و آن
خلاف منصوص است و برین تقدیر برای زیارت رفتن همه لغو و بے معنی گردد و این امر
دیگرست که تمامی اخبار و آثار دال بر خلاف آن است و نیست صورت استمداد مگر باین
طور که محتاج طلب کند حاجت خود را از جناب عزت الٰهی بتوسل روحانیت بنده
مقرب و مکرم درگاه والا و گوید خداوندا ببرکت این بنده که رحمت
و اکرام کردهٔ او را برآورده گردان حاجت مرا یا ندا کند آن بندهٔ مقرب و مکرم را که ای بندهٔ
خدا و ولی وے شفاعت کن و بخواه از خدایتعالی مطلوب تا قضا کند حاجت مرا پس
نیست بنده در میان مگر وسیله و قادر و معطی و مسئول پروردگار است تعالی شانه
و در وی هیچ شائبه شرک نیست چنانکه منکر وهم کرده و این چنان ست که توسل و طلب
دعا از صلحا و دوستان خدا در حالت حیات آن جائز ست باتفاق پس این چرا
جائز نباشد و فرقی نیست در ارواح کاملان در حین حیات و بعد از ممات مگر

بترقی کمال شیخ او صاحب وسیله اشعة اللمعات ترجمه مشکوة نقل میکنند و میگوید که این امر
محقق و مقرر است نزد اهل کشف و کمال از ایشان تا آنکه بسیاری فیوض و فتوح از
ارواح رسیده و این طائفه را در اصطلاح ایشان اویسی خوانند امام شافعی گفته
ست رحمة الله علیه قبر موسی کاظم تریاق مجرب است مر اجابت دعا را و حجة الاسلام
مام غزالی گفته هر که استمداد کرده میشود بوی در حیات استمداد کرده میشود بوی بعد از وفات
یکی از مشائخ عظام گفته است دیدم چهار کس را از مشائخ که تصرف میکنند در قبور خود
ثل تصرفهای ایشان در حیات خود یا بیشتر شیخ معروف کرخی و شیخ محی الدین عبد القادر
جیلانی و دو کس دیگر را از اولیاء شمرده اند و مقصود حصر نیست آنچه خود دیده و یافته
ست گفته سیدی احمد بن رزوق که از اعاظم فقها و علماء و مشائخ دیار مغرب است
فته که روزی شیخ ابو العباس حضرمی از من پرسید امداد حی قوی است یا امداد میت
ن گفتم امداد حی قوی تر است و من میگویم میت قوی تر است پس شیخ گفت نعم
یرا که وی در بساط حق و در حضرت اوست و نقل درین معنی ازین طائفه بیشتر ازان
ست که حصر و احصار کرده شود و یافته نمیشود در کتاب و سنت و اقوال سلف
صالح چیزی که منافی و مخالف این باشد و رد کند این را و تحقیق ثابت شده است
یات و احادیث که روح باقیست و او را علم و شعور بزائران و احوال ایشان
بت و ارواح کامله را قربی و مکانتی در جناب حق ثابت است چنانکه در حیات
ود یا بیشتر ازان و اولیاء را کرامت و تصرف در اکوان حاصل است و آن نیست
گر ارواح ایشان را و آن باقیست و متصرف حقیقی نیست مگر خدای تعالی عز شانه
همه بقدرت اوست و ایشان فانی اند در جلال حق در حیات و بعد از ممات پس اگر داده شود
مر احدی را چیزی بوساطت یکی از دوستان حق و مکانتی که نزد خدا دارد دور
باشد چنانچه در حالت حیات بود و نیست فعل و تصرف در هر دو حالت مگر

حق را جل جلاله و عم نواله و نیست چیزی که فرق کند میان هر دو حالت و یافته نشده است
دلیل بر آن و در شرح بخاری شیخ ابن حجر در شرح حدیث لعنة الله الیهود والنصاریٰ
اتخذوا قبور الانبیاء مساجد گفته است این بر آن تقدیر است که نماز گزارد بجانب قبر از جهت
تعظیم وی که آن حرام است باتفاق و اما اتخاذ مسجد در جوار پیغمبری یا صالحی برای نماز
گزاردن نزد قبر وی نه بقصد تعظیم قبر و توجه بجانب قبر بلکه بنیت حصول مدد از وی تا
کامل شود ثواب عبادت ببرکت قرب و مجاورت مر آن روح پاک را حرجی نیست در آن
و در آخر باب چیزی بیاید متعلق باین سخن و تمام گردد این بحث ان شاء الله تعالیٰ
در کتاب الجهاد و در قصه قتلی بدر والله اعلم کتاب الجهاد میں ہے و اما الاستمداد
باهل القبور منکر شدند آن را بعض فقها اگر از جهت آنست که سماع و علم نیست مر ایشان
را بزائران و احوال ایشان پس بطلان او ثابت شد و اگر بسبب آنست که قدرت
و تصرف نیست مر ایشان را در آن وطن تا مدد کنند بلکه محبوس و ممنوع اند و مشغول
بآنچه که عارض شده است مر ایشان را از محنت و شدت آنچه که باز داشته است از دیگران
این ممنوع است این کلیه باشد خصوصاً در شان متقین که دوستان خدا اند شاید که حاصل شود
ارواح ایشان را از قرب در برزخ و منزلت و قوت قدرت بر شفاعت و دعا
مطلب حاجات مر زائران را که متوسل اند بایشان چنانکه روز قیامت خواهد بود
و چیست دلیل بر نفی آن و تفسیر کرده است بیضاوی آیه کریمه والنازعات غرقاً
الآیه بصفات نفوس فاضله در حالت مفارقت از بدن کشیده میشوند از ابدان و نشاط میکنند
بسوی عالم الملکوت و سیاحت میکنند در آن پس سبقت میکنند بحظایر قدس پس میگردند
بشرف و قوت از مدبرات از آنچه ما می فهمیم از آن اینست که داعی محتاج فقیر الی الله
دعا میکند و طلب میکند حاجات خود را از قرب جناب عزت و توسل میکند بروحانیت
این بنده مقرب مکرم درگاه عزت وی و میگوید خداوندا ببرکت این بنده تو که رحمت

گردد و بروی و اکرام کرده او را و لطف و کرمی که بوی داری بر آورده گردان حاجت مرا
که تو معطی کریمی یا ندا کند این بندهٔ مقرب را که ای بندهٔ خدا و ولی وی شفاعت
کن و بخواه از خدا که بدهد مسئول و مطلوب مرا و قضا کند حاجت مرا پس معطی و مسئول
پروردگار است تعالی و تقدس و نیست این بنده در میان مگر وسیله و نیست قادر
و فاعل و متصرف در وجود مگر حق سبحانه و اولیاء خدا فانی و هالک اند در فعل الٰهی و
قدرت و سطوت وی نیست ایشان را فعل و قدرت و تصرف نه اکنون که در قبور اند
و نه دران هنگام که زنده بودند در دنیا و گر این معنی که در امداد و استمداد ذکر کردیم موجب شرک
بما سوای حق باشد چنانکه منکر زعم میکند پس باید که منع کرده شود توسل و طلب دعا از صالحان
و دوستان خدا در حالت حیات نیز و حالانکه این ممنوع نیست بلکه مستحب و مستحسن
است بالاتفاق و شائع است در دین و اگر میگویند که ایشان بعد از موت معزول شدند
و بیرون آورده شدند از آن حالت و کرامت که بود ایشان را در حالت حیات
گوئیم چیست دلیل بران یا گویند که مشغول و ممنوع شدند بانچه که عارض شد از آفات
بعد از ممات گوئیم پس این کلیه نیست بر دوام و استمرار آن روز قیامت غایت
ما فی الباب اینکه کلیه نباشد و قاعدهٔ استمداد عام نباشد بلکه ممکن است
که منجذب باشند بعالم قدس و مستهلک باشند در لاهوت حق چنانکه ایشان را
شعوری و توجهی بعالم دنیا نمانده باشد و تصرفی و تدبیری در وی نه چنانکه درین
عالم نیز از تفاوت حال مجذوبان و ممکنان ظاهر میگردد و نعم اگر زائران اعتقاد کنند که اهل
قبور متصرف قادر اند بی توجه حق تعالی چنانکه عوام و جاهلان اعتقاد دارند این حرام
و منهی عنه است الی قوله فعل عوام اعتبارے ندارد و خارج مبحث سب و حاشا از عالم
شریعت و عارف باحکام دین که اعتقاد میکند و انچه مروی و محکی ست از مشائخ اهل
کشف در استمداد از ارواح کمل و استفاده از آن خارج از حصر ست و مذکور ست در

کتب و رسائل ایشان و مشہور ہست میان ایشان حاجت نیست کہ آنرا ذکر کنیم
شاید کہ منکر متعصب سود نکند او را کلمات ایشان عافنا اللہ من ذالک سخن درینجا
وجہ علم شریعت است اری مروی و مسنون زیارت سلام بر موتی و استغفار مر ایشان
را قرأت قرآن است ولیکن درینجا نفی استمداد نیست پس زیارت برای امداد
موتی و استمداد از ایشان ہر دو باشد بر تفاوت حال زائر و مزور باید دانست کہ
خلاف در غیر انبیا ست صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہم اجمعین کہ ایشان احیا اند بحیات حقیقی
دنیاوی بالاتفاق و اولیا بحیات اخروی معنوی و کلام درین مقام بحد اطناب
و طویل کشید بر زعم منکران کہ در قرب این زمان این فرقہ پیدا شدہ منکر استمداد و
استعانت را از اولیاے خدا کہ نقل کردہ شدہ اند ازین دار فانی بدار بقا زندہ
اند نزد پروردگار خود و مرزوق اند و خوش حال اند و ہر مردم از ان شعور نیست
و متوجہان بجناب ایشان را مشرک بخدا و عبدۃ الاصنام میدانند و میگویند آنچہ میگوید
ترجمہ عبارت کشف الغطا استمداد ایسا امر ہے جو کہ مشائخ صوفیہ اہل کشف کے نزدیک
یہان تک ثابت اور مقرر ہے کہ وہ کہتے ہین کہ اکثر فیوضات اور فتوحات ارواح
سے پہونچے ہین مصنف وسیلہ امام فخر الدین رازی سے نقل کرکے یون بیان فرماتے
ہین کہ جب زیارت کرنیوالا کسی قبر کے پاس جاتا ہے تو اُسکی نفس کو قبر کے ساتھ
ایک تعلق خاص پیدا ہوتا ہے اور اسی طرح صاحب قبر کے نفس کو بھی تعلق پیدا
ہوتا ہے انھین دو تعلق کیوجہ سے زائر اور اہل قبر کے درمیان علاقہ خاص اور ملاقات
معنوی پیدا ہوتی ہے اور علمانے اختلاف کیا ہے اسمین کہ مدد زندہ کی مردہ سے قوی
ہے یا مردہ کی مدد زندہ سے قوی زیادہ ہے بعض محققین نے شق ثانی کو اختیار کیا ہے
اور وہ اسمین ایک حدیث روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ جب تم کسی کار مین حیران ہو تو پس اہل قبور سے مدد مانگا کرو اور شیخ بزرگ

حقی محدث دہلوی نے مشکوۃ کی شرح مین فرمایا ہو کہ قرآن مجید اور حدیث شریف اور
ندگان سلف صالحین کے اقوال مین کوئی ایسی بات نہین پائی جاتی جو اسکی خلاف
ور منافی ہو اور اسکو رد کرے خلاصہ یہ کہ جب ثابت ہو گیا کہ روح باقی ہو اور اُسکو بدن
میت سے جدا ہونیکے بعد اُسکے ساتھ ایک تعلق خاص ہو اور اُسکو ایک کیفیت خاص پیدا
ہوتی ہو کہ اُس علم اور شعور کی وجہ سے زائران قبر کے حال معلوم کرتے ہین اور وہ کاملون کی
وحین جو کہ اُنکی حین حیات مین بسبب اُس قرب مکانی اور رتبے کے جو کہ اللہ تعالیٰ
ی حضرت سے ان کو حاصل تھا کرامات اور تصرفات اور مدد کرتی تھین مرنیکے بعد بھی جبکہ
ہی قرب کے ساتھ باقی ہین تو ویسے ہی تصرفات اور کرامات انہین موجود ہین جیسے کہ
ن بزرگونکی زندگی مین ان روحونکو اُن کے جسم اور بدن کے ساتھ تعلق کلی تھا یا
س سے بھی زیادہ پس مدد مانگنے کے انکار کی کوئی صحیح دلیل نہین معلوم ہوتی ہے ہان
پہلے ہی سے انکار کر دیا جاوے کہ روح کو جسم کی مفارقت کے بعد اُس سے کوئی تعلق باقی
نہین رہتا تو اسکا تو کوئی علاج ہی نہین ہو اور یہ خلاف نصوص کے ہو اور اس بناپر قبرون
ی زیارت کرنا اور اُنپر فاتحہ کو جانا محض لغو اور بے معنی ہے حالانکہ شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام
قبرون پر جانا ثابت ہو اور دوسری یہ بات ہو کہ تمامی اخبار و آثار اس انکار کے خلاف
دلالت کرتی ہین اور استمداد و توسل اسکا نام ہے کہ کوئی حاجتمند اپنی خواہش کو اللہ
الیٰ کی بارگاہ سے اس بندۂ مقرب بارگاہ ایزدی اور مقبول حضرت خداوندی کی
حانیت کے وسیلہ سے طلب کرے اور کہے اے اللہ اس بندہ کی برکت سے کہ جسپر تو نے اپنا
ام اور رحمت کی ہو میری حاجت پوری کر اور یا اس بندۂ مقرب اور مکرم کو پکارے
ر کہے کہ اے خدا کے بندے اور اسکے ولی میری سفارش کر اور خداوند تعالیٰ سے میرا
مقصود اور مطلوب طلب کر تو کہ اللہ تعالیٰ میری مراد پوری کرے پس ان دونون
صورتون مین بندۂ مقرب یعنی خدا کا ولی سوا وسیلہ کے اور کچھ نہین ہے اور یہ

محض وسیلہ ہی اور اللہ تعالی دینے والا اور قادر مطلق ہے اور اسی سے سوال کیا گیا ہے
اور اسمین کوئی شرک کا شائبہ نہین ہی جیسا کہ منکر نے وہم کیا ہی اور جبکہ صالحین اور خدا
کے دوستون سے انکی عین حیات مین طلب مدد اور وسیلہ پکڑنا باتفاق علما جائز ہے
تو ممات کے بعد کیونکر جائز نہو گا اور کاملین کی روحونین زندگی اور بعد ممات کے
کوئی فرق نہین ہی مگر ترقی کمال کا یعنی موت کے بعد انکی اور مدارج قرب بڑہجاتے
ہین شیخ اور صاحب وسیلہ کشف الغطا ترجمہ مشکوۃ سے نقل کرتے ہین اور یہ امر ثابت
اور مقرر ہی اہل کشف اور کمال کے نزدیک یہانتک کہ بہتون کو فیوض اور فتوح
روحون سے ملے ہین اور ان سے فیضیاب ہوئے ہین اور اس گروہ کو انکی اصطلاح مین
اویسی کہتے ہین امام شافعی کا قول ہی کہ حضرت موسی کاظم رضی اللہ عنہ کی قبر اجابت
دعا کے لیے تریاق مجرب ہی اور حجۃ الاسلام امام غزالی رحمہ اللہ نے احیاء العلوم مین فرمایا
ہے جس سے کہ اسکی زندگی مین استمداد لی جائے اُس سے بعد ممات کے بھی مدد چاہنا جائز ہی
اور مشائخ عظام مین سے ایک بزرگ نے فرمایا ہی کہ مین نے چار بزرگون کو دیکھا ہے کہ
وہ اپنی قبرون مین ایسے تصرف کرتے ہین جیسے کہ وہ اپنی زندگی مین تصرفات کرتے تھے
بلکہ اُس سے بھی زیادہ اور بڑھکے ایک تو حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ ہین اور دوسرے
حضرت پیر دستگیر شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی ہین اور دو اور بزرگ ہین اور معلوم
کرنا چاہیے کہ اس کلام سے حصر مقصود نہین ہی ان چار بزرگون کے سوا اور بھی بہت
سے ایسے ہوے ہین اس بزرگ نے جو دیکھا ہی اور اپنا تجربہ کیا ہے اُسکو بیان کیا ہے
سیدی احمد بن رزوق جو کہ ملک مغرب کے اعاظم فقہاء اور علما مین سے ہین انہون نے
فرمایا ہی کہ ایک روز ابو العباس حضرمی نے مجھ سے پوچھا کہ امداد زندے کی قوی ہے یا
مردہ کی اور مین کہتا ہون کہ امداد زندہ کی قوی زیادہ ہی مین نے اُسکی جواب
مین کہا کہ امداد مردہ کی قوی زیادہ ہی زندہ کی امداد سے پس ابو العباس حضرمی

کیا کہ ہان امداد مردہ کی قوی ہی اس لیے کہ وہ بارگاہ خداوند تعالیٰ مین ہر وقت
رہتا ہی اور اس طرح کی نقلین اس گروہ سی بہت منقول ہین جسکا حصر کرنا دشوار ہی
اور قرآن مجید اور حدیث شریف اور اقوال سلف صالحین مین کوئی ایسی چیز نہین پائی
جاتی جو کہ اس کے منافی اور مخالف ہو اور اسکو رد کری اور آیات الٰہیہ اور احادیث
نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تحقیق ثابت ہوا ہی کہ روح باقی ہی اور اسکا اپنے زائرین
کو معلوم کرنا اور اُنکی احوال کو جاننا ثابت ہی اور روح کو بارگاہ خداوند تعالیٰ مین
بعد موت کے بھی قرب اور مرتبہ حاصل ہی جو کہ زندگی مین تھا بلکہ اُس سے بھی زیادہ حاصل
ہے اور اولیاء کیلیے کرامت اور تصرف اکوان مین حاصل ہی اور وہ سب کچھ انھین کی
ارواح کا تصرف ہی اور روح باقی ہی اُسکو فنا نہین ہے اور متصرف حقیقی سوا خداوند
تعالیٰ کی اور کوئی نہین ہی اور جو کچھ ہوتا ہے اُسی کی قدرت سی ہوتا ہی اور اولیاء اللہ
حالت زندگی اور بعد موت کی دونون حالتون مین جلال حق مین فانی ہین
پس اگر کوئی خدا کے دوستون کے وسیلہ سی کچھ دیا جاوے بوجہ اُس مرتبہ کی جو انکو خداوند
تعالیٰ سی حاصل ہی تو کوئی تعجب کی بات نہین ہی جیسا کہ حالت حیات مین تھا اور دونوں
حالتون یعنی زندگی اور موت مین تصرف اور فعل سوائے خدا برتر کے اور کے لیے نہین ہی
اور کوئی ایسی چیز نہین ہی جو کہ دونون حالتون مین فرق بیان کرے اور اس پر
کوئی دلیل بھی نہین ملتی ہی ابن حجر نے بخاری شریف کی شرح مین تحت حدیث
لعنت کرے اللہ تعالیٰ یہود اور نصاریٰ پر کہ انھون نے قبور انبیاء کو مسجدین بنالیا ہی
بیان فرمایا ہے کہ یہ اُس تقدیر پر ہی کہ بوجہ تعظیم قبر کے اُسکی طرف نماز پڑھی جاوے
اور یہ باتفاق علماء دین کی حرام ہی اور لیکن بنانا مسجد کا کسی پیغمبر یا ولی کی مزار کے
نزدیک نماز ادا کرنے کے لیے اُسکی قبر کے پاس نہ تعظیم قبر کے لیے بلکہ مدد حاصل ہونے
کیواسطے اُس بزرگ سی تو کہ اُس روح پاک کے قرب اور منزلت اور برکت کی وجہ سی

تو اب زیادہ ہلنے کوئی حرج اور نقصان نہین ہی اور اخیر باب مین اس امر کے متعلق کچھ
بیان کیا جاویگا اور انشاء اللہ تعالی یہ بحث کتاب الجہاد اور شہدار بدر کے قصہ مین
مفصل بیان ہووے گی واللہ اعلم کتاب جہاد مین یون مذکور ہی اور لیکن مدد لینی
اہل قبور سی بعضے فقہائے اسکا انکار کیا ہی اگر اس وجہ سے انکار کرتے ہین کہ مردونکو
اپنی زیارت کرنیوالون کا علم اور سماع نہین ہی تو اسکا باطل ہونا ثابت ہوچکاہے اور
اگر اسوجہ سی ہے کہ انکو اُس وطن مین کوئی تصرف اور قدرت نہین ہے تاکہ مدد کرین
بلکہ قید مین ہین اور اُن امور مین مشغول ہین جو کہ انکو پیش آئے ہین اور وہ امور
محنت اور مشقت ہی جسکی وجہ سی دوسرون کے حال سے روک گئے ہین تو اس وجہ کو ہم
نہین مانتے کہ یہ کلیہ صحیح ہو خصوصاً انکی شان مین جو خدا کے خاص بندے ہین شاید
کہ انکی روحونکو بوجہ قرب کے عالم برزخ مین یعنے قبر مین جو درمیان موت اور
حیات کی ہے قدرت اور منزلت حاصل ہو کہ جسکی وجہ سے اپنے زائرین کی مرادین
اور حاجتین جو کہ انکی متوسل ہین پوری کرین اور انکی سفارش کرین جیسے کہ قیامت
کے روز مین شفاعت کرینگے اور اسکی نفی پر کوئی دلیل نہین ہی اور بیضاوی نے
اس آیہ کریمہ والنازعات غرقا الآیہ کی تفسیر نفوس فاضلہ کے ساتھ فرمائی ہی یعنے بزرگ نفوس
جو بدنون سے بوقت موت کے نکالے جاتی ہین خوش ہوتی ہین اور عالم ملکوت مین
سیر کرتے ہین پس حظائر قدس یعنے بارگاہ پاک مین پہونچتے ہین پس بوجہ شرف
اور قوت کے مدبرات سی ہوجاتی ہین انتہی پس اس سے جو کچھ ہماری سمجھ مین آتا ہے
وہ یہ ہی کہ یہ شخص بیچارہ فقیر اور محتاج الی اللہ دعا کرتا ہی اور اپنی حاجتین طلب
کرتا ہی قرب بارگاہ عزت سی اور اُس بندہ مکرم اور مقرب کی روح کے ساتھ بارگاہ الہی مین
وسیلہ پکڑتا ہی اور کہتا ہے ای خدا اس بندہ کی برکت سی کہ جسپر تیری رحمت ولطف
کی نظر ہی اور اس عنایت کی وجہ سی جو کہ تنے اسپر کی ہے میری مراد پوری کر اس لیے

کہ تو ہی دینے والا اور سخاوت کرنیوالا ہی اور یا یہ شخص ندا کرتا ہی اور پکارتا ہی اس بندۂ
مقرب کو کہ اے خدا کے بندے اور اسکے ولی میری سفارش کر اور خدا سے درخواست کر
کہ میرے مطلوب اور مسئول کو دیوے اور میری حاجت پوری کرے پس دینے والا اور سوال کیا
گیا خدا ہی برتر اور پاک ہی اور یہ بندہ درمیان مین فقط وسیلہ ہی ہی اور نہین ہی کوئی
قادر اور متصرف اور فاعل وجود مین مگر حق سبحانہ اور اولیاء کرام خدا کے فعل مین
مردہ اور فانی ہین اور دبدبہ اور قوت اُسی کو ہی انکے واسطے کوئی فعل اور تصرف اور
قدرت نہین ہی نہ اسوقت جو قبرون مین اور نہ اسوقت مین جبکہ دنیا مین زندہ
تھے اور اگر یہ جو کچھ کہ ہم نے استمداد اور مدد کے بارے مین ذکر کیا ہے سبب شرک کا ہو
جیسا کہ منکر گمان کرتا ہی پس چاہیے کہ حالت زندگی مین بھی اولیاء کرام اور محبوبین
خدا کی دوستون سے توسل اور طلب دعا کا دروازہ بند کر دیا جاوے اور حال آنکہ یہ
منع نہین ہی بلکہ مستحب اور عمدہ ہی باتفاق علماء دین کے اور دین مین یہ شائع
ہے اور اگر یہ کہین کہ وہ کرامت اور بزرگی جو انکو حالت زندگی مین مرحمت فرمائی
تھی اب بعد موت کی اُس سے معزول اور بیکار کیے گئے ہین تو اُس کے جواب مین ہم کہتے
ہین کہ اسپر کیا دلیل ہی اور یا یہ کہین کہ جو کچھ انکو آفات وغیرہ سے بعد موت کے
لاحق ہوا ہی اسمین مشغول ہین اور دیگر امور سے روکے گئے ہین تو ہم کہتے ہین کہ یہ
کلیہ تا روز قیامت ہمیشہ نہین ہی غایت مافی الباب یہ کلیہ درست نہوا اور
استمداد عام نہوئی بلکہ ممکن ہے کہ بعالم قدس کیطرف منجذب ہوجاوین اور خداوند
تعالی کے مقام لاہوت مین ہلاک اور فنا ایسے ہووین کہ دنیا سے انکو کوئی توجہ
اور شعور باقی نرہے اور نہ کوئی تصرف اور نہ تدبیر جیسا کہ اس عالم مجذوبون اور
مستون کی تفاوت حال سے ظاہر ہوتا ہی ہان اگر زیارت کرنیوالے یہ خیال کرین
کہ اہل قبور بغیر توجہ حق کے متصرف اور قادر ہین جیسے کہ عوام اور جاہل عقیدہ

رکھتے ہین تو یہ حرام اور ممنوع ہے اُسکو اس قول تک کہ عوام کے فعل کا اعتبار نہین
اور یہ بحث سے خارج ہی اور عالم شریعت اور دین کے احکام سے واقف کو اس اعتقا
سے اللہ تعالی اپنی پناہ مین رکھے اور کاملین کی روحون سے استفادہ اور مدد لینے کے باری مین
جو مشائخ اہل کشف سے منقول اور حکایت کیا گیا ہی وہ احاطۂ حصر سے باہر ہی
بیان مین نہین آسکتا اور وہ انکی کتابون مین مذکور ہی اور انکے درمیان مشہو
و معروف ہی اسکی ضرورت نہین کہ ہم اُسکو ذکر کرین اور لائق ہے کہ منکر متعصب کے لیے
انکی کلمات کچھ فائدہ نہ دیوین خدا ہمکو اس سے اپنی پناہ مین رکھے کلام اس جگہہ مین جا
شریعت کی لحاظ سے ہی اور مردون پر سلام کرنا اور اُنکے لیے مغفرت مانگنا اور اُنکی
زیارت کرنی اور قرآن شریف کا پڑھنا منقول اور مسنون ہی لیکن اس مقام مین
استمداد کی ممانعت نہین ہی پس زیارت کرنی واسطے امداد موتی کے اور اُنسے مد
مانگنی ان دونون مین تفاوت موافق حال زائر اور جسکی زیارت کی جاوے ہو دیگ
اور اس بات کو جاننا چاہیے کہ خلاف انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے غیر مین
اسلیے کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام باتفاق علماء کے زندگی حقیقی دنیاوی سے
زندہ ہین اور اولیائے کرام ساتھ زندگی اُخروی معنوی کے زندہ ہین اور اس مقا
مین کلام بہت طویل ہوگیا بسبب گمان کرنے ایک گروہ منکرین کے جو قریب اس زما
پیدا ہوے ہین اور اُن اولیائے کرام سے جو کہ اس دار فانی سے رحلت فرما گئے
ہین اور عالم دیگر مین باقی ہین اور اللہ تعالی کے نزدیک زندہ ہین اور رزق دیے
جاتے ہین اور خوشحال ہین اور ہر ایک کو اُن کا شعور نہین ہی اُن سے مدد چاہنے
اور استعانت لینے کو منکر ہین اور جو لوگ اولیائے کرام کی طرف متوجہ ہوتے ہین اور
اُن سے امداد چاہتے ہین اُن کو بُت پرست اور مشرک جانتے ہین اور جو
کچھ اُنکے جی مین آتا ہے بکتے ہین تمام ہوا ترجمہ عبارت بالا کا اور جسکو زیادہ تفصیل

ی منظور ہو شرح مشکوٰۃ عربی کشف الغطا اور ترجمہ مشکوٰۃ فارسی اشعۃ اللمعات مولانا
بد حق محدث دہلوی ملاحظہ کرے اور اپنے کو نیند غفلت سے ہوشیار کرے اور غضب
بار امداد سے بچاوے استفتار مولانا شاہ عبدالعزیز صاحبؒ **سوال** بت پرست
ا از بت میخواست عالمی منع کردہ کہ شرک مکن بت پرست گفت کہ اگر شریک خدا آورا
ستش نمائیم ہیچگونہ شرک باشد عالم گفت کہ در کلام مجید متواتر آمدہ است کہ از غیر
مجوئید باز بت پرست گفت بنی انسان از یکدگر چرا سوال مینمایند عالم گفت
ع زندہ اند از ایشان سوال منع نیست و بتان تو مثل کنہیا و کالکا ست
ہ اند قدرت بر ہیچ چیز ندارند بت پرست گفت شماکہ از اہل قبور مدد و شفاعت
طلبید باید کہ بر شما ہم شرک عائد شود القصہ ہرچہ مقصود و مراد شما از اہل قبور ست
ن قسم مقصود من ہم از صورت کنہیا و کالکا ست بحسب ظاہر نہ قوت اہل قبور
مدنہ بت و اگر میگوئی کہ بقوت باطن اہل قبور کشائش و حاجات می نمایند
جا از بتان ہم روائی حاجات می شود اگر میگوئید کہ با ایشان میگوئیم کہ از خدا
ی ما شفاعت بخواہید من ہم از بتان ہمین استدعا دارم پس ہرگاہ کہ جواب
ماد از اہل قبور ثابت شد پس بعضے مسلمین ضعیف الاعتقاد از پرستش ستیلا
ق وغیرہ چگونہ باز خواہند آمد **جواب** درین سوال چند اشتباہ واقع
ہ آن چند جا را خبردار باید شدہ آنگاہ بفضل الٰہی جواب و سوال بخوبی واضح
اہد شد اول آنکہ مدد خواستن چیزے دیگر عوام مسلمین بر خلاف حکم شرع از
ا قبور مدد می خواہند و پرستش نمیکنند و بت پرستان مدد ہم می خواہند و
ستش ہم میکنند پرستش آنست کہ سجدہ کند یا طواف نماید یا ذبح جانور بنام او کند یا
یدا اند کہ فلانی بگوید و ہرکہ مسلمانان جاہل با اہل قبور این چیزہا بعمل آرند فی الفور
ریگر دو و ہیچمانی بر آید دوم آنکہ مدد خواستن دو طور می باشد مدد خواستن

فتوی کی مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب در فرق پرستش بت و استمداد از اولیاء

مخلوقی مثل آنکه از امیر یا بادشاه توانگر گدا در مهمات خود مدد وی جوید یا چنانچه عوام الناس
اولیا میخواهند که از جناب الهی فلان مطلب ما را شما درخواست نمائید این
مدد خواستن در شرع از زنده و مرده جائز است دوم آنکه بالاستقلال چیزی که
جناب الهی دارد مثل دادن فرزند یا بارش باران یا امراض یا طول عمر
مانند این چیزهای آنکه دعا و سوال از جناب الهی ست در نیت منظور باشد
مخلوقی درخواست نماید این نوع حرام مطلق کفر ست اگر از مسلمانان کسی
مذهب خواه زنده باشند خواه مرده این نوع مدد خواهند از دائره مسلمانان خا
می شود بخلاف بت پرستان که همین مدد از معبودان باطل خود میخواهند و آن
جائز می شمارند چنانچه بت پرست گفت من از بتان شفاعت می خواهم چنانچه
هم از پیغمبران و اولیا شفاعت می خواهید پس درین کلام هم دخل و تلبیس آ
زیرا که بت پرستان هرگز شفاعت را نمیدانند و نه در دل خود تصور می کنند پس
شفاعت سفارش است و سفارش آنست که کسی مطلب کسی را از غیر خود
و معروض ادا سازد و بت پرستان در وقت درخواست مطالب خود را از بت
نمی فهمند و نمی گویند که سفارش ما بحضور پروردگار جل جلاله نمائید و مطلب ما را ا
جناب و تعالی برآرید بلکه از بتان خود درخواست مطلب خود میکنند و آنچه گفته
که هرچه مقصود شما از اهل قبور است همان قسم مقصود من از صورت کنهیا و کالکا
نیز خطا در خطا ست زیرا که ارواح را تعلق با بدان خود که در قبر مدفون اند از
می باشد زیرا که مدت دراز درین بدن بوده اند و اینها قبور معبودان را تعظ
نمی کنند بلکه از طرف خود صورت سنگها و درختان اختراع نموده قرار میدهند
از صورت فلانی ست بی آنکه آن را تعلق با آن ارواح باشد و این قرار داد
افترائی را هیچ اثر نیست آری حاجت روائی بندگان خالق اکبر از راه رحمت

فرمایند اینها می فهمند که از طرف بتان این فائده حاصل شد حق تعالی که عالم
الخفیات است حاجت بندگان خود میداند ودر زندگانی دنیا حاجت روائی منظور
از طرفی که خواهند مطالب ایشان را بایشان میدهد چنانچه مادر مشفق حاجت
دخترا که صغر سن است میداند ودر وقتیکه از خدمت گاروداید مقدور ندارد همچنین
حال بتان بلکه حال اهل قبور نیز موافق قاعده اهل اسلام وانچه مرقوم شده که پس
هرجا از استمداد از اهل قبور ثابت شد بعض مسلمین ضعیف الاعتقاد از پرستش ستیلا
چونکه باز خواهند آمد پس فرق درمیان استمداد از اهل قبور وپرستش ستیلا
بچند وجه است اول آنکه قبور معلوم اند که صلحا وبزرگان بوده اند ستیلا ومسانی
وهم محض اند وجود آنها معلوم نیست بلکه ظاهرا خیال بندی این مردم است
اینکه ستیلا ومسانی بر تقدیر وجود آنها از قبیل ارواح خبیثه وشیاطین اند که مقرر
برائی خلق اند اینها را بارواح طیبه وانبیاء واولیاء چه مناسبت سوم آنکه استمداد
اهل قبور بطریق دعا است که از جناب الٰهی عرض کرده مطالب ما را بر آرند وپرستش
چیزها بنا بر استقلال وقدرت اوست که کفر محض است انتهی **ترجمه**
فتاوی مولانا شاه عبدالعزیز صاحب قدس سره **سوال** کوئی بت پرست
سے مدد چاہا کرتا اسکو ایک عالم نے اس مدد چاہنے سے منع کیا اور کہا شرک مت کرو
بت پرست نے اس کے جواب میں کہا کہ میں اسکو خدا کا شریک جانکے نہیں پوجتا ہوں
یہ کیونکر شرک ہوا عالم نے کہا کہ قرآن شریف میں کثرت سے بطور متواتر کے مذکور ہے کہ
خدا سے مدد نہ لو پھر بت پرست نے کہا کہ یہ لوگ آپسمین ایک دوسرے سے کیون سوال
کرتے ہین اور مدد چاہتے ہین غیر خدا تو یہ بھی ہین عالم نے کہا یہ زندون کی قسم ہین اور
زندون سے سوال اور مدد منع نہین ہے اور تیرے بت (مثل کنھیا اور سکا لکا کے) مردہ
ہین اور کسی چیز پر قادر نہین ہین بت پرست نے کہا تم جو قبر والون سے مدد و سفارش

اور یہ فلان کی ہے بغیر اس کے کہ اُن کو کچھ اُن روحون سے تعلق ہو اور اس قرار
داد افترائی صورت کے لیے کوئی بھی اثر نہین ہے ہان اپنے بندونکی حاجتین اللہ
تعالیٰ جلشانہٗ اپنی کمال رحمت کی وجہ سے پوری کرتا ہے اور اُنکو بامراد کرتا ہے اور
یہ لوگ سمجھتے ہین کہ یہ فائدہ ہمکو بتون سے حاصل ہوا اللہ تعالیٰ جو جاننے والا غیب
اور پوشیدہ چیزون کا ہے وہ اپنے بندونکی حاجتین خوب جانتا ہے اور دنیا مین جو اُس کو
کسی کی حاجت روائی کرنا منظور ہوتی ہے اور وہ لوگ خود کسی دوسرے سے حاجت
اپنی مانگتے ہین تو اللہ تعالیٰ اُن کا مطلب اُن کو دیتا ہے یعنی اُنکی مراد پوری کر دیتا
ہے اسکی مثال ایسی ہے جیسے ایک چھوٹا بچہ دایہ کی گود مین پرورش پاتا ہے
اور وہ اُس سے کوئی چیز کھانے یا پینے کی مانگے اور اُس دایہ کو اتنی قدرت نہین ہے
کہ وہ اُس بچہ کو چیز مطلوب دے سکے اس حالت مین مادر مہربان اُس بچہ کی اُسکو
وہ چیز دے دیتی ہے بچہ سمجھتا ہے کہ مجکو دایہ سے یہ چیز ملی ہے اسی طرح بتون کا حال ہے
کہ بت پرست سمجھتے ہین کہ یہ مطلب ہمارا بتون نے پورا کیا اور حقیقت مین اللہ تعالیٰ
نے اُن کو بامراد کیا ہے اور اہل قبور کا حال بھی موافق قاعدۂ اسلام کے یہی ہے اور یہ جو
اوپر لکھا گیا ہے کہ جب مدد لینی اہل قبور سے ثابت ہو چکی پس بعضے مسلمان ضعیف
اعتقاد والے سیتلا اور مسانی کی پوجا سے کیسے باز آوینگے پس استمداد اہل قبور
اور سیتلا و مسانی کی پوجا مین چند وجہ سے فرق ہے اول یہ کہ ہمکو معلوم ہے کہ ان قبرون
والے بزرگ اور نیکبخت ہوئے ہین اور سیتلا و مسانی بالکل وہمی ہین اور انکا ہونا ہمکو
کسیطرح معلوم نہین ہے بلکہ ظاہر تو یہ ہے کہ ان بت پرستونکی گھڑی اور جعلی ہے دوسری
وجہ یہ ہے کہ مانا ہمنے کہ سیتلا اور مسانی موجود ہے لیکن یہ خبیثون اور شیطانونکی روحین
ہین اور خلقت کو ستانے اور تکلیف دینے پر اُنھون نے کمر باندھی ہے
اُنکو نبیون اور ولیون کی پاک روحون سے کیا مناسبت ہے چہ نسبت خاک را

یا عالم پاک کا مضمون ہے کہ کجا شیطان اور کجا عباد الرحمن یعنی کہان شیطان اور
کہان خدا کے مقبول بندے ان دونون کو برابر جاننا سراسر حماقت اور بیوقوفی
ہے تیسرے یہ کہ اہل قبور سے مدد چاہنی بطور دعا کے ہے کہ ہماری مطالب کو خداوند
تعالی کی بارگاہ مین عرض کرکے پورا کرا دین اور ان چیزون خبیثہ کی پرستش بطور
استقلال کے ہوتی ہے اور انہین کو قادر جانتے ہین اور انکو دعا کا واسطہ نہین
بناتے ہین یہ بالکل کھلا ظاہر باہر کفر ہے انتہی اور حضرت مولانا روم قدس سرہ کی مثنوی
معنوی کے دفتر ہفتم کا قصہ سنیے حضرت مولانا جلال الدین رومی رضی اللہ عنہ نے
مثنوی معنوی کو ایک مرد کی حکایت پر کہ جس نے اپنے لڑکون مین سے کاہل ترین
لڑکے کو میراث لینے کی وصیت کی تھی اور وہ تین شخص تھے اسکو ناتمام چھوڑا اور اس
داستان کو تمام نکیا اور خاموشی اختیار کی اور تصنیف سے ہاتھ اٹھایا اور اس دار
فانی سے طرف دار البقا کے جلوہ افروز ہوے حضرت مفتی الہی بخش صاحب رح
شاگرد مولانا شاہ عبد العزیز صاحب رح محدث دہلوی متوطن کاندلہ ضلع مظفر نگر
نے عالم رویا مین دیکھا کہ مولانا جلال الدین رومی رح تشریف فرما ہوے ہین اور واسطے
اتمام داستان ناتمام کے حضرت مفتی صاحب کو ارشاد فرماتے ہین مفتی صاحب رح
نے بہت عذر کیا لیکن حضرت مولانا قدس سرہ نے قبول نکیا بلکہ حضرت مولانا
رومی رح و حضرت مولانا حسام الدین صاحب رح دونون بزرگون نے اعانت و مدد روحانی
و وجدانی فرمائی حضرت مولانا ضیاء الحق حسام الدین قدس سرہ وہ بزرگ ہین
جنکی توصیف مولانا روم قدس سرہ ہر دفتر مین لکھتے ہین اور انکی مدد روحانی سے
مولانا رومی قدس سرہ نے مثنوی شریف کو چھٹے دفتر تک پہنچا کر کے ختم فرمایا
اور خداوند تعالی نے اس مثنوی معنوی کے طفیل سے لاکھون ناکس کو کامل بنایا
اور مطالعہ اسکا آب حیات کے پانی کی طرح سے روح کو تازہ کرتا ہے اور ناری کو

[illegible]

نوری بتاتا ہی اسکو کمال کی توصیف حضرت سلطان ولد یعنی صاحبزادۂ حضرت مولانا رومی قدس سرہما یون فرماتی ہین واقعی حضرت سلطان ولد قدس سرہٗ نے جو کچھ مثنوی شریف کی تعریف فرمائی ہی بجا ہے جسکو مثنوی شریف کے زائد مناقب دیکھنے کا شوق ہو مناقب العارفین کو دیکھے اور حضرت سلطان ولد قدس سرہٗ نے جو فرمایا ہی وہ پیش نظر ہے

بیت

مثنوی مولوی معنوی   هست قرآن در زبان پهلوی

هست

من چه گویم وصف آن عالیجناب   نیست پیغمبر ولی دارد کتاب

گر ز سر معرفت آگه شوی   لفظ بگذاری سوی معنی روی

مفتی الٰہی بخش صاحب نے قلم اٹھا کر جذب مولانا رومی و مولانا ضیاء الحق حسام الدین قدس سرہما سے مثنوی شریف کو پورا کر کے ختم کیا مفتی الٰہی بخش صاحب ابتدای دفتر ہفتم مین فرماتی ہین

جذب ذوق و شوق مولانا حسام   می کشد ما را بسوی اختتام

اختتام مثنوی معنوی   می کشد جان را براه مستوی

می تراود خود بخود از لب سخن   آنچه خواهی ای ضیاء الدین بکن

چون زمام عقل من در دست نیست   هر کجا خواهی بکش جان سست نیست

پرتو خود چون در آبی اوفتاد   آب را از آفتابی آب داد

روح مولانا جلال الدین روم   مهر برج معرفت بحر علوم

پرتوی زد چونکه بر طور دلم   گشت نورانی تن آب و گلم

هر زمان آن مهر برج برین   میزند چشمک بیام دل که هین

اختتام مثنوی آغاز کن   نامهٔ سربسته ام را باز کن

آن حکایت گو که ناگفته بماند   نظم کن آن در که ناسفته بماند

در رود در سلک بیان در کش ورا   در رسد فیضان روحانی ز ما

چونکه حد خود ندیدم تن زدم   پرورش بار حد بر سر امن زدم

چونکہ قول آن ایاز پاک دید — در نگاہ دیدۂ دل می خلید
نقض امر از کسر در دشوار تر — لاجرم بشکستم با مرا دگر
ای خدای قادر بیچون و چند — رازہا کردی درون سینہ بند
سینہ را صندوق سرہا کردۂ — واندران مخزون گہرہا کردۂ
ربط دادی سینہ را با سینۂ — ربط این آئینہ با آئینۂ
عکس این آئینہ در دیگر پدید — کردی از صنع خود ای رب مجید
آب از جوی بجوی میرود — باز یکسو گشتہ تا دریا رود
رفت چون در بحر آب جویہا — جملہ یک ذات ست آبست ای ختا
با تو رمزی گفتم ای جان گوش کن — جملہ تن جان باش و جان را ہوش کن

ف قولہ آن ایاز پاک الخ یہ اشارہ ہے طرف قصۂ ایاز کے جو مولانا روم نے دفتر پنجم مین بیان فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ محمود شاہ نے گوہر بے بہا وزرا اور امرا دولت کو دیا اور پوچھا یہ کیسا ہے سب نے تعریف کی بادشاہ نے حکم دیا کہ اسکو توڑ ڈالو کسی نے نہ توڑا اور کہا اگر توڑا جاوے تو مثل اسکے دوسرا گوہر نہ ملیگا جب ایاز آیا اسکو دیکر پوچھا یہ کیسا ہے ایاز نے بھی تعریف کی حکم دیا کہ توڑ ڈال اُس نے اُسے پتھر سے توڑا لوگون نے اُسپر اعتراض کیا اُسنے کہا حکم سلطان پتھر سے بہتر ہے کہ اگر پتھر ٹوٹ گیا تو کچھ مضائقہ نہین ہے امر سلطان جو تمام گوہرون سے بہتر ہے وہ نہ ٹوٹے اس لیے مین نے پتھر کو توڑا حکم کو بجا لایا اور تم لوگون نے پتھر کو بچایا حکم شاہ کو توڑا محمود شاہ نے سنکر ان لوگون کے قتل کا حکم دیا ایاز نے تخت بوسی کرکے اور عجز وانکساری ظاہر کرکے بادشاہ سے معذرت کی اور سب کی جان بچائی مفتی الٰہی بخش صاحب فرماتے ہین کہ حضرت مولانا رومی قدس سرہ نے مجکو ارشاد فرمایا مین تو اسکی قابل نہ تھا مگر اس حکایت ایاز کا مجکو خیال آگیا کہ گوہر گو ٹوٹے یعنی استعداد و لیاقت اس امر کی نہو لیکن حکم عالی قدر سر فراز کا نہ ٹوٹے بہر حال اُسکی بجا آوری ہونا چاہیے انتہی مختصراً ابو سراج المحتاج فقیر خلیل الرحمن بن حاجی خیر الدین صاحب ملا زادہ سمرقندی ثم خوبدری

مختصراً ترجمہ نظم اردو برای عام فہم

جذبۂ ذوق و شوق مولانا حسام — کھینچتا ہے مجکو سوئے اختتام
اختتام مثنوی معنوی — کھینچتا ہے جان براہ مستوی
لب سے ٹپکے ہم سری از خود کلام — اے ضیاء الدین ترا ہو سب یہ کام
ہاتھ مین تیرے زمام اختیار — جس طرف چاہو میری کھینچے مہار
روح مولانا جلال الدین روم — مہر برج معرفت نجم علوم
جب ہوئی پرتو فگن بر طور دل — ہو گیا روشن یہ جسم آب و گل
وہ مہ اوج کرامت ہر زمان — ام دل پر میرے چشمک کی کہ ہان
اختتام مثنوی آغاز کر — نامہ سربستہ مرا تو باز کر
کہ وہ قصہ جو کہ ناگفتہ رہا — نظم کر وہ در کہ ناسفتہ رہا
مین نے دیکھا حد سے باہر جب کام — پیش لایا عجز سے عذر کلام
یاد تھا لیکن مجھے ذکر ایاز — نقض در بہتر نہ ام سر فراز
لاجرم اس حکم پر باندھی کمر — تا نہ ٹوٹے امر گو ٹوٹے گہر
اے خدائے قادر بیچون و چند — کر دیا رازون کو تو نے سینہ بند
کر دیے صندوق سرہا سینہ ہا — گوہرون کو انمین یکسر بھر دیا
ایک آئینہ بد یکسا آشکار — تیری صنعت سے ہوا اے کردگار
ایک جو سے آب جاتا ہے بجو — پھر وہ یکسو ہو کے دریا کو رو
جب گیا دریا مین آب جو سیا — پھر تو ہے ایک فرات وہ آب صفا
[illegible]ے ذرا تو گوش کر — جملہ تن کو جان کر اور ہوش کر

خداوند تعالی نے انکو ذی انبیاء اللہ اور اولیاء اللہ کو واسطے رحمت مخلوقات اپنی کی

پیدا کیا ہی اور بعض اسماء صفاتی کی تاثیر انکی عین دیکھے تصرف و قوت مدد روحانی علی وجہ الکمال عطا کی ہی حضرت مولانا روم قدس سرہ کا زمانہ سنہ ۶۶۲ھ اور حضرت مفتی الٰہی بخش صاحب قدس سرہ کا زمانہ سنہ ۱۲۴۳ھ ہی دیکھیے مولانا روم قدس سرہ نے بعد صدہا سال کے امداد فرمائی اور مفتی الٰہی بخش صاحب مولانا روم مین اسقدر فنا ہو گئے کہ دوئی کی گنجایش نرہی اور اسقدر فنا فی الشیخ ہو گئے کہ اپنا خیال تک نرہا اور ایسا ہی حق فنا فی الشیخ کا ہی انتہا درجہ کا فنا فی الشیخ یہی ہی چنانچہ حضرت امیر خسرو دہلوی قدس سرہ فرماتے ہین ؎ من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی * تا کس نگوید بعد ازین من دیگرم تو دیگری * واقعی مثنوی شریف اور مفتی صاحب موصوف کے تتمہ دفتر ششم مثنوی معنوی کا یہی حال ہی فقیر حقیر کی شمس العارفین ملاحظہ ہو اور مفتی صاحب فرماتے ہین

جلوہ برق تجلی جلال	آتش اندر خرمنم زد چیست حال
نور اجلال الٰہ جلال الدین روم	مخزن اسرار حق صدر نجوم
حقائق مذکور است کہ امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ گفت کہ انسان بعد از مرگ خویش زندہ میماند و در حقیقت انسان روح است کہ از لباس جسم مجرد شدہ است حس و حرکت و فہم و ادراک او در عالم برزخ مثل حس و حرکت وغیرہ در حالت حیات باقی است لیکن از نظر انسان پوشیدہ و غائب اند بنابران گاہ بگاہ تصرفات از ارواح کاملین در عالم عنصری واقع شود انتہی حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتی ارشاد الطالبین میں فرماتے ہیں آرے فیض از قبور توان برداشت الخ ایضاً صفحہ ۲۰۶ حضرت مجدد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نوشتند کہ روز عید بزیارت حضرت خواجہ باقی باللہ رضی اللہ عنہ رفتم و عرض نمودم کہ امروز بزرگان عیدی خردان را عطا می فرمایند من ہم ہمین امید بحضور حاضر شدم حضرت خواجہ فرمودند و نسبت نو القا نمودند الخ حضرت ایشان فرمودند کہ جناب والد ماجد من رحمۃ اللہ علیہ طریقہ شریفہ قادریہ داشتند چون وقت رحلت ارتحال ایشان رسید کہ جناب حضرت غوث الاعظم سید الازکیا سند الاصفیا میر محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ تشریف آوردند اشارت از دست مبارک کردند کہ اشارات حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ و جان بحق تسلیم شدند حضرت ایشان فرمودند کہ روزی بمزار پر انوار حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رضی اللہ عنہ حاضر شدہ بودم و طلب توجہ و امداد از ایشان نمودم عرض کردم شیئاً للہ شیئاً للہ القا شد کہ سینہ تو از نور عرفان مجددی این چنین پر است گنجایش نور دیگر ندارد ایضاً روزے در روضۂ منورہ حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء رضی اللہ عنہ رفتم و عرض نمودم کہ توجہ بمن فرمائید حضرت نظام الدین اولیاء رضی اللہ عنہ فرمودند کہ جمیع کمالات احمدی شما را حاصل اند عرض نمودم کہ نسبت خود ہم عطا فرمائی ایشان توجہ فرمودند

اے برادر اولیاے کرام سے مدد طلب کرنا واسطے دیدار الٰہی کے جائز ہے اور
اس طرح کہنا کہ یا حضرت آپ ہمکو بیٹا دیجیے اور اُنکو اگر موثر بالذات سمجھے یعنے
یہ خیال کرے کہ بیٹا دینے کے مالک یہی حضرت ہین یہ کفر اور شرک ہے ہمارے
اور مشرک کے درمیان مین فرق یہ ہے کہ مسلمان لوگ خداوند تعالیٰ کو موثر
حقیقی فاعل ہر کام کا جانتے ہین اور مشرک منافق شیطان بت وغیرہ وغیرہ اشخاص
کو موثر بالذات جانتے ہین لیکن خداوند تعالیٰ بغیر وسیلہ کے کوئی کام نہین کرتا
اور اسکو قدرت ہے بغیر وسیلہ بھی کام کرے اُسے ایسا ہی خداوند تعالیٰ قادر مطلق
ہے کہ بغیر مرد اور عورت کی مخلوقات کو پیدا کر دیتا جیسا کہ حضرت آدم علیہ السلام
اور امان حوا کو پیدا کیا ہے یا بے مرد کے پیدا کر دیتا جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کو پیدا کیا مگر باوجود اس قدرت کاملہ کے اُس کریم کارساز نے اپنی حکمت بالغہ
سے توالد و تناسل کو موقوف زن و شوہر پر رکھا ہے یہ قدرت اور صنعت
اپنے ظہور کی دکھائی ہے کہ ہم مین یہ بھی قدرت ہے مگر ہمکو پسند اسی طور سے ہے
حضرت سید الطائفہ جنید بغدادی رضی فرماتے ہین واعلم انّ استمداده من شیخه
استمداد من النبیّ صلعم فانّ شیخه متعلق مستمد بشیخه و
شیخه بشیخه ایضاً هکذا الی رسول الله صلعم فهو مستمدّ
بالحقیقة من رسول الله صلعم وهو من الحقّ جل اسمه سنة الله
التی قد خلت من قبل ولن تجد لسنة الله تبدیلا
اے برادر جو کام جس کے متعلق ہے وہ کام اُس سے طلب کرنا اور اللہ تعالیٰ کو مالک
حقیقی جاننا یہ شرک نہین مثلاً بوقت بھوک کے نان والے سے روٹی طلب کرنا اور
اُستاد سے علم طلب کرنا مرشد سے فیض طلب کرنا سخی سے کھانا طلب کرنا
مہاجن سے روپیہ طلب کرنا یہ ممنوع نہین ہے باقی مالک حقیقی اللہ تعالیٰ کو

جاننا یہی ایمان تحقیق ہے اور اولیائے کرام جو دالیان عالم ہین اپنے نگینے پر
ساری مخلوقات کو دیکھتے ہین مصرع قدر این می نشناسی تا بخدا بخشی
یہ صفات روحی ہیں روح موجودات سے ہے اسکو فنا نہین مگر ظاہر بین اسکو
بھلا کب سمجھتے ہین قال اللہ تعالیٰ کیفَ تَصْبِرُ عَلٰی مَا لَمْ تُحِطْ بِہٖ خُبْرًا
کیونکر صبر کرے گا اس چیز کا جو نہین احاطہ کیا تو نے از روے علم کے قصہ بر
حضرت خواجہ خضر اور حضرت موسی علیہ السلام ملاحظہ کرو اے برادر ہوشیار
ہو جایہ غیب دانی نہین اصطلاح صوفیہ مین اسکو مکاشفہ کہتے ہین کشف
کے معنی کھولنا بمدد الٰہی و بتوجہ مرشد کے ہو اور اللہ تعالے قرآن مجید مین فرماتا
ہے فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝
پس کھولا ہمنے تجھ سے پردہ تیرا پس آنکھ تیری آج بہت تیز ہے یہ حالت
بعد انتقال اس قالب کی ہوتی ہے فصل چہارم مین گذر چکا موت دو قسم پر ہے
اختیاری و اضطراری بحکم نبی صلی اللہ علیہ وسلم مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا
یعنے مر جاؤ قبل مرنے کے تو جو لوگ موت اختیاری سے مر گئے ہین اور اُن کے
قلب سے پردہ اُٹھ گیا ہے تو سب کچھ اُنکو سامنے نظر آتا ہو مگر یہ محتاج ہین اللہ
تعالیٰ کی طرف اور بعضے وقت اُن سے خطا بھی ہوتی ہو مجدد صاحب فرماتے
ہین کہ خطاے کشفی در رنگ خطاے اجتہادی ست اللہ تعالیٰ جو عالم الغیب ہے
وہ کسی کی طرف محتاج نہین اُسکی دید مین کچھ خطا نہین ہے مکتوبات شیخ
عبدالقادر جیلانی و زاد المتقی مولانا کرامت علی صاحب وغیرہ ملاحظہ ہو
غرض پیران طریقت سے طلب دعا کرنا اور ملتجی ہونا اور فاعل حقیقی
اللہ تعالیٰ کو جاننا یہ شرک نہین خیر اور شر دونون کو بالیقین اللہ تعالیٰ کی
طرف سے جاننا شرک نہین والقدرہ وخیرہ من اللہ تعالیٰ یہی ایمان تحقیقی ہے

مولانا روم فرماتے ہین ؎ پس بدی مطلق نباشد در جہان + بد بہ نسبت باشد
این راہم بدان ؛ حافظ شیرازی فرماتے ہین ؎ پیر ما گفت خطا در قلم صنع
نرفت + آفرین بر نظر پاک خطا پوشش باد + فصوص الحکم امام محی الدین ابن
عربی کی ملاحظہ ہو حضرت غلام علی صاحب فرماتے ہین آدمی را باید کہ استمداد
از مقربان حق تعالیٰ باین طور نماید کہ یا حضرت توجہ فرمائید و دعا بکنید کہ حق تعالیٰ
مرا بمراد رساند من روزی میگفتم یا حضرت عبدالقادر جیلانی شیأ للہ حضرت
مرزا مظہر جان جانان اپنے معمولات مظہری مین لکھتے ہین یا حضرت مجدد رضی اللہ
عنک صاحب این مرض را در ضمن تو سپردیم یہ ندای رومی ہے فیہ مولانا روم
رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین ؎ انچہ نی میگوید اندر زیروبم + فاش گر گویم جہان برہم زنم

فصل ششم در بیان چراغ وغیرہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم و اولیای کرام کی روضے کی اوپر روشن کرنی او مکان بنانے

اے عزیز پر تمیز عبارات بالا سے بخوبی ذہن نشین ہو گیا کہ قرآن مجید نزدیک
قبرون کے تلاوت کرنا جائز ہے اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وازواجہ
وذریاتہ واہل بیتہ وعترتہ وبارک وسلم اور بطفیل آنحضرت سرور علیہ الصلوۃ
والسلام کے اولیا بحکم خداوند تعالےٰ الا ان اولیاء اللہ
لاخوف علیہم ولا ہم یحزنون کے موت اختیاری سے بحکم نبی صلی اللہ
علیہ وسلم موتوا قبل ان تموتوا کے انتقال اس قالب سے فرماتے ہین
اور حقیقۃً وہ زندہ ہین اور تصرف وامداد اُنکی امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم مین دائم وقائم ہے اور طالبین کو ہمیشہ اُن سے فیض ملتا ہے اور بہت
سے فقرا اور زائرین ومریدین ومخلصین دور دور سے استفادہ لینے کو

آتے ہین چونکہ وہ زندہ ہین اور ان سے فیض ملتا ہے اور لوگ حسب مقصد کے لیے
جاتے ہین اپنے مقصد پر کامیاب ہوتے ہین اس لیے بغداد شریف کے لوگ اور کابل
و قندہار و فارس و ہندوستان وغیرہ ملکون کے لوگ واسطے زیارت سند
الاصفیا شاہ احمد تنوری بغدادی عرف میران شاہ صاحب کے اور
آپکی خواہر صاحبہ رضی اللہ عنہا کی جو گنجن پور مین آپ کا آستانہ ہے آتے ہین اور مقیم رہکر
ان بزرگون سے فیض حاصل کرتے ہین ایسا ہی اس اطراف کے لوگ بغداد شریف
وغیرہ مواضع متبرکہ مین زیارت کو جاتے ہین اور دھوپ و شبنم و بارش و اندھیری
وغیرہ سے اذیت پانیکی وجہ سے اور دفع حرج کے لیے مکان بنواتے ہین اور چراغ
جلاتے ہین اور یہ امر بحکم اَلضَّرُوْرَاتُ تُبِیْحُ الْمَحْظُوْرَاتِ کے مباح ہے
حضرت امام الطریقت مولانا شاہ غلام علی صاحب فرماتے ہین اگر روزی قبر شریف
حضرت خواجہ باقی باللہ صاحب رضی اللہ تعالی عنہ کے گیا تھا مین نے عرض کیا
یا حضرت آپ کی توجہ سے حضرت امام ربانی شیخ احمد سہرندی ہو گئے مین بھی امیدوار
عنایات و عطائے حضور کا ہون دیکھتا کیا ہون کہ حضرت خواجہ مزار مبارک سے نکل کے
اور مجھکو توجہ دی اور یہ وقت دوپہر کا تھا دھوپ خوب سخت تھی تھوڑی دیر تک
جلسہ کرکے اُٹھ کھڑا ہوا آج تک مجھکو حسرت ہے کما قال فی در المعارف صفحہ ۵۵
روزی بمزار پر انوار حضرت پیر طریقت ہادی حقیقت فانی فی اللہ خواجہ باقی باللہ
رضی اللہ عنہ عطر اللہ قبرہ و نور اللہ برزخہ حاضر شدم و عرض نمودم کہ از توجہ شما حضرت
شیخ احمد سہرندی امام ربانی مجدد الف ثانی گشتہ اند قدسنا اللہ باسرارہ
السامی این نیز امیدوار عنایت حضورم دیدم کہ حضرت خواجہ از مزار مبارک
بیرون آمدہ اند ہمت توجہ بمن فرمودند وقت استوی بود گرما بشدت جلسہ
خفیفہ نمودم و برخاستم الی الآن مرا حسرت آن عطائے برادر اگر وہان

مکان بنا ہوتا تو آپ کو ہرگز اذیت نہوتی آپ حسرت زدہ ہوکر واپس نہ آتے اسی
دفع حرج کے لیے خانقاہ بنواتے ہین ردالمحتار صفحہ ۱۰۶ جلد اول مین ہی لا یکرہ
البناء اذا کان المیت من المشائخ والعلماء والسادات اور چراغ اسلیے
جلاتے ہین کہ جو لوگ قرآن شریف تلاوت کرینگے اُنکو آسانی ہو تکلیف نہو اندھیرے مین
کیونکر تلاوت کرینگے دوسری وجہ یہ ہی کہ ذاکرین طالبین استفادہ حاصل کرنیکے لیے اولیا
کرام کی قبرون کے پاس شب بیداری کرتے ہین اس دفع حرج کے لیے کہ تکلیف نہو
ولی چھت سے مگر روشنی کیجاتی ہے اور فانوس وغیرہ کا لٹکانا اور قنادیل کا مساجد مین جلانا
یہ کام اول حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا ہی جب صلوۃ تراویح کے لیے لوگونکو
جمع کیا تھا تو لٹکا دئے گئے قندیل جب حضرت علی رضی اللہ عنہ اُس طرف گذرے
دعا فرمائی کہ تونے ہماری مسجدون کو جیسا روشن کیا اللہ تعالی تیری قبر کو روشن
کرے اور فقیہ ابو اللیث نے کتاب تنبیہ الغافلین مین لکھا ہی کہ حضرت علی اور حضرت
عثمان رضی اللہ عنہما دونون نے دعا دی حلبی نے نقل کیا ہی کہ جب تمیم
داری نے مسجد نبوی کے ستون مین قندیل لگائی آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے دعا دی اللہ تعالی تجھکو نورانی کرے جیسا کہ تونے ہماری مسجد کو نورانی
کیا حلبی نے نقل کیا ہے کہ ایک عالم سے بادشاہ مامون نے حکم چاہا کہ تم حکم دو کہ ہمارے
ملک کی مسجدون مین بہت چراغ روشن ہوا کرین وہ عالم لکھتے ہین کہ میرے
دل مین کچھ شک پیدا ہوا روشنی کثیر کیواسطے کیونکر لکھون تب مجھکو خواب
مین بشارت ہوئی کہ روشنی کثیر کیواسطے لکھدے کہ اسمین دل لگے گا تہجد
گذارون کا اور مسجدین خانۂ خدا ہین پس خانہ خدا سے وحشت اندھیرے
کی دفع ہو جاویگی پس مین نے بیدار ہو کر حکم نامہ لکھدیا ہمارا مطلب اس
نقل سے یہ ہی کہ جس طرح روشنی کثیر سے مساجد کی وحشت و ظلمت دور ہوتی ہی

اسی طرح تہجد گذارون و نمازیون و ذاکرین باصفا و عاشقان خدا کو اور تمام سی
لوگ جو قرآن شریف کی تلاوت کرتے ہین اُن کو بھی سرور حاصل ہوتا ہے
اور ظلمت وحشت اُنکی بھی دور ہوتی ہے نزدیک قبر کے چراغ و فانوس جلانی
سے اور مجھکو تعجب آتا ہے کہ منکرین جب مدینہ منورہ تشریف فرما ہوتی ہین
اور حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ منورہ کے گرد جھاڑ اور فانوس
اور قندیل اور غلاف عطر سے بسا ہوا اور ایسے ایسے فانوس جو کسی کو میسر
نہون جو لاکھون روپیہ اور منون سونا چاندی خرچ کرنے سے بھی نصیب
نہون اور تلاوت قرآن شریف اور تقسیم شیرینی و فاتحہ خوانی و مولد خوانی
وغیرہ کو دیکھتے ہین اور گنبد و خامیانہ سنہری معاینہ کرتے ہین تو معلوم
نہین کہ آنکھین بند کر لیتے ہون گے یا زیارت سے بسبب غیظ و غصہ کے محروم
آتے ہین کیونکہ وہان تو کسی کی کچھ چلتی نہین زید و خالد کی دال گلتی نہین
اگر اُف کرین تو گردن پر تلوار چلے اگر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے روضۂ پر انوار سے اور ازواج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ
مطہر سے محروم آئین تو یہان بھی وارث رسول اللہ اولیای کرام کے روضے ہین
ایسا ہی جمیع صحابۂ کرام کے روضۂ نورانی اور بغداد شریف مین حضرت محی الدین
عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ اور اجمیر شریف مین نائب رسول اللہ سلطان
البر والبحر خواجہ معین الدین چشتی رضی اللہ عنہ اور دہلی مین خواجہ قطب الدین
بختیار کاکی و سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء رضی اللہ عنہما اور حضرت
فانی فی اللہ خواجہ باقی باللہؒ اور حضرت نصیر الحق چراغ دہلی اور حضرت خواجہ
حبیب اللہ مرزا مظہر جان جاناںؒ اور امام الطریقت شاہ غلام علی صاحب
اور حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب و مولانا شاہ ولی اللہ صاحب

ومولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رضی اللہ عنہم اور بخارا مین حضرت خواجہ بہاؤ الدین
محمد نقشبند رضی اللہ عنہ وغیرہ اور سہرند مین حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سہرندی
وغیرہ اور پیران کلیر مین حضرت علاء الدین صابر اور گنگوہ مین حضرت خواجہ
عبدالقدوس گنگوہی وغیرہ اور رامپور مین حضرت خواجہ ابوالمعالی اور دیوبند مین
حضرت شاہ ولایت صاحب اور پانی پت مین حضرت خواجہ شمس الدین
وغیرہ ایسا ہی کل ہندوستان مین کرو رہا اولیاء کرام وغیرہ اور روم اور
شام اور ممالک شرقیہ وممالک غربیہ وممالک شمالیہ وممالک جنوبیہ مین جو اولیاء
کرام کے روضۂ پر فیض مین گنبد وقنادیل وفانوس وعرس وغیرہ دیکھکر مصیبت
زدہ ہو کر واپس آدین تو کیا مضائقہ حضور نبوت سے بھی محروم آئے یہان بھی
محروم رہے اور چاندنی مزارات پر اسواسطے لگاتے ہین کہ کبوتر دچمگوڈر
وغیرہ کے بیخال سے روضۂ منور نجس ہو اس دفع حرج کے لیے چاندنی
لگاتے ہین دوسرا سبب یہ ہو کہ بڑے بڑے اہل اولیاء اللہ واسطے استفادہ
حاصل کرنے کے آتے ہین اور ذاکرین ذکر کرتے ہین اور جاے ذکر کی بحکم نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کے باغیچہ بہشت ہی **حدیث** اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ
فَارْتَعُوْا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ قَالَ حِلَقُ الذِّكْرِ مشکوۃ مصابیح
کی یہ حدیث ہے شمس العارفین ملاحظہ فرماؤ ترجمہ جب گذرو تم بہشت کے باغون
مین پس میوہ خوری کرو انھون نے کہا کیا ہین باغ بہشت کے یا رسول خدا فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کے حلقے چونکہ یہ باغچہ بہشت ہو اور قرآن
مجید کی اسمین تلاوت کرتے ہین بسبب عظمت قرآن شریف اور نام الٰہی وکلام
الٰہی کے افضل و بزرگ جانکر سیجان لٹکاتے ہین اور خوشبو سے بساتے ہین
اور روشنی کثیر کرتے ہین زید جو کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کے روضۂ منورہ مقدسہ پر اور اصحاب کرام اور ازواج رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے روضون پر اور ایسا ہی اولیا کرام کے روضہ پر چاندنی وسائبان
نہ لگانا چاہیے بلکہ لازم کہ واکرین کے اوپر چاندنی لگائی جاوے چونکہ اولیائے
کرام موت اختیاری سے زندہ ہین اور صرف انتقال مکان فرماتے ہین یعنی
مکان دنیا سے طرف مکان دار الخیر کے جاتی ہین جسم شریف ویسا ہی ہے
اور طالب اُن سے اعانت و امداد لیتے ہین بسبب تعظیم و توقیر مرشد کے
روضہ کے اوپر چاندنی لگاتے ہین طالبین چونکہ مریدین خود عاجز ہو کر بیٹھتے ہین آپ اب
مرشد مبدا و معاد مجدد صاحب رضی اللہ عنہ مین اور شمس العارفین فقیر مین ملاحظہ
فرماوٓ۔ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ اَحَبَّکَ آمین بحق رحمۃ للعلمین

فصل ہفتم در بیان فاتحہ و تقسیم شیرینی وغیرہ

اے عزیز عبادت دو قسم پر ہے عبادت بدنی اور عبادت مالی عبادت
بدنی اسکو کہتے ہین جو بدن سے تعلق رکھے اور ہاتھ پاؤن سے ہووے
جیسے قرآن شریف کی تلاوت کرنی اور نماز اور حج وغیرہ اور عبادت مالی
اسکو کہتے ہین جو مال سے ہو اور اسکو بدن سے کوئی تعلق نہین جیسے روپیہ
پیسہ گوشت روٹی میٹھائی وغیرہ راہ خدا مین للہ خرچ کرنا اہل سنت وجماعت
فرماتی ہین ان دونون عبادت کا ثواب اگر کسی کو بخشے تو پہونچتا ہے
صاحب ہدایہ فرماتی ہین اِنَّ الْاِنْسَانَ لَہٗ اَنْ یَّجْعَلَ ثَوَابَ عَمَلِہٖ لِغَیْرِہٖ صَلٰوۃً
اَوْصَوْمًا اَوْصَدَقَۃً اَوْغَیْرَھَا عِنْدَ اَھْلِ السُّنَّۃِ وَالْجَمَاعَۃِ ترجمہ صاحب
ہدایہ فرماتی ہین کہ اہل سنت وجماعت کے یہان جائز ہے کہ انسان اپنے روزہ
و نماز و صدقہ وغیرہ کا ثواب مردے کو بخشدے اور شرح عقائد نسفی مین ہے

وَفِیْ دُعَاءِ الْاَحْیَاءِ لِلْاَمْوَاتِ صَدَقَۃٌ لَّهُمْ عَنْهُمْ وَنَفْعٌ لَّهُمْ خِلَافًا لِلْمُعْتَزِلَۃِ

ترجمہ زندون کا مردون کے لیے دعا کرنا صدقہ ہے اور انکو نفع پہونچتا ہے لیکن معتزلہ اسکے خلاف ہین فقط اسلئے بادر اجل کے غیر مقلدین اور دیوبندی وہابی معتزلہ ہی کے پیرو ہین اور انھین کے چیلے ہین اور حدیثین بھی اس بارے مین بہت وارد ہوئی ہین مولانا قاضی ثناء اللہ تذکرۃ الموتی مین بعد ذکر احادیث ایصال ثواب کے فرماتے ہین لہذا جمہور فقہا حکم کردہ اند کہ ثواب ہر عبادت بمیت می رسد شرح فقہ اکبر مین ملا علی قاری نے لکھا ہے

فذھب ابو حنیفۃ واحمد وجمھور السلف الی وصولہا

اسلیے جب دونون عبادت کا ثواب میت کو پہونچتا ہے تب کھانا پکا کر یا شیرینی لاکر اہل اسلام درود شریف و الحمد للہ الخ پڑھکر تقسیم فقرا کو کرین تو اسمین کیا خرابی ہے اور کل اولیاء کرام اسکو فاتحہ بولتے ہین حالانکہ نام فاتحہ سورہ الحمد کا ہے چونکہ اسوقت الحمد پڑھتے ہین اسکا نام فاتحہ رکھا ہے اور الحمد شریف کی بہت بڑی فضیلت ہے تفسیر عزیزی مین مولانا شاہ عبد العزیز صاحب فرماتے ہین اگر سورۂ فاتحہ کو ایک ترازو مین رکھین اور تمام قرآن شریف دوسرے پلہ مین تو فاتحہ یعنے الحمد غالب آویگی سات حصہ اور تفسیر روح البیان مین ہے جس نے پڑھی الحمد اسکو اللہ تعالی ثواب کل قرآن پڑھنے کا دیگا اور گویا اس نے صدقہ کیا کل مومنین اور مومنات پر الخ بلاد اسلام مین جب کوئی ایصال ثواب کرنا چاہتا ہے تو کھانا وغیرہ پکا کر جو عبادت مالی ہے لاتا ہے اور سورۂ فاتحہ جو عبادت بدنی ہے پڑھتا ہے اور پانچ آیہ قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہین اسلیے اسکا نام فاتحہ رکھا گیا تسمیۃ الکل باسم الجزء منکرین نے نام فاتحہ کا سمی فاتحہ رکھا ہے اور اپنی درگاہ مین لانیکا نام سنت مطلوبہ

فاتحہ مقصودہ رکھا ہے عیاذاً باللہ سبحانہ عن ھذہ البلاء العظیم
ماحبان بصیرت سے امید ہے کہ بغور ملاحظہ فرمادینگے فاتحہ مین کونسا مانع شرعی
ور فطور شوکت اسلام ہے درود و الحمد جو پڑھے گئے عبادت بدنی ہے شیرینی کھانا
غیرہ عبادت مالی ہے اور فقہ و عقائد مین ثابت ہو چکا ہے کہ دونون عبادتون کا
ثواب میت کو پہونچتا ہے زید جو کہتا ہے کہ عبادت بدنی و عبادت مالی دونون کو
جمع کرنا آپ قرآن و حدیث و فقہ سے دکھلائے یہ اسکی تبحر علمی و خوش فہمی کی
دلیل ہے مثلاً گوشت گائے اور بکری کا کھانا تو قرآن سے ثابت ہے ایسا ہی گھی کھانا
بھی ثابت ہے اب اگر کوئی ناقص العقل سوال کرے گوشت کو گھی سے
ملا کر کھانا حدیث و قرآن و فقہ سے دکھلاؤ جب ہم مجموعہ کو کھانا درست
مانینگے بھلا ایسے مالیخولیا کا جواب کون دیگا زمرۂ عاقل کے قابل مضحکہ
بنیگے بمضمون قرآن شریف ایسے جاہل سے خاموشی بہتر اور یہی اچھا ہے
کما قال اللہ تعالیٰ و اذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاما
منکر کہ بقرآن و خبر زو نرہی + آنست جوابش کہ جوابش ندہی + اور جب حدیث
مین جمع عبادتین کی نہی نہین آئی تو اصل حکم قاعدۂ شرعی کے مطابق اباحت ہے
حضرت علیؓ ایکدن نماز پڑھاتے تھے ایک سائل مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین
آیا اور سوال کیا کسی نے کچھ ندیا سائل نے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہا یا اللہ
تو گواہ ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد مین سوال کیا کسی نے کچھ ندیا
حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جس انگلی مین انگشتری تھی اُس انگلی کی طرف اشارہ
کیا حالانکہ آپ رکوع مین تھے سائل نے انگلی شہادت سے انگشتری
لے لی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم نہین کیا تھا کہ بوقت نماز کے
جو کہ عبادت بدنی ہے صدقہ دینا یعنے جو کہ عبادت مالی ہے اسکے ساتھ جمع کریں لیکن

آپ نے نیک کام کیا اس سبب سے فلاح دارین پائی اور اُنکی شان مین یہ آیت نازل ہوئی اَلَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَہُمْ رَاکِعُوْنَ ہ تفسیر کبیر و معالم التنزیل ملاحظہ فرماؤ اور مخالف کہتا ہے کہ فاتحہ سے تشبہ ساتھ ہنود کے لازم آتا ہے ہندو لوگ بھی بت کے سامنے کالی کے گھر مین مٹھائی لیکر جاتے ہین اور حدیث مین آیا ہو مَنْ تَشَبَّہَ بِقَوْمٍ فَہُوَ مِنْہُمْ اقول تشبہ مصدر ہے ماخذ اس کا لفظ شبہ بالکسر معنی مانند کے ہے پس معنی تشبہ کے مانند کسی کے ہوجانا جب تشبہ کے معنی معلوم ہوگئے تو فاتحہ دینے والا کونسا فعل مانند ہنود کے کرتا ہے مثلاً ہم قرآن شریف خیر کے سامنے رکھکر جو عبادت مالی اور بدنی ہی کرتے ہین اور سورۂ فاتحہ کہ جس مین امداد و استعانت خاص ذات پاک ہی سے ہے طلب کرتے ہین اور اُسکی حمد کرتے ہین وہ مالک دو جہان ہو اُسی سے ہدایت طلب کرتے ہین اور کلمہ لا الہ الا اللہ جو کفر شکن ہے پڑھتے ہین اور ہنود اپنے پنڈت سے کلمات کفر کے بکواتے ہین اور بت سے مدد طلب کرتے ہین تو بھلا اُن سے کیسے مشابہت ہوئی بلکہ مخالفت ہوئی یعنے ہم وہ کام کرتے ہین جو مخالف کفار ہو اور کافر وہ کام کرتے ہین جو مخالف اسلام ہے مثلاً مغرب و صبح کے وقت وہ ناقوس بجاتے ہین اور ہم اذان دیتے ہین وہ کلمات کفر بکتے ہین وہ پوجا کرتے ہین ہم اپنے معبود کی عبادت کرتے ہین حالانکہ ایک ہی وقت ہو مگر کچھ تشبہ نہین دیکھو جب ہم مکہ شریف مین جاتے ہین آب زمزم لاتے ہین ہنود جب گیا جاتے ہین آب جمنا لاتے ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایکدن یہود نے آکر عرض کیا کہ روز عاشورا مین ہم لوگ روزہ رکھتے ہین کیونکہ وہ دن غرق فرعون و نجات حضرت موسیٰ علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام کا ہو آپ نے

فرمایا اَنَا اَحَقُّ بِمُوْسٰی مِنْکُمْ فَصَامَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَاَمَرَ النَّاسَ بِصِیَامِہٖ یعنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین مستحق زیادہ ہون موسی علیہ السلام کا تم سے پس روزہ رکھا آپ نے اور حکم دیا لوگون کو آنام بیہقی نے نقل کیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ یہود و نصاری روز عاشورا کے روزہ رکھتے ہین تب آپنے فرمایا ہم زیادہ حقدار ان لوگون سے ہین پس اگر سال آئندہ تک باقی رہون تو ایکدن اول عاشورا سے اور ایکدن بعد عاشورا کے روزہ رکھون گا آپ ملاحظہ فرمائیے اول و آخر دو دن ملانے سے کیا تشبہ ہوا ایسا ہی ہندو بھی اگرچہ میٹھائی سامنے رکھتے ہین اور ہم بھی رکھتے ہین لیکن وہ کلمات کفر لیتے ہین استعانت غیر اللہ سے طلب کرتے ہین ہم آیہ قرآن کی تلاوت کرتے ہین اسکی توحید لا شریک لہ کی گواہی دیتے ہین پس تشبہ نرہا اور کفار سے ہر بات مین تشبہ مراد نہین ہے صاحب بحر الرائق فرماتے ہین کما قال فانا ناکل ونشرب کما یفعلون ہ یعنے اسلیے کہ ہم بھی کھاتے ہین اور پیتے ہین جس طرح کہ وہ کھاتے پیتے ہین اور در مختار مین ہے اگر ارادہ کرے آدمی اُنکے ساتھ مشابہت کا جس چیز مین کہ مشابہت کرتا ہے اور وہ شرع مین مذموم بھی ہو تو اُس وقت تشبہ مکروہ ہے کما قال ان قصد فان التشبہ بہم لا یکرہ فی کل شئ الخ اور زید جو کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانا سامنے رکھکر کبھی کچھ پڑھا نہین یہ بات غلط و افترا ہے کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے کے سامنے دعا پڑھی ہے تاکہ آپ واسطے برکت و حاجت کی دعا پڑھتے تھے تاکہ طعام قلیل سے بہت لوگ آسودہ ہو جاوین جب مطلقاً دعا پڑھنی ثابت ہے تو جس مقصد کے لیے پڑھی جاویگی جائز ہوگی مثلاً قرآن شریف کا جب تلاوت کرنا ثابت ہے بوقت جان کندنی کی

اور یہ واسطے تخفیف سکرات کی تلاوت کرتے ہین اور بعض وقت واسطے نورانیت
قلب کی تلاوت کرتے ہین جب تلاوت کرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے ثابت ہی تو جو کوئی جس مطلب کیواسطے تلاوت کرے گا جائز ہوگا حدیث
ام سلیم رضی اللہ عنہا جو مشکوۃ شریف مین بروایت مسلم و بخاری موجود ہی
کہ حضرت کی گرسنگی کا حال معلوم کر کے اُس نے چند روٹیان جو کی پکا کر دوپٹہ
کے پلہ مین باندھین قصہ طویل ہی آخر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن روٹیونکو
توڑوا یا ملیدہ کی طرح جو کچھ گھی برتن مین لگا تھا ٹپکا یا پھر حضرت نے کچھ
الفاظ دعا کی قسم سے پڑھے پھر دس دس آدمیونکو بلا کر کھلانا شروع کیا
اسّی آدمی کو پیٹ بھر کر کھلا دیا پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر کے
آدمیون کو پیٹ بھر کر کھلایا پھر بھی بچ رہا ازان جملہ حدیث بروایت مسلم
و بخاری انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہین میری والدہ نے ایک بادیہ مین کھانا
کھجور اور گھی اور دہی کا مرکب بنایا ہوا بھیجا آپنے اُسپر پڑھا جو کچھ اللہ تعالیٰ
کو منظور تھا پھر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دس دس آدمیونکو بلاتے گئے
قریب تین سو آدمیون کے آسودہ ہو کر کھا گئے فرمایا اُٹھا اے انس اپنا بادیہ جو
بادیہ اُٹھایا تو حیرت مین رہگیا کھانا آگے سے بھی زائد موجود ہی ازان جملہ
حدیث غزوہ تبوک کی مشکوۃ مین بروایت مسلم مذکور ہی جب لوگ گرسنہ
ہو گئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دعا کرانی چاہی آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم سے تب آپنے فرمایا دستر خوان بچھواؤ اور لے آؤ جو کچھ جس کسی کے
پاس کھانا بچا ہوا ہو تب کسی نے مٹھی جو کی کسی نے مٹھی کھجور کی کسی نے
ٹکڑا روٹی کا جو کچھ بچا ہوا تھا لا کر حاضر کیا بہت تھوڑا ذخیرہ جمع ہوا پھر آپنے
اُس پر دعا فرمائی اور فرمایا بھر لو اپنے برتنون کو جس قدر لشکر تھا سب نے بھرے اپنے تمام برتن

بھر پیے اور خوب کھایا اور پھر بھی کھانا بچ رہا شار حین لکھتے ہین کہ اُسوقت لشکر مین لاکھ آدمی موجود تھے پس معلوم ہوا کہ لاکھ آدمی اسبات پر گواہ ہوے کہ کھانا سامنے رکھکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو مقصود تھا اللہ تعالیٰ سے طلب کیا اور صاحب فاتحہ کو جو مقصود ہوتا ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ سے طلب کرتا ہے حدیث سے ثابت ہوا کہ کھانا سامنے رکھکرے دعا مانگنا جائز ہے اور دعا کے معنی شرع مین السوال من اللہ کے لکھے ہین مولانا حاجی امداد اللہ صاحب ضیاء القلوب کے صفحہ ۹ مین فرماتے ہین بعد ازان ختم وفاتحہ بارواح مشائخ طریقہ الخ الیضاً ضیاء القلوب صفحہ ۵۵ معوذتین وکلمہ تمجید خواندہ استعانت واستمداد از ارواح مشائخ طریقت الخ الیضاً صفحہ ۹۹ فاتحہ بارواح ہادی عالم صلی اللہ علیہ وسلم ومشائخ طریقت خورد نخوانند از روحانیت ایشان درباب حصول استعانت واستمداد نماید الخ جناب مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ مین فرماتے ہین پس دہ مرتبہ درود خوانند ختم تمام کنند وبر قدرے شیرینی فاتحہ بنام خواجگان چشت عموماً بخوانند وحاجت از خدا تعالیٰ سوال نمایند الخ زبدۃ النصائح مین مولانا برہان الدین صاحبؒ صفحہ ۵۶ مین فرماتے ہین ہمین ست مضمون فاتحہ مرسومہ پس ثواب درود والحمد وقل ہو اللہ ہم ثواب بذل طعام مند در بروح آنجناب خواہد رسید اسی کتاب کے صفحہ ۱۳۶ استفتائے مولانا شاہ ولی اللہ صاحبؒ مین ہے کہ ایک شخص نے سوال کیا تھا کسی کے نام کا مرغا یا بکری ذبح کیجائے درست ہے یا نہین اور ملیدہ یا شیر برنج وغیرہ پر نیاز اولیاء اللہ درست ہے یا نہین جواب مین فرمایا بکری ومرغا وغیرہ حرام ہے طعام ملیدہ وغیرہ درست ہے کما قال اگر ملیدہ یا شیر برنج بنا بر فاتحہ بزرگی

بقصد ایصال ثواب بروح ایشان پزند و بخورانند مضائقہ نیست و طعام نذر اللہ اغنیارا خوردن حلال نیست واگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ شد پس اغنیار را ہم خوردن جائز است انتہیٰ دار المعارف کے مولانا شاہ غلام علی صاحبؒ صفحہ ۲ مین فرماتے ہین ایک شخص مرید ہونے کے لیے حضور کے پاس آیا آپ نے فرمایا تو در کدام طریقہ ارادۂ بیعت داری آن شخص عرض نمود کہ خاندان قادریہ حضرت ایشان فاتحہ بارواح غوث الاعظم و جمیع اولیاے سلسلۂ قادریہ خواندند ایضاً صفحہ ۷۰ بعد ازان شیرینی طلبیدند و مولوی بشیر صاحب را اجازت طریقہ دادند و خرقہ و کلاہ مبارک خود پوشانیدند و فاتحہ بارواح بزرگان طریقہ عالیہ نقشبندیہ خواندہ استمداد از پیران خواستند و بسیار دعا در حق ایشان نمودند ایضاً حضرت ایشان فرمودند کہ امروز مرا از غیب ہمین گفت کہ زود نیاز حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ باید کرد پس شیرینی طلبیدہ نیاز نمودند انتہیٰ حضرت سید احمد صاحب مرشد مولانا کرامت علی صاحب صراط مستقیم مین فرماتے ہین اول طالب را باید کہ با وضو دو زانو بطور نماز بنشیند و فاتحہ بنام اکابر طریقہ یعنے حضرت خواجہ معین الدین چشتی و خواجہ قطب الدین بختیار کاکی وغیرہما خواندہ التجا بجناب ایزد پاک بتوسط این بزرگان نماید انتہیٰ دار المعارف صفحہ ۱۲ اکر طریقۂ توجہ حضرت علیۂ نقشبندیۂ مجددیہ مظہریہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کہ بما رسیدہ است او بیاران خود میکنم برین نہج اول فاتحہ برارواح طیبہ حضرت امام الاولیاء سند الاصفیا سید الانبیاء احمد مجتبیٰ محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم و حضرات پیران کبار فلان فلان خواندہ دعا و تضرع از جناب الٰہی نمودہ استمداد از پیران خواستہ متوجہ بطرف قلب طالب میشوم ایضاً صفحہ ۱۰۲ ایک شخص مرید ہونے آیا آپ نے سوال کہ در کدام طریقہ

شیرینی، ارادۂ بیعت داری آن شخص عرض نمود کہ در طریقۂ قادریہ حلقۂ بندگی
در گردن اخلاص انداختہ بیعت خواہم نمود ایشان شیرینی طلبیدہ بروح
پرفتوح سید الاولین والآخرین علیہ افضل صلوۃ المصلین و ازکی سلام
المسلمین و بروح طیبۂ حضرت غوث اعظم سید محی الدین عبد القادر جیلانی
رضی اللہ عنہ و بارواح پیران ایشان تا بہ آن سرور علیہ صلوۃ الملک
الاکبر نام بنام و متوسلان طریقۂ ایشان تا بہ حضرت مولانا قبلتنا و ہادینا منبع
رحمان حضرت مرزا مظہر جان جانان رضی اللہ عنہم اجمعین خواندند الخ
حضرت مولانا شیخ عبد اللہ صاحب گجراتی وصیت نامہ مین لکھتے ہین تخصیصات
اور وضائع تراکیب ماکولات و تعینات در مفردات لفاتحہ و نیاز اسمائے
بزرگان از رسوم صالحہ است انتہیٰ اور جامع الاوراد مین ہے اگر بر طعام
فاتحہ کردہ بفقرا دہد البتہ ثواب میرسد الخ ایضا صفحہ ۱۲۲ حضرت ایشان فرمودند
کہ ہر روز در خلوتے رفتہ دوگانہ ادا نماید و فاتحہ بزرگے خواندہ متوجہ بروح
آن بزرگ بنشیند الخ فاتحہ دینے کی ترکیب یہ ہے کہ اول مکان طاہر لباس
طاہر باوضو مٹھائی وغیرہ لاکر سامنے رکھکر اول الحمد و قل ہو اللہ و پانچ آیت
فتح تلاوت کرے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے نام بنام الگ الگ
اہل و عیال غرض کرے لیکن اول حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا الگ کرے بعدہ
سب کے نام پر الگ الگ ثواب رسانی کرے چنانچہ امام الطریقہ شاہ غلام علی
مکتوب در المعارف صفحہ ۱۰۲ مین فرماتے ہین اور یون فاتحہ تحریر درج بروح پرفتوح
سید الاولین و الآخرین علیہ افضل صلوۃ المصلین و ازکی سلام المسلمین و بروح
حضرت غوث اعظم سید میر محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ و بارواح ایشان
تا آن سرور علیہ الصلوۃ والسلام نام بنام و متوسلان طریقۂ ایشان تا بحضرت

مرزا مظہر رضی اللہ عنہ کرتے تھے ایسا ہی اگر کسی کو پیران نقشبندیہ کی روح پر فاتحہ
دینا منظور ہو تو رسول اللہ سے تا آخر شجرہ کے دیوے یا جس کو منظور ہو کر اپنے باپ
یا دادا کے لیے ثواب رسانی کرے تو اول حصہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا الگ
کرکے پھر باپ کی روح پر بعدہ دادا کی روح پر بخشدے چنانچہ مجدد صاحب رضی اللہ
عنہ مکتوبات کی جلد ثالث میں فرماتے ہین باید کہ ہر گاہ صدقہ بمیت نیت کند اول
باید کہ بنیت آن سرور علیہ وآلہ الصلوٰۃ والسلام ہدیہ جدا سازند بعد ازان تصدق
کنند کہ حقوق آن سرور علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام فوق حقوق دیگر است
ونیز برین تقدیر احتمال قبول صدقہ است بطفیل آن سرور علیہ الصلوٰۃ
والسلام والتحیات طرفہ یہ ہے کہ غریب ننگے بھوکے خاک مین لوٹا کرین اور مرے غار
تنگ مین تڑپا کرین اور مفتی صاحب ہادہ اللہ تعالیٰ فی الدین والدنیا بند کرنے امداد
موتی مین کوشش کر رہے ہین جناب مولانا اسمٰعیل صاحب کا تب
صراط مستقیم لکھتے ہین پس پندارند کہ نفع رسانیدن باموات باطعام وفاتحہ
خوانی خوب نیست چہ این معنی بہتر وافضل است آورہ مولانا شاہ عبدالعزیز
صاحب سوالات عشرہ مین فرماتے ہین دسوین محرم مین جو نیاز امام حسنین
رضی اللہ عنہما کی دیجاتی ہے طعامیکہ ثواب آن بنام امامین نمایند وبران فاتحہ
وقل ودرود خوانند تبرک میشود الخ فتاوی عزیزیہ مین مولانا شاہ عبدالعزیز
صاحب فرماتے ہین کہ زیارت وتبرک قبور صالحین وامداد ایشان بابداے
ثواب تلاوت قرآن ودعاہاے وتقسیم طعام وشیرینی امر مستحسن وخوب است
باجماع علماء الخ عبارت فتوی عزیزیہ سے خوب معلوم ہوا کہ نزدیک قبر
کے شیرینی لیجانا ایصال ثواب کے لیے اور تبرک لانا عمدہ ہے حضرت مجدد صاحب
رضی اللہ عنہ مکتوبات مین اپنے فرزند حضرت مولانا محمد صادق علیہ الرحمۃ کو لکھتے ہین

کے انتقال کے بعد تحریر کرتے ہین فرزند مرحوم خواجہ محمد صادق بجوار رحمت حق پیوستند خود را فدائے عموم خلائق ساختند انا للہ وانا الیہ راجعون ۰ قوت ایشان بہ بیکسان و با محسوس گشت و مردم شہر در واقعات دیدند کہ میان محمد صادق می فرمایند کہ این بلیہ را من برخود گرفتم و دور وزاست کہ در شہر تسکین است مردم آن قدر بر قبر ایشان غلوہ دارند روزانہ فاتحہ خواندن میسر می گردد زمانیکہ شفا یابند نیاز ہا آرند انتہٰی اے برادر قبروں انبیاء علیہم السلام و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و ازواج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و اصحاب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ایسا ہی اولیاء کرام کے روضہ کے پاس جو نذر نیاز لیجاتے ہین صرف اس مقصود کے لیے کہ یہ لوگ واصلان حق ہین اور زندہ ہین اور اللہ کے پیارے ہین یہ لوگ ہماری سفارش کرین گے انکی سفارش کرنے سے ہمارے کام بخوبی انجام کو پہونچینگے اور درگاہ مین جو زائرین خادم فقراء بھوکے پیاسے رہتے ہین اور زائرین دور دور سے آتے ہین وہ لوگ اسکو کھاکر ذکر الٰہی مین بفراغت مشغول ہون اسمین کیا مضائقہ ہے بلکہ مستحسن ہے باجماع علماے دین رضی اللہ عنہم ہان اگر کوئی اولیاء کرام کو خدا جانے اور یون گمان کرے کہ ہمارے جو مقاصد ہین انھین سے حاصل ہوتے ہین اللہ کو غیر خیال کرے تو کفر ہے اگر یہ گمان کرے کہ اُن سے سوال کرتا ہون آپ درگاہ حق سے دلائینگے کچھ مضائقہ نہین جیسا کہ بھوک کے وقت کسی سے کھانا طلب کرتے ہین حالانکہ رزق کا مالک اللہ تعالےٰ ہے لقولہ تعالےٰ ﴿وما من دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقھا﴾ ترجمہ اور ہر ایک زمین پر چلنے والے کا رزق اللہ پر ہے دوسرے کے ذمہ پر نہین ہے باوجود اس کے لوگون سے یا ناتوانی سے کھانا طلب کرنا منع نہین ایسے ہی تصدیق دلی اللہ

صاحب کو رکھنا اور انکو وسیلہ خیال کرنا چاہیے وگرنہ کفر و شرک مین مبتلا ہو گا اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ والسلام

فصل ہشتم در بیان عرس محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم و پیران طریقت

اے برادر حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم کا عرس کرنا اور ایسا ہی ازواج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و اولاد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و اولیاے امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عرس کرنا منع نہین ہے سلف سے خلف تک امام الطریقت مجتہد طریقت قبر شریف پر حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہ کے ہر سال عرس کرتے چلے آئے ہین کسی نے انگشت نمائی نہ کی چنانچہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب و مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کے دو فتوے شمس العارفین مین مع توضیح کے نقل کر دیے گئے ہین جسکو شبہہ ہو فتاوی عزیزیہ اور سولات عشرہ اور زبدۃ النصائح و مجمع الفتاوی ملاحظہ کر لیوے باقی بعض بزرگون نے جو منع کیا ہے بوجہ اسباب کے کہ جاہلون سے کتب تصوف کے خلاف بہت سی کام عرس مین ہونے لگے تھے مثلاً طائفہ داروں یعنی رنڈیون اور نقالون اور بھڑوون کو لانا اور ڈھول بجانا اور مثل اسکے ممنوعات شرعیہ کرنا جو شرعاً حرام ہین باقی روز وفات ہر سال نزدیک کے مجتمع ہونا وختم قرآن و فاتحہ اور پر شیرینی کے دینا واسطے ایصال ثواب کے اور لوگون مین تقسیم کرنا یہ مستحسنات مین سے ہے شمس العارفین و در المعارف و اذکار احمدیہ وغیرہ ملاحظہ فرماؤ زبدۃ النصائح کے صفحہ ۴۴ مین مولانا عبدالحلیم صاحب پنجابی نے حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی سے سوال کیا تھا جو تم ہر سال اپنے باپ کا عرس کرتے ہو

آیا عرس کو تم نے فرض سمجھ رکھا ہے مولانا شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہ
انکے جواب مین لکھتے ہین آین طعن مبنی ست بر جہل احوال مطعون علیہ زیرا کہ
غیر از فرائض شرعیہ مقررہ ہیچ کس فرض نمیداند زیارت و تبرک بقبور صالحین
و امداد ایشان باہداء ثواب و تلاوت قرآن و دعاے خیر و تقسیم طعام
و شیرینی امر مستحسن و خوب است باجماع علما تعین روز وفات برای عرس
آنست کہ آن روز مذکر انتقال ایشان مے باشد از دار العمل بدار الثواب
حالا اگر ہر روز این عمل واقع شود موجب فلاح و نجات است خلف را لازم
کہ سلف خود را باین نوع بر و احسان نمایند انتہی اور روز عرس قبر کے پاس حاضر
نہو سکے تو اپنے مکان مین کھانا وغیرہ پکا کر فاتحہ دے اور لوگون کو کھلاے یہ طریقہ
پیران طریقت ہی جیسا کہ حضرت امام الطریقت مولانا شاہ غلام علی شاہ صاحب
در المعارف مین فرماتے ہین ہشت دہم رمضان حضرت ایشان فرمودند کہ
امروز وفات شریف حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا و حضرت شیخ الشیخ مولانا محمد عابد
رضی اللہ عنہ است و حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ درین روز مجروح شدہ
اند بعد از ان بجہت فاتحہ ایشان امر بطعام پختن فرمودند ایضاً کاتب در
معارف مولانا رؤف احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہین روز دوشنبہ تاریخ ہشت
ہم شہر ربیع الآخر سنہ ۱۲۳۱ھ در مجلس شریف حاضر شدم دران روز عرس
حضرت محبوب الٰہی نظام الدین اولیاء بود من از حضرت ایشان مرخص شدہ
زیارت مزار پر انوار حضرت نظام الدین اولیاء رضی اللہ عنہ رفتم تمام روز آنجا
ماندم بوقت شام در حضور آمدم چون در حضور والا حاضر شدم حضرت ایشان
شاد فرمودند ہر کہ فاتحہ بنام نبی از انبیاء عظام و یا ولی از اولیاء کرام خواند
ہم بطرف آن نبی و ولی شدہ نشنید از فیض شان البتہ بہرہ ور گردد ایضاً

صفحہ ۹۰ حضرت ایشان فرمودند کہ من ہم تا قوت در پا بود و توانائی در اعضا پیادہ
در مجلس عرس قبلۂ عالم خواجہ محمد زبیر رضی اللہ عنہ حاضر میشدم و مشاہدہ نمودم
اب فقیر اس مقام پر اثبات عرس کیلئے ایک فتوی حضرت خاتم المحدثین مولانا شاہ عبد العزیز صاحب و مولانا
شاہ رفیع الدین رضی اللہ عنہما کا نقل کرتا ہے در فتوی عزیزی در سوالات عشرہ
در جواب سائل کہ سوال از جواز تقرر و تعیین روز بعد سال بنابر رفتن بزیارت
بزرگان نمودہ می نویسند کہ رفتن بر قبور بعد سال یکروز معین کردہ سہ صورت
است اول آنکہ یکروز معین نمودہ یک شخص یا دو شخص بغیر ہیات اجتماعیہ مردم کثیر
بر قبور محض بنابر زیارت و استغفار روند این قدر از روی روایات صحیحہ ثابت بلکہ بست
در تفسیر در منثور نقل نمودہ کہ ہر سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بر مقابر میرفتند و دعای
مغفرت اہل قبور مینمودند این قدر ثابت ست و مستحب دوم بہیئت اجتماعیہ مردم کثیر
جمع شوند و ختم کلام اللہ کنند و فاتحہ بر شیرینی و طعام نمودہ تقسیم در میان حاضران
نمایند این قسم معمول زمانہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم و خلفای راشدین نبودہ
اگر کسی این طور بکند باک نیست زیرا کہ درین قسم قبح نیست بلکہ فائدہ احیاء
و اموات را حاصل میشود سوم طور جمع شدن بر قبور این است کہ مردمان
یکروز معین نمودہ لباسہای نفیس و فاخرہ پوشیدہ و مثل عید شادمان
شدہ بر قبہ ہا جمع شوند و رقص و سماع با مزامیر و دیگر بدعات ممنوعہ مثل سجود
برای قبور و طواف گرد ان قبور می نمایند این قسم حرام بلکہ بحد کفر میرسد
و ہمین محل این ہر دو حدیث است ولا تجعلوا قبری عیدا ولا تجعلوا
قبری وثنا چنانچہ در مشکوٰۃ موجود است انتہی و نیز مولانا شاہ عبد العزیز
صاحب در جواب سائلی کہ سوال از جواز عرس بزرگان نمودہ نوشتہ اند
کہ زیارت و تبرک بقبور صالحین و امداد ایشان باہدای ثواب تلاوت قرآن

و دعای خیر و تقسیم طعام و شیرینی امر مستحسن و خوب ست باجماع علماء و تعین روز برای
آنست که آن مذکر انتقال ایشان میباشد از دار العمل بدار الثواب و الا هر روز که این
عمل واقع شود موجب فلاح و نجات ست و خلف را لازم ست که سلف خود را باین
نوع بر و احسان نماید چنانچه در حدیث مذکورست ولد صالح یدعوله و تلاوت
قرآن و اهدای ثواب اعبادت موتی قرار ندادن مبنی بر کمال بلادت و فرط جهل ست
آری اگر کسی سجده و طواف و دعا نحو یا فلان افعل کذا بعمل آرد البته مشابهت
باعبدة الاوثان کرده باشد و چون چنین نیست پس چرا محل طعن باشد و در در منثور
مرقوم است اخرج ابن المنذر و ابن مردویه عن انس رضی الله عنه ان رسول الله
صلی الله علیه وسلم کان یاتی احدا کل عام فاذا اتی الشعب سلم علی قبور الشهداء
فقال سلام علیکم بما صبرتم الخ و اخرج ابن جریر عن محمد بن ابراهیم قال کان النبی
صلی الله علیه وسلم یاتی قبور الشهداء علی راس کل حول فیقول سلام علیکم
بما صبرتم فنعم عقبی الدار و کان ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی الله تعالی عنهم یفعلون هکذا
و نیز مولانا ممدوح در جواب سائلی که استفسار از مجلس محرم و مرثیه خوانی نموده بود افاده
فرموده که در تمام سال دو مجلس در خانه فقیر منعقد میشود مجلس مرثیه خوانی ذکر شهادت
حسنین و ذکر مولود شریف و تمام عبارت آن جواب بعینها در فصل سابق نوشته شده
است من شاء فلینظر ثمه انتهی و نیز مولانا عبد العزیز صاحب در تحفه ارشاد
فرموده اند که در صحیح بخاری در باب من جعل لاهل العلم ایاما معلومة مذکور است
و کان عبد الله یذکر الناس فی کل خمیس یعنی حضرت عبد الله پند میداد مردم را بروز پنجشنبه پس
بر طبع سلیم و عقل مستقیم البته پوشیده نباشد که این تعیین و تخصیص روز پنجشنبه برای
وعظ و تذکیر که عبد الله بن مسعود رضی الله عنهما از طرف خود ایجاد کردند در عهد آنحضرت
صلی الله علیه وسلم نبود چه باعث شد که عبد الله بن مسعود باعث ترک کلیة الابداع

کما یکون فی الفعل یکون فی الترک گردیده معاذ اللہ خویشتن را مرتکب کراہت بدعت فرمود
پس این روایت بخاری اظہر من الشمس و ابین من الامس است کہ تعیین و تخصیص روز برائے عمل
خیر اگر چہ آن روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ماثور نباشد جائز و مستحسن است دوسرا فتویٰ مولانا
شاہ رفیع الدین صاحب قدس سرہ کا بعینہ نقل کرتا ہوں بسم اللہ الرحمن الرحیم بر سر قبر
بزرگی در سال جمع آمدن و آنرا روز وفات و عرس قرار دادن باوجودیکہ زمان امر
سیال غیر قار است اما آنچہ تقدیر کردہ میشود زمان را از شب و روز و ماہ و سال بنا بر
شرعا و عرفا دورہ مقرر است چون دورہ تمام می شود باز از سر شروع میشود بہمین حساب
رمضان بشہر صوم و ذی الحجہ بہ پیش حج و ہمچنین شہور دیگر در دورہ حکم اتحاد یا نظیر دادہ
میشود چنانکہ در حدیث است کہ یہود عرض در حضور نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کردہ حق تعالیٰ
نجات حضرت موسیٰ علیہ السلام و غرق فرعون درین روز عاشورا کردہ است برائے
شکرانہ روزہ میگیریم جناب حضرت نبوت صلی اللہ علیہ وسلم فرمودہ انا احق بموسیٰ منکم
فصام یوم عاشوراء و امر الناس بصیامہ و نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم بلال را وصیت
کردند بصوم روز دوشنبہ فرمودہ اند فیہ ولدت و فیہ انزل و فیہ ہاجرت و فیہا اموت
بنا بر این یاد کردن آن تاریخ و آن ماہ رسم مردم افتادہ چون مردمان ازین جہان
بمحافظت این رسم گذشتہ اند ایشان را انتظارے بسوئے خلف یا کسی دیگر از اقارب
خود میباشد پس رفع انتظار آن فائدہ است معتد بہ و بمعاملات مکاشفہ دریافت
شدہ کہ چنین روز اجتماع ارواح دوستان خداہ بعالم برزخ ہم میشود پس با مداد
بدعا و ختم طعام بدعتی مباح است و وجہ قبح ندارد الخ انتہیٰ حاصل کلام یہ ہے کہ
ان سب تقریرون سے چند باتین معلوم ہوئین اول بعد سال کے لوگون کا مجتمع ہونا پیران
طریقت کی قبرون پر واسطے زیارت بزرگان کے اور ختم قرآن کرنا اور فاتحہ اور
شیرینی کے دینا یا کھانے پر فاتحہ دیکر تقسیم کرنا یہ قسم اگرچہ معمول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

خلفای راشدین کے وقت مین نہ تھا لیکن جب برائی کی کوئی وجہ نہین پائی جاتی ہو
تو کچھ ڈر نہین بلکہ فائدہ زندہ اور مردہ سب کو حاصل ہوتا ہو بلکہ مستحسن ہے اور
یہ بھی معلوم ہوا کہ ہونا کسی فعل کا افعال خیر مین سے زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
و خلفای راشدین مین موجب عدم جواز و کراہیت و بدعت سئیہ ہونے کا نہین ہو
اور یہ فائدہ ہے اوپر قول حضرت امام شافعی علیہ الرحمۃ کے کہ مختار امام نووی وغیرہ
علمای دین کا ہے جو کام خلاف قواعد شرعیہ کے نہو اور امور خیر مین سے ہو تو مستحسنات
و بدعات حسنہ سے ہو لہذا اگر اجتماع ہونا لوگون کا ولادت کے دن یا وفات کے دن
خالی ممنوعات شرعیہ کی ہو البتہ بدعت سئیہ ہو اور ناجائز ہے اور تعین کرنا روز یا مہینہ
واسطے عرس بزرگان دین کے کہ وہ روز وفات ہو یا منعقد کرنا مجلس میلاد شریف کا
ربیع الاول وفات کے دن اور ایسا ہی مجلس ذکر شہادت امام حسن و حسین ماہ محرم
روز عاشورہ مین یا اور دنون مین اور سننا سلام اور مرثیہ اور بکا اور گریہ کرنا اوپر
حال شہدای کربلا کے جائز و درست ہو اور اگر روز عرس کو عید قرار دیوے اور
ممنوعات شرعیہ بلا ضرورت چراغ جلانا مثل یا شیخ محی الدین عبدالقادر
جیلانی تم ہمکو ایک بیٹا دو یا رزق دو البتہ یہ ممنوع اور حد کفر و شرک کو پہونچتا
ہے اور روز عرس یا مجلس میلاد شریف مین شیرینی لانا اور درود وغیرہ پڑھنا
ثواب رسانی روح پر فتوح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا پیران طریقت
رضی اللہ عنہم کے کرنا امر خیر مستحبات مین سے ہو اسمین کوئی وجہ قبح کی نہین ہے

آیات قرآنی سے استغاثہ ثابت ہے

اے برادر تصرف انبیاء و اولیاء اللہ کی حقیقت جب تمہارے ذہن نشین ہوگئی اب چند
دلائل آیات قرآنی سے پیش کرتا ہون تا کہ کوئی لامذہب و دشمن دین تمہارے

عقیدے کو آیت قرآنی کی الٹی تفسیر بیان کرکے خراب نکرے **سوال** حق تعالے
فرماتا ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ط یعنے تجھی کو بندگی کرتے
ہین اور تجھی سے مدد چاہتے ہین اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح عبادت
اللہ تعالی کے ساتھ خاص ہے اسیطرح استعانت بھی ذات پاک کے ساتھ خاص ہے **جواب**
جو چیز مقدور بشر نہین بلکہ اللہ تعالی کے خاص قبضۂ قدرت مین ہے اسمین خدا ہی
سے استعانت کرنی چاہیے ایسے امر کا کسی بشر سے چاہنا جائز نہین البتہ بطلب
دعا استعانت جائز و محمود ہے در التفسیر مین ہے وَمَا لَا یَقْدِرُ عَلَیْہِ اِلَّا اللہُ جَلَّ
جَلَالُہٗ لَا یُسْتَعَانُ فِیْہِ اِلَّا بِہٖ وَمِنْہُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یعنے جو خاص مقدور
باری تعالی ہے ایسے امر مین سوائے اللہ تعالی کے اور کسی سے استعانت جائز نہین ہان جو
مقدور بشر ہے اسمین بالاتفاق انسان سے جائز ہے کما قال اللہ تعالی تَعَاوَنُوْا
عَلَی الْبِرِّ وَ التَّقْوٰی ط یعنے مدد کرد اوپر بھلائی اور پرہیزگاری کے دوسری
جگہ فرمایا وَ اِنِ اسْتَنْصَرُوْکُمْ فِی الدِّیْنِ فَعَلَیْکُمُ النَّصْرُ ط جا بجا قرآن مجید مین اس قسم
کی استعانت ثابت ہے قَالَ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللہِ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ
نَحْنُ اَنْصَارُ اللہِ ط جامع صغیر مین طبرانی سے مروی ہے اُطْلُبُوا الْحَوَائِجَ
اِلٰی ذَوِی الرَّحْمَۃِ مِنْ اُمَّتِیْ تُرْزَقُوْا وَ تَنْجَحُوْا فَاِنَّ اللہَ تَعَالٰی یَقُوْلُ رَحْمَتِیْ
فِیْ ذَوِی الرَّحْمَۃِ دوسرا جواب استعانت بالغیر کا جسمین غیر پر اعتماد
کلی کیا جاے اور مظہر عون الہی نہ سمجھا جائے شرعاً ناجائز ہے اور اگر مظہر عون الہی سمجھا جائے تو جائز
ہے تفسیر عزیزی مین مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب فرماتے ہین تو اگر التفات
محض بجانب حق است و او را یکی از مظاہر عون دانستہ و نظر بہ کارخانہ اسباب
و حکمت او تعالی دران نمودہ بغیر استعانت ظاہر می نماید دور از عرفان نخواہد
بود و در شرع نیز جائز و رواست و اولیاء و انبیاء این نوع استعانت بغیر کردہ اند

در حقیقت این نوع استعانت بغیر نیست بلکہ استعانت بحضرت حق است لا غیرہ
تیسرا جواب یہ آیات احکامی نہین بلکہ غیر احکامی ہین اسی طرح پانسو حدیثین احکامی
اور تین ہزار احادیث غیر احکامی ہین تفسیر احمدی مین سورۃ الفاتحۃ
خالیۃ عن تعیین المسائل تفسیر مدارک مین ہی یجوز ان یراد الاستعانۃ
بتوفیقہ علی اداء العبادۃ تفسیر تیسیر مین ہی معناہ ایاک
نعبد بظواہرنا و ایاک نستعین فی حفظ بواطننا و ایاک نعبد علی الرجاء
و ایاک نستعین علی الخوف و ایاک نعبد علی الشکر و ایاک نستعین علی الصبر
غرض مفسرین نے اس آیت کی مختلف تفسیر کی ہی **سوال** لیس لک من الامر شیٔ
یعنے آپ کا اختیار کچھ نہین جب اختیار مسلوب ہوگیا توسل کیونکر جائز ہوگا **جواب**
یہ آیت سنہ ہجریہ مین نازل ہوئی جب بیر معونہ مین ستر صحابہ جلیل الشان کو
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے تعلیم قرآن مجید کے بھیجا تھا عامر بن طفیل نے
سب صحابہ کو شہید کر ڈالا حضرت نے ایک مہینہ تک دعای قنوت پڑھی اور اُس
قبیلہ پر لعنت فرمائی تب یہ آیت نازل ہوئی دوسرا جواب مغازی الصادقہ
مین ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ جنگ احد مین جب دندان مبارک کو کفار نے
شہید کر ڈالا اور سر مبارک کو زخمی کیا تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسی
قوم کو کیونکر نجات ہوگی جس نے اپنے نبی کے سر کو زخمی کیا اور اپنے نبی کا دانت
توڑا اور آپنے جب کفار کے لیے دعای بد کی تب آیت نازل ہوئی سوال قل لا
املک لنفسی نفعا و لا ضرا الا ما شاء اللہ یعنے کہدیجیے کہ نہین
اختیار رکھتا مین اپنی جان کے لیے کچھ نفع و نقصان کا مگر جو کچھ کہ چاہے اللہ تعالی
مفسرین فرماتے ہین کہ حضرت بدون مشیت اللہ تعالی کے ہدایت و ضلالت کے
مالک نہین ہین یا بدون اذن الہی نفع و ضرر کے کچھ مالک نہین ہین مدارک

مین ہے هُوَ اِلْهَامُ الْعَبُوْدِ لِكَيْتِهِ اور وَالتَّضِيْدِ فِي اِخْلَاصِ التَّوْحِيْدِ مین ہے
وَلَيْسَ فِيْهِمَا مَنْعُ التَّوَسُّلِ بِهِ اَوْ بِغَيْرِهِ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَوْلِيَاءِ وَالْعُلَمَاءِ
یعنے اس آیت مین اور آیت سابق مین ممانعت توسل کی نہین ہے عام ازینکہ
توسل انبیاء سے ہو یا اولیاء سے ہو یا علماء سے غرض جتنی آیتون مین منع مدد
طلب یا پکارنا غیر کو منع ہے وہان مراد آنکا اللہ سے جدا کر مدد طلب نکرو اور اللہ سے الگ سمجھ کیسا
جان کر نہ پکارو تفسیر روح البیان و معالم التنزیل و فتح العزیز و غیرہ کتب مطول
کو دیکھو اور ان دغابازون غیر مقلدون دیوبندیونکی باتون مین گمراہ نہ ہونا
قول خداوند تعالیٰ وَابْتَغُوْا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ یعنی تلاش کرو طرف اللہ کے
وسیلہ اسکو ہاتھ سے نہ چھوڑو لامذہبون کا قاعدہ کلیہ ہے کہ جب ہر طرف سے منہ کی
زبان بند ہو جاتی ہے تب کوئی آیت یا حدیث بغیر سمجھ بوجھ پڑھتے ہین اور باتین
تراش کر لوگون کو دام قفس مین پھنساتے ہین اور اولیاء اللہ جو مغز قرآن سے
ماہر ہین اور خزانے الٰہی اسمین جو پوشیدہ ہین انکو نکالتے ہین اور اسرار
الٰہی بیان فرماتے ہین اُسپر یہ انکار کرتے ہین ہزاشی، عجاب۔ اے برادر
تفسیر غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی ملاحظہ کرو تب حقیقت ان دغابازون کی
بخوبی ظاہر ہو جاویگی چونکہ اختصار رسالہ منظور ہے باین سبب قطع کلام کیا
مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ خَيْرُ الْكَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ
وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ
مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

فصل در بیان محبت پیران طریقہ و عشق الٰہی

اے برادر جب تک حضرات پیران طریقت و تاثیر محبت و عشق الٰہی سے آگاہ نہو گا

ہرگز محبت حضرات اولیاء کرام و ایصال ثواب فاتحہ و عرس وغیرہ کو تیرا دل قبول نہین کرے گا اول یہ فقیر تحفۃ العاشقین کے مضمون سے مختصرا آگاہ کرتا ہے اور جس کو زیادہ تفصیل منظور ہو ہماری شمس العارفین کو اول سے آخر تک ملاحظہ کرے انشاء اللہ تعالی مسائل تصوف کے بخوبی ذہن نشین ہو جاوینگے حدیث شریف حُبُّ الفُقَرَاءِ مِفْتَاحُ الجَنَّةِ فقرا کی دوستی جنت کی کنجی ہے

دوستی انکی ہے جنت کی کلید
دیکھ کیا ہوتا ہے تجھپہ فضل رب
بے ادب تنہا نہ وہ ہے بے ادب
بے ادب کے حق مین سن اے ہوشمند
از خدا خواہیم توفیق ادب
بے ادب سنتا ہے کب ای نیکخو
دیکھ فرماتے ہین مولانای پاک
بہتر از صد خلوت و صد طاعت ست
اسلیے فرماتی ہین رب جلیل
دور اس سے جو ہوا وہ ہے تباہ
انکی صحبت دیو کو کردے ملک
یعنے وہ ہون بہتر از صد عالمان
گر تو چاہے ہمنشینی با خدا
جو شکستہ دل ہین انکی ہو قریب

یہ حدیث مصطفے ہے اے سعید
بی ادب پر فضل حق ہوتا نہین
باز رکھو خلق کو از فضل رب
بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد
بے ادب محروم گشت از فضل رب
ایک ساعت صحبت دل سوختہ
قدر جانے اسکی کب یہ مشت خاک
سوختہ دل کون یعنی اولیا
نیک ہے انکی رفاقت ای خلیل
انکی صحبت مردہ کو زندہ کری
ہے اثر صحبت مین انکی یان تلک
انکی صحبت مین نہین آتا شقی
ہمنشین ان کا تو ہو اے باصفا
مولوی نے مثنوی مین یہ سخن
ہر کہ خواہد ہمنشینی با خدا
گو نشیند در حضور اولیا

ہمنشین یکدم تو ہو گر با ادب
یاد رکھ اس بات کو ای درد مند
کیا لکھا ہے مولوی نے وعظ و پند
بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد
ختم کر عاجز ادب کی گفتگو
تجھکو کردے مثل گل افروختہ
صحبت مردان اگر یک ساعت ست
